اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

کرشمۂ عملیات مخفی

(حصہ دوم)

علم حاضرات۔ علم ہمزاد۔ علم رمل۔ نایاب سریع الاثر۔ تیر بہدف۔ مجرب و آزمودہ عملیات و تعویذات۔ تصوراتی عمل برائے دُکھ۔ بندش جادو سحر آسیبی اثرات۔ برائے دشمن۔ مکان خالی کرانے کے اعمال۔ قرض وصول کرنا قرض سے نجات

فہرست مضامین حصہ دوم

فہرست مضامین حصّہ دوم

فہرست مضامین حصہ دوم

فہرست مضامین حصہ دوم

کتاب میں کیا ہے؟

مضمون	تعارف کتاب
عملیات کے ابتدائی اصول و قواعد	کتاب لکھتے وقت فرض کیا گیا ہے۔ کہ کتاب کو پڑھ کر عمل کرنے والا شخص عملیات و تعویزات کے ابتدائی اصول و قواعد سے ناواقف ہے۔ لہذا کتاب کے شروع میں عملیات کے تمام جملہ اصول و قواعد لکھے گئے ہیں۔ ہر ایک عامل کیلئے ضروری ہدایات کس دن کس کام کے لیے عمل کرنا چاہیے۔ تقسیم اوقات۔ منزلات کے اثرات۔ آداب نقش۔ حصار۔ عامل کے اوصاف۔
ہمزاد مؤکلات جنات کو طابع کرنا۔	شائقین ہمزاد مؤکلات۔ جنات کو طابع کرنے والوں کیلئے اُن بنیادی باتوں کی مفصل تشریح لکھی گئی ہے۔ جنکا جاننا ہر عامل کیلئے ضروری ہے۔ اوّل و آخر درود شریف۔ بسم اللہ شریف ترکِ حیوانات۔ خوشبوئی بخورات۔ بعد از نماز عشاء۔ کمرہ۔ لباس۔ حصار۔ وقت اور جگہ کی پابندی۔ شرائط۔ نشانی۔ ڈر خوف۔ دورانِ چلّہ حاضری۔ رجعت۔
مجرب و آزمودہ نقش	کتاب میں وہ نقش لکھے گئے ہیں۔ جو کہ مجرب اور آزمودہ ہیں۔ برائے اولاد۔ برائے گرِ جنات خالی کرانا۔ بچوں کے رونے ڈرنے کیلئے۔ مقدمہ میں کامیابی کیلئے۔ چور کی شناخت کیلئے برائے ترقی ملازمت۔ برائے جادو سحر آسیبی اثرات۔ بندش۔ برائے شفاء امراض برائے خیر و برکت۔ برائے شادی۔ برائے حبّ۔ برائے خونِ حیض وغیرہ۔
علم الرّمل	دائرہ ابجد۔ اصول و قواعد احکامات شکلیہ۔ سائل کے سوالوں کا جواب کس طرح دیا جاتا ہے۔ سائل کے سوال کی نوعیت۔ خانہ مقصد۔ سائل کے سوال کا تعلق کس خانے سے ہے۔ خروج۔ دخول۔ انقلاب۔ ثبوت۔ کی مفصل تشریح اس کے علاوہ مثالی زائچوں میں سوالیہ سوالوں کے جواب حل کر کے لکھے گئے ہیں۔

علمِ ہمزاد

ہمزاد طابع کرنے والوں کے لئے اُن بنیادی باتوں کی مفصّل تشریح لکھی گئی ہے۔ جنہیں نظر انداز کر کے ہمزاد طابع کرنے کی آرزو پوری نہیں ہو سکتی۔ عمل ہمزاد کا انتخاب کرنا دھوپ میں کھڑے ہو کر عمل کرنا۔ رات کو چراغ جلا کر عمل کرنا۔ قبرستان یا مرگھٹ میں عمل کرنا۔ مردہ اُٹھانے کی ترکیب۔ ہمزاد کی شکل اور اس کا حاضر ہونا۔ اس کے علاوہ ہمزاد کے وہ مجرب اور رازِ سینہ اعمال جو کہ برسوں ٹھوکریں کھانے کے بعد بھی نہیں ملتے نہ ہی کوئی عامل لاکھوں کروڑوں روپے لیکر بتاتا ہے۔ خاص عمل ہمزاد۔ ہمزاد سے باتیں کریں۔ ہمزاد سے گفتگو کرنے کا فن۔

علمِ حاضرات

حاضرات کے مجرب طریقے (رازِ سینہ) برائے تشخیصِ مرض۔ حاضرات کھونے کا نایاب عمل یہ حاضرات عمل کر کے ہر شخص دیا ہو سکتا ہے۔ حاضرات سورہ مزمل شریف بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کرنے کا عمل۔ کشف القبور کا مجرب عمل۔ ہمزاد کے تصوراتی اعمال جن میں عمل وغیرہ نہیں پڑھا جاتا۔ حُب بذریعہ ہمزاد (سفلی عمل)

بندش

بندش کیسے لگتی ہے۔ بندش لگنے کی صورت میں اکثر لوگ اپنے مخالفین پر شک کرتے ہیں۔ اور اس طرح وہ غلط فہمی کا شکار ہو کر خواہ مخواہ ایک دوسرے کے جانی دشمن بن جاتے ہیں۔ ایک انتہائی معلوماتی مضمون۔ بندش سے پیدا ہونے والے مسائل بندش کو رفع کرنے کے لئے مجرب عملیات و تعویذات۔

متفرق عملیات و تعویذات

عمل حُب (سفلی) جو کہ جادو سحر آسیبی اثرات اور بندش والے لوگ ہی کر سکتے ہیں۔ تصوراتی عمل حُب۔ حاضری مطلوب۔ تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ۔ نقش سورہ اخلاص (برائے حُب) حروف کی مخفی قوتوں کے راز۔ نقش یا بدوح نقش ابجد رہائی قیدی۔ گھروں سے تعویذ نکالنا۔ جادو سحر آسیبی اثرات بندش کو ہٹانا۔ نقش سورہ آلِ عمران۔ نقش آیت الکرسی۔ قرض واپس لینا۔ قرض سے نجات۔ وغیرہ

عرضِ مصنف

لوگوں کو راتوں رات عامل کامل تو بننے کا بڑا شوق ہوتا ہے۔ لیکن اکثر لوگ محنت اور ریاضت سے کتراتے ہیں۔ اور علومیت کے ساتھ لوگوں میں بات کو سمجھنے کی اہلیت ہی نہیں ہوتی۔ اسلئے عام طور پر ناکامی حصے میں آتی ہے۔ جو عملیات سے بدگمانی کا سبب بنتی ہے۔

عملیات کے میدان میں قدم رکھنے سے پہلے یہ بات ذہن کی گہرائی میں اُتار لینی چاہئیے۔ کہ جسطرح ڈاکٹر اور طبیب بننے کیلئے ایک خاص مدت تک تعلیم و تربیت کے مختلف مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ بالکل اسی طرح عامل کامل بننے کیلئے محنت و مشقت اور علم و عمل کی کئی منزلیں طے کرنی پڑتی ہیں۔ ورنہ کچھ ہاتھ نہیں لگتا۔ اور کبھی کبھی فائدے کی بجائے زبردست نقصان ہو جاتا ہے۔

آج گلی گلی جو لوگ دعوٰی رچائے بیٹھے ہیں۔ یہ عامل نہیں ہیں۔ بلکہ یہ محض پیشہ کرنے والے اور ایک مقدس فن کو بدنام کرنے والے لوگ ہیں جنہوں نے ایک دو کتابیں پڑھ کر اپنی دکانیں سجا لی ہیں۔ ایسے لوگ خدا کی سیدھی سادی مخلوق کو اُلّو بنانے میں معروف ہیں۔

اگر آپ فی الحقیقت عامل بننا چاہتے ہیں۔ تو پھر آپ محنت اور ریاضت کیلئے تیار ہو جائیں۔ کیونکہ اسکے بغیر عملیات کا میدان فتح نہیں ہوتا۔ جو ریاضت اور تقوے سے جان چراتا ہو۔ اس کو اس لائن میں نہیں آنا چاہئیے۔ کیونکہ اس لائن کا حق ان لوگوں کیلئے مخصوص ہے۔ جو محنت اور عبادت کے عادی ہوں۔

عملیات اور نقوش کو کتابوں سے جوں کا توں نقل کر دینا کار آمد نہیں ہو سکتا۔ جب تک باقاعدہ ہر عمل اور ہر نقش کی زکوٰۃ ادا نہ کر دی ہو۔ اگر زکوٰۃ کے بغیر کسی نقش یا عمل میں تاثیر پیدا ہو گئی ہو۔ تو یہ اتفاقی بات ہے۔ اور کسی اتفاقی کامیابی کو اپنا کمال سمجھ لینا نادانی کی بات ہے۔

اِس... کتاب میں ہر طرح کے عملیات اور نقوش لکھے گئے ہیں۔ ہر شخص ضرورت کے مطابق
اِن سے کام لے سکتا ہے۔ میں نے یہی کوشش کی ہے۔ کہ اِ ہے میں وہی اعمال لکھے
جائیں۔ جو مجرب اور آزمودہ ہوں۔ اور جن کو اختیار ک ہیں غیر معمولی مشقت
نہ کرنی پڑتی ہو۔ تمام اعمال تجربہ شدہ ہیں۔ اور کوئی ایس ہیں لکھا گیا۔ جو تجربے
میں نہ آچکا ہو۔

میں امید کرتا ہوں۔ کہ قارئین ان ط ں سے جو دولت بیکراں کی
حیثیت رکھتے ہیں۔ بھرپور فائدہ اُٹھائیں گے۔ اور اللّٰ بندوں کی انکے ذریعے مدد کریں
گے اور مجھے بھی دُعاء خیر میں یاد رکھیں گے۔ دُعا ہ کہ حق تعالیٰ ان طریقوں سے
کام لینے کی اہل لوگوں کو توفیق دے۔ اور نااہلوں س خزانے کو محفوظ رکھے (آمین)

ہر ایک عامل کیلئے
(ضروری ہدایات)

(۱) ہر ایک عمل اور وظیفہ پڑھنے کیلئے پہلے اپنے پیر یا کسی عامل بزرگ سے اجازت لینا ضروری ہے۔ پھر تعینِ وقت بھی ضروری امر ہے۔ عامل کو چاہئیے کہ عمل کرنے سے پہلے یہ معلوم کرے کہ میرا عمل سال کے کس حصّہ ماہ اور کون سے دن کے کس حصّہ اور کس ساعت سے تعلق رکھتا ہے۔

(۲) عمل اور وظیفہ ہمیشہ ایک ہی وقت پر روزانہ پڑھے۔ کیونکہ اختلاف وقت نقصان کا باعث ہوتا ہے۔

(۳) کسی جگہ یا مکان و لباس اور بخور کا تعین ضروری امر ہے۔ اختلاف جگہ اور مکان اور دیگر لوازمات مناسب نہیں۔ تخلیہ کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ علاوہ ازیں عامل کی ضرورت کی اشیاء تمام علیحدہ ہونی چاہئیں۔ جنہیں کوئی دوسرا آدمی استعمال نہ کرے

(۴) عمل اور وظیفہ کے دوران میں حسب ضرورت، جمالی یا جلالی پرہیز کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ کھانے پینے کی چیزوں میں بھی تاثیر ہوتی ہے۔ اور نفع یا نقصان کا احتمال ہوتا ہے۔

(۵) عمل اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے لازم ہے۔ کہ اپنے گرد حصار ضرور کریں۔ یعنی الحمد شریف آیت الکرسی اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے شہادت کی انگلی سے اپنے گرد حصار کرے۔

(۶) جو آیت یا اسم پڑھیں اسکا اور اپنا عنصر پہلے معلوم کریں اگر دونوں کا عنصر ایک ہی ہے۔ تو اثر بہت جلد رونما ہوگا۔

(۷) عامل کو چاہئیے کہ باوضو با طہارت رہے۔ اکل حلال و صدق مقال کا ہونا ضروری ہے۔ وسواس شیطانی کو دل میں ہرگز جگہ نہ دے۔ جس مقصد کیلئے عمل کرے اس کا کامل تصور پیشِ نظر رکھے۔

(۸) کسی عمل یا وظیفہ یا نقش کی زکوٰۃ ادا کر دینے کے بعد ہر روز اسکا ورد کم از کم سات یا گیارہ یا اکیس بار ضرور رکھے۔ ورنہ عمل بہت جلد جاتا رہے گا۔

(۹) رفتار و نظرات سیارگان بروج اور ساعت وغیرہ کا مکمل علم ہونا ضروری ہے۔ علم جفر کے عملوں کے واسطے علم ہندسہ سے بھی واقف ہونا ضروری ہے تاکہ استخراج عملیات و مؤکلات میں غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔

(۱۰) عامل کو حسب عمل و سیارہ عطریات و بخورات قلم سیاہی اور دیگر لوازمات وقت سے پہلے مہیا کر لینے چاہیے۔

عمل سال کے کس حصہ میں کرنا چاہیئے؟ عامل کو لازم ہے۔ کہ سب سے پہلے وہ یہ بات معلوم کرے۔ کہ وہ جو عمل کرنا چاہتا ہے۔ وہ سال کے کس حصہ میں کرنا بہتر ہے۔ کیونکہ عاملین نے سال کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہوا ہے۔

(۱) ثابت (۲) منقلب (۳) ذوجسدین۔ اگر عمل افزونی عزت اور مرتبہ کشائش۔ رزق۔ دولت وغیرہ ہو۔ تو اس وقت عمل کیجئے جب سیارہ شمس بروج ثابت میں ہو۔ کیونکہ ان بروج میں سیارہ شمس کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ ثابت بروج یہ ہیں۔ بروج ثور۔ اسد۔ عقرب اور دلو مطابق ماہ جیٹھ بھادوں اگہن اور پھاگن۔ اگر عمل برائے محبت و تسخیر کا ہو۔ تو بروج ذوجسدین میں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ بروج مستطیع کہلاتے ہیں۔ ان میں سیارہ شمس اعتدال پر ہوتا ہے۔ یعنی نہ شرف نہ ہبوط نہ سعد نہ نحس ذوجسدین بروج یہ ہیں۔ بروج جوزا۔ سنبلہ و قوس اور حوت۔ اتفاقاً تعلق ماہ اساڑھ کنوار پوس اور چیت سے ہے۔ ان میں بروج جوزا اور سنبلہ اعمال بغض و عداوت اور بلاکی دشمن کیلئے بھی مناسب ہیں۔ مگر بروج قوس و حوت اعمال محبت و تسخیر ترقی و کامیابی کے لیے افضل اور مناسب ہیں۔ اگر عمل برائے جمہوری اعدای بغض و عداوت وغیرہ کیلئے ہو۔ تو ماہ منقلب میں کرنا چاہیے۔ کیوں کہ ان بروج

میں سیارہ شمس کو تنزل ہوتا ہے ۔ منقلب بروج یہ ہیں ۔ برج حمل سرطان میزان اور جدی ان کا تعلق ماہ بیساکھ ساون اور کاتک اور ماگھ سے ہے ۔

ماہ کے کس حصہ میں عمل کرنا چاہیئے چاند کے اول عشرہ میں برائے افزودگی حسن و جاہ مرتبہ کے عمل کرنا چاہیئے خصوصاً تیرہویں اور چودہویں شب کو قضائے حاجات جذب قلوب اور ائتلاف توصل کیلئے عمل کرنا مفید ہے ۔ چاند کے دوسرے عشرہ میں برائے ہلاکی دشمن وعدو خرابی کمیت و باغ اور مویشی قطع اولاد وغیرہ کے عمل کرنا مفید ہے ۔ ان کاموں کیلئے خصوصاً اٹھائیسویں انتیسویں رات بڑا اثر رکھتی ہے ۔

کس دن کس کام کیلئے عمل کرنا چاہیئے

اتوار : (یوم الاحد) کو زباں بندی کا عمل کرنا چاہیئے ۔
منگل : (یوم الثلاثہ) کو بغض وعداوت کا عمل کرنا چاہیئے ۔
بدھ : (یوم الاربعہ) کو زباں بندی کا عمل کرنا چاہیئے ۔
جمعرات : (یوم الخمیس) اور جمعہ (یوم الجمعہ) کو ترقی دولت اور عشق ومحبت کا عمل کرنا مفید ہے ۔

تقسیم اوقات دن صبح کے وقت عشق ومحبت اور تسخیر کے نقش لکھنے چاہیئے نیم چاشت کے وقت ترقی رزق و دولت کے لکھنے چاہیئے ۔ ظہر کے وقت بیماری سے صحت پانے کے نقش لکھیں ۔ ظہر اور عصر کے درمیان عداوت کے نقوش اور عشاء کے وقت زباں بندی کے نقوش لکھنا مفید ہے ۔

مندرجہ بالا امور پر عامل کو خیال رکھنا ضروری ہے ۔ بغیر اس کے اپنے ارادوں میں کامیاب ہونا غیر ممکن ہے ۔

نظرات کے اثرات

اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنے کیلئے ہمیشہ صحیح وقت میں کام کیجئے بے وقت کام بے نتیجہ ہوتا ہے عاملین اگر روحانی عملیات کے دوران درج ذیل تفصیلات کو مدِنظر رکھیں گے۔ تو انشاء اللہ زبردست کامیابی سے دوچار ہوں گے

نظرات کے اثرات مندرجہ ذیل ہیں
علم نجوم کے زائچے اور عملیات میں ان ہی کو مدِنظر رکھا جاتا ہے۔

تثلیث

ث ـــــ فاصلہ دوستاروں کے درمیان ۱۲۰ درجہ
یہ نظر سعد اکبر کہلاتی ہے۔ یہ کامل دوستی کی نظر ہے۔ یہ نظر بغض و عداوت منافی ہے۔ اگر اس وقت دوستی اور ترقی کے تعویذ کیئے جائیں۔ تو جلد ہی کامیابی لاتے ہیں۔ اسکے علاوہ تمام سعد کاموں کیلئے یہ وقت بہت قیمتی ہے

تسدیس

س ـــــ فاصلہ ـــــ ۶۰ درجہ
یہ نظر سعد اصغر ہوتی ہے۔ یہ نیم دوستی کی نظر ہے۔ اس وقت بھی اچھے کام کرنے

چاہیے ۔ نیک امور کیلئے اس وقت جو تعویذات بنائے جائیں گے ۔ ان شاء اللہ وہ جلد اثرات دکھائیں گے ۔

مقابلہ

☍ ــــــــــ فاصلہ ۱۸۰ درجہ ــــ

یہ نظر نحس اکبر ہے ۔ اور کامل دوشمنی کی نظر ہے ۔ اسوقت بُرے کاموں کے لیے اگر تعویذات لیے جائیں ۔ تو بہت جلد اثرات ظاہر ہوتے ہیں ۔ دو دلوں کے درمیان جدائی و عداوت وغیرہ یا دشمن کی ہلاکت وغیرہ کے اعمال شر اسوقت سرانجام دینے چاہئیں ۔

تربیع

□ ــــــــــ فاصلہ ۹۰ درجہ

یہ نظر نحس اصغر ہے ۔ نظر مقابلہ کی بہ نسبت اس میں تاثیر کم ہے ۔ تاہم بُرے کاموں کیلئے یہ وقت مؤثر ثابت ہوتا ہے ۔ اور عداوت و نفرت اور نفاق و ہلاکت کیلئے اسکو ترجیح دینی چاہیئے ۔

قِران

☌ ــــــــــ فاصلہ صفر

سعد ستاروں کا قِران سعد ہوتا ہے ۔ اور نحس ستاروں کا قِران نحس ہوتا ہے ۔ قمر ۔ عطارد زہرہ ۔ مشتری سعد سمجھے جاتے ہیں ۔ اور زحل و مریخ نحس سمجھے جاتے ہیں ۔ شمس کو بعض ماہرین نے نحس شمار کیا ہے ۔ بعض نے سعد حاصل ہوئے ۔ کہ تثلیث اور تسدیس کے اوقات سعد ہوتے ہیں ۔ مقابلہ اور تربیع کے اوقات نحس

ہوتے ہیں ۔ عاملین روحانی عملیات کا صحیح فائدہ اٹھانے کیلئے حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر مکمل بھروسہ کرتے ہوئے بطور سبب اچھے کاموں کیلئے محمود وقت کو اور برے کاموں کیلئے مذموم وقت کو ترجیح دیں ۔

محبت والا شوہر

شوہر کے سونے کے بعد گیارہ صد مرتبہ یا حومن پڑھ کر آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں ۔ اور یہ تصور کریں ۔ کہ میں عرش کے سائے میں ہوں ۔ اور شوہر نیچے ہے ۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے ۔ تو اٹھ کر سوئے ہوئے شوہر پر دم کر دیں ۔ پھر اپنے بستر پر چلی جائیں ۔ اور شوہر کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں ۔ اس عمل سے جو آپ کو ایک مہینے میں صرف تین مرتبہ کر کے چھوڑ دینا ہے ۔ شوہر کی طرف سے بد اخلاقی غصہ اور زیادتی کا سلسلہ موقوف ہو جائے گا ۔ اور وہ محبت کرنے والا شوہر بن جائے گا ۔

(ماخوذ کتاب خواتین کے مسائل کا روحانی حل)

آدابِ نقش

ہر عامل کیلئے یہ بات ضروری ہے کہ جس نقش میں زکواۃ کی شرط ہو۔ پہلے اسکی زکواۃ ادا کرے نقش کی زکواۃ شروعات کرنے سے قبل ان تمام شرائط کو پیشِ نظر رکھے جوکہ ذیل میں لکھی جا رہی ہیں۔ اگر عامل دی ہوئی ہدایت کے مطابق نقش کی زکواۃ ادا کریگا تو کامیابی اسکے قدم چومے گی۔ اور نقش کے مؤکلین عامل کی بھرپور مدد کریں گے۔ یہ بھی عین ممکن ہے کہ نقش کے مؤکلین عامل کے سامنے حاضر ہوں۔ دعاگو ہوں۔ کہ ربّ العزت محنت کرنے والوں کو کامیابی سے ہمکنار کرے آمین۔

اس مقصد کے لیے ایک علیحدہ کمرہ ہونا چاہیئے۔ جس میں سوائے عامل کے کوئی دوسرا شخص داخل نہ ہو۔ کمرہ پُرسکون ہو۔ اور خالی ہو۔ پاک صاف ہو۔ کمرے میں کوئی ایسی چیز نہیں ہونی چاہیئے۔ جس سے روحانیت اُکر بیزار ہو۔ کوئی ایسا کیلنڈر نہ ہو۔ جس پر عورت کی برہنہ تصویر بنی ہوئی ہو۔ اس کمرے میں ٹی۔وی۔ وی سی آر نہ چلتا ہو۔ کوئی فحش کام نہ ہوتا ہو۔ جیسے جوا۔ زنا وغیرہ اسکے علاوہ کمرے میں کوئی ایسی چیز حرکت کرنیوالی نہ ہو۔ جس سے عامل کے خیالات منتشر ہوں۔

زکواۃ کے نقوش لکھنے سے قبل عامل کو چاہیئے کہ وہ کمرے کا دروازہ اچھی طرح بند کرے تاکہ کوئی دوسرا شخص اندر داخل نہ ہو سکے۔

نقش باطہارت لکھیں۔ اور دی ہوئی چال کے مطابق لکھیں۔ اس مقصد کیلئے فوٹوسٹیٹ نقش کارآمد نہ ہوں گے۔ نقش لکھتے وقت اگر کسی نقش میں غلطی ہو جائے۔ تو اس نقش کو چھوڑ دیں۔ اور اسکے متبادل نیا نقش لکھیں۔ دوران زکواۃ کمرے میں کسی طرح کی خوشبو بھی لبا لیں۔ یا اگربتی جلائیں۔

نقوش کی زکواۃ عموماً نوچندی جمعرات سے شروع کی جاتی ہے۔ زکواۃ کے نقش لکھنے کیلئے کسی خاص قلم دوات یا سیاہی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ زکواۃ کے نقش

آپ بال پین سے بھی لکھ سکتے ہیں ۔ نقش لکھنے کا روزانہ ایک وقت مقررہ ہونا چاہیے
زکواۃ کی ادائیگی تک ۔ اس میں کمی بیشی نہ ہو ۔ نہ ہی کسی روز ناغہ ہو ۔ اگر ناغہ ہو گیا
تو نقش کی تاثیر کم ہو جائیگی ۔
نقش لکھتے وقت کسی سے بات چیت ہرگز نہ کریں ۔ خواہ کتنی ہی مجبوری
کیوں نہ ہو ۔ دوران زکواۃ کسی سائل کو تعویذات لکھ کر مت دیں ۔ نہ ہی اس مقصد کے لیے
کسی کے گھر جائیں ۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے ۔
اگر دوران زکواۃ اپنا منہ کسی خاص سمت رکھنے کی شرط ہو ۔ تو اسی
سمت سے عمل کریں ۔
جس کمرے میں آپ زکواۃ ادا کر رہے ہیں ۔ اسکو تبدیل ہرگز نہ کریں
اگر تبدیل کریں گے ۔ تو عمل کو بیکار جانو ۔
زکواۃ کے نقوش روزانہ دریا میں ڈالنے کی شرط نہیں ہوتی ۔ آپ آخری
دن بھی سب نقوش اکٹھے کر کے ڈال سکتے ہیں ۔ تاہم اگر روزانہ لکھے گئے نقوش دریا میں
ڈالے جائیں ۔ تو یہ بات نفع سے خالی نہ ہوگی ۔ اگر کوئی شخص اسطرح کریگا ۔ تو انشاءاللہ
منزل کے قریب ہو جائیگا ۔
زکواۃ کے نقش دریا میں ڈالتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز
نہ دیکھے ۔ نہ ہی آتے جاتے وقت کسی شخص کی نظر آپ پر پڑے ۔ نقش دریا میں ڈالتے
وقت پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں ۔ ورنہ خطا ہوگی ۔
دوران زکواۃ گھر میں کوئی ایسی عورت نہیں ہونی چاہیے ۔ جس کو
ماہواری آ رہی ہو ۔ ورنہ عمل کو بیکار جانو ۔
دوران زکواۃ اگر نقش کے موکلین حاضر ہوں ۔ یا نقش دریا میں
ڈالتے وقت یا آتے جاتے وقت کوئی ذی روح حاضر ہو ۔ تو اس سے مطلق کوئی
بات چیت نہ کریں ۔ جب تک نقش کی زکواۃ ادا نہیں ہو جاتی ۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے

زکواۃ کی ادائیگی کے دوران بازو یا جیب میں کسی طرح کا بھی نقش نہیں ہونا چاہیے۔ اسی طرح کمرے میں بھی کوئی بندش کا نقش نہیں ہونا چاہیے۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

بعض خواتین کی یہ مجبوری ہوتی ہے۔ کہ وہ زکواۃ کے نقش ڈالنے دریا یا ندی نالے پر نہیں جا سکتی۔ ان کو اجازت دی جاتی ہے۔ کہ وہ کسی دوسرے شخص کو نقش دے دیں جو دریا میں جا کر ڈال آئے۔ لیکن یہ شرط صرف خواتین کیلئے ہے۔ مردوں میں صرف ان لوگوں کو اجازت ہے۔ جو لوگ معذور ہوں۔ چل نہ سکتے ہوں۔

نقش کی زکواۃ کے دوران عالم خواب یا عالم بیداری میں اگر کوئی مشاہدات نظر آئیں۔ تو اسکا ذکر بھولے سے بھی کسی پر نہ کریں۔ ورنہ خطا ہوگی۔

نقش کو دائیں ہاتھ سے ہی لکھنا افضل ہے۔ تاہم اگر کسی کا دائیاں ہاتھ کٹ گیا ہو۔ یا انگلیاں کٹی ہوئی ہوں۔ پھر وہ الٹے ہاتھ سے لکھ سکتا ہے۔

بعد از زکواۃ عمل کو قابو رکھنے کیلئے روزانہ ۳۳، ۷، ۵، ۱۱ نقش یا جس جب یہ بھی لکھے ہو جائیں۔ تو ان کو بھی دریا میں ڈال دیا کریں۔ اگر کسی نے اکتالیس روز تک نقش نہ لکھے۔ تو پھر تاثیر جاتی رہے گی۔ اور دوبارہ زکواۃ ادا کرنے پر وہ تاثیر ظاہر نہ ہوگی۔ اسلئے اس شرط کا خاص خیال رکھیں۔

زکواۃ کے دوران عورت سے قطعی پرہیز کرے۔ کوشش کرے کہ زکواۃ کے دوران کسی غیر محرم عورت سے بات چیت نہ کریں۔ نہ ہی کسی عورت کا سایہ آپ پر نہ پڑے۔

بعد از زکواۃ سوا پاؤ یا سوا کلو شیرینی لیکر اس پر فاتحہ دلا کر چھوٹے بچوں میں تقسیم کر دے۔

حصار

اس حصار سے پوری طرح فائدہ اُٹھانے کیلئے ضروری ہے کہ سب سے
پہلے اسکی زکواۃ ادا کی جائے۔ زکواۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ عروج ماہ میں
جمعرات کے دن سے بعد از نماز عشاء ۱۱۱ مرتبہ روزانہ ۷ روز تک پڑھے اوّل
و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ساتویں روز عمل ختم کرکے آنحضور صلی
اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت کو ایصال ثواب کرے۔ اور دودھ کی کھیر بنائے اور
سات نمازیوں کو پیٹ بھر کر یہ کھیر کھلائے۔ اور جس وقت یہ کھیر دسترخوان
پر ہو۔ اسوقت کوئی نمکین چیز دسترخوان پر موجود نہ ہو۔ خود بھی پیٹ بھر کر
یہ کھیر کھائے۔ اور ساتوں نمازیوں کو بھی یہی کھیر کھلائے انشاء اللہ حصار کی زکواۃ ادا
ہو گی۔ اور اس کے بعد اس حصار سے پوری طرح فائدہ اُٹھانا ممکن ہوگا۔
حصار یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آیت الکرسی — — — — —
چاروں قل شریف — — — —
سورہ بقرہ کا آخری رکوع — — —
(آمن الرسول سے ختم سورہ تک) ایک ایک مرتبہ پڑھ کر چاقو یا شہادت کی انگلی
پر دم کرے چاقو خالص لوہے کا ہو۔ اس میں ہاتھی دانت وغیرہ کا دستہ نہ ہو چاقو
کی نوک سے یا شہادت کی انگلی سے عامل اپنے اردگرد ایک دائرہ کھینچ لے
حصار کا دائرہ کھینچنے کے بعد اسی حصار کو ایک بار پھر پڑھ کر آسیب زدہ
کے اوپر اگر دم کر دے گا۔ تو جن پری آسیب وغیرہ جو بھی اسوقت مریض پر
ہوگا عامل کی اجازت کے بغیر واپس جانیکی ہمت نہیں کرے گا۔
یہ حصار دوسرے حصاروں کے مقابلے میں آسان بھی ہے۔ اور اسے
سب سے زیادہ طاقتور مانا گیا ہے۔ زکواۃ کی ادائیگی کے وقت سات روز

تک اسی حصار کو روزانہ ۱۱۰ مرتبہ پڑھنا ہے۔ چاقو وغیرہ پر دم کرنا ضروری نہیں
اس حصار کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ایک چلہ ہر قسم کے گوشت سے پرہیز
کرتے ہوئے روزانہ گیارہ سو مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

یَابُدُّوحُ عَلِیقًا حَلِیقًا تَلِیقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ۔ اور روزانہ
تلاوت کے دوران لوبان وغیرہ کی خوشبو جلائیں۔ ان شاء اللہ اسی طرح ایک چلہ
پورا کرنے پر عامل ہو جائیں گے۔ اور پھر جب بھی آسیب یا جن کو قابو کرنے کا عمل
کریں گے۔ تو کوئی دشواری پیش نہیں آئیگی۔ یہ دونوں کام اس لائن میں آنے سے
پہلے بہت ضروری ہیں۔

عامل کے اوصاف

عامل کا تعلیم یافتہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کم از کم اتنی تعلیم تو ضرور ہونی چاہیئے
کہ قرآنی آیات عزیمتیں اور نقوش پڑھ سکتا ہو۔ اور ان کو دیکھ کر نقل کر سکتا ہو
عامل کی جتنی عمر کم ہوگی۔ اثرات اتنا ہی جلد مرتب ہوں گے۔
عامل کا صحت مند ہونا ضروری ہے۔ کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔ جیسے مرگی یا سکتہ
آسیبی اثرات یا اور کوئی بیماری ہو۔ جب تک تندرست نہ ہو۔ عملیات کے میدان میں
نہ آئے۔ ورنہ بجائے فائدے کے نقصان کا اندیشہ ہے۔
عامل کو کمزور دل اور ڈرپوک نہیں ہونا چاہیے۔ ایسے لوگ ہی عملیات کے میدان
میں آئیں۔ جو شیر۔ ہاتھی۔ اژدھے کو زیر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔
عامل کو حاضرات آسیب و جنات کے علم سے بھی واقف ہونا نہایت ضروری
ہے۔ کیونکہ عملیات کے میدان میں عامل کو قدم قدم پر جنات سے واسطہ پڑے گا
کم از کم اتنا علم تو ضرور جانتا ہوں۔ کہ وہ کسی مریض پر مسلط شدہ چیز کو حاضر کر کے

اس سے بات چیت کر سکے۔ یعنی اسکو قید کرے یا جلائے۔ یا اس سے وعدہ لیکر چھوڑ دے

اس دنیا میں بہت سے مخفی علوم رائج ہیں علم نجوم۔ علم الرمل۔ علم الاعداد

علم جفر حاضرات وغیرہ عامل کا کسی ایک علم پر عبور ہونا نہایت ضروری ہے۔ تاکہ وہ

آئے ہوئے سائل کا حساب لگا کر مکمل تشخیص کر سکے۔

کسی بھی عامل کو کوئی عمل کسی کو نقصان پہنچانے کیلئے نہیں کرنا چاہیے۔ ورنہ روحانی

طور پر فائدے کی بجائے نقصان ہوگا۔ معالج صرف زندگی بچانے کا کام کرتا ہے۔ کسی کی

زندگی چھیننے کی کوشش نہیں جب کہ یہ ممکن ہی نہیں۔ معالج کا کام نہیں ہے۔ منفی عمل کرنے

والے عاملین کی دین دنیا برباد ہو جاتی ہے۔۔ ورنہ انکا کیا ہوا انکی اولاد کے سامنے آتا ہے

ہمزاد مؤکلات جنات کو طابع کرنا

شائقین ہمزاد مؤکلات طابع کرنے والوں کیلئے اُن بنیادی باتوں کی مفصّل تشریح لکھی جا رہی ہے۔ جنکا جاننا نہایت ضروری ہے۔

اوّل و آخر درود شریف: اسکا مطلب یہ ہوتا ہے۔ کہ عمل کے شروع میں درود شریف پڑھنا ہے۔ اور آخر میں بھی۔ ہر عمل کے ساتھ درود شریف کی تعداد لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ کہ اتنی مرتبہ پڑھنا ہے۔ بعض عملوں کیساتھ یہ لکھا ہوا ہوتا ہے۔ کہ فلاں درود شریف پڑھیں۔ جس عمل میں یہ نہ لکھا ہوا۔ آپ کوئی بھی درود شریف پڑھ سکتے ہیں۔

بسم اللہ ہر عمل کے شروع میں صرف ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھی جاتی ہے۔ ہر دفعہ بسم اللہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

ترک حیوانات وہ چیزیں جو کہ حیوانات سے بنتی ہیں۔ مثلاً گوشت دودھ انڈا دہی وغیرہ ان سے دُور رہنا۔
کئی عملوں میں ترکِ حیوانات کی شرط ہوتی ہے۔ جس عمل میں اسطرح کی شرط ہو۔ گوشت دودھ دہی انڈے سے پرہیز کریں۔ اسکے علاوہ چمڑے کا جوتا استعمال نہ کریں۔ نہ ہی چمڑے کے برتن میں پانی پیئیں۔ کسی جانور پر سواری نہ کریں۔ غرض اور بھی جو چیزیں حیوانات سے بنتی ہیں۔ انکو قطعی ترک کر دے۔

نوچندی جمعرات اس میں اکثر لوگ غلطی کرتے ہیں۔ نیا چاند چڑھنے پر جو چاند کی تین تاریخ کے بعد جمعرات آئیگی۔ وہ نوچندی جمعرات ہوگی۔ مثلاً آج چاند کی دو یا تین تاریخ ہے۔ اور جمعرات کا دن ہے۔ تو یہ نوچندی جمعرات نہ ہوگی۔

ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں کہ مؤکل پر حصار کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اسمیں چھری کیسے گاڑی جاتی ہے۔
تو اسکا جواب یہ ہے۔ کہ ضروری نہیں کہ چھری کو زمین میں گاڑا جائے۔ صرف چھری سے
یا انگلی سے گول حلقہ بنا لیں۔ بس یہ خیال رکھیں۔ کہ حلقہ لگاتے وقت کہیں سے ٹوٹے نہیں

وقت اور جگہ کی پابندی

اس سے مراد یہ ہے۔ کہ عمل کا جو وقت پہلے دن مقرر کیا ہے۔ اس میں کمی بیشی نہ کریں۔ جگہ کی پابندی سے مراد یہ ہے۔ کہ آپ جہاں پر عمل کر رہے ہیں۔ وہ جگہ تبدیل نہیں کر سکتے۔ خواہ کتنی ہی مجبوری کیوں نہ ہو۔

بعض لوگوں کا یہ خیال ہے۔ کہ جگہ کی تبدیلی کی صورت میں اگر جائے نماز جس پر بیٹھ کر آپ عمل کر رہے ہیں۔ وہ ساتھ لے جائیں۔ اور دوسری جگہ پر اسپر بیٹھ کر عمل پڑھا جائے۔ تو کوئی حرج نہیں۔ یاد رہے۔ کہ ہماری تحقیق کے مطابق یہ طریقہ درست نہیں ہے۔ جگہ کی تبدیلی کی صورت میں مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

شرائط

شرائط سے مراد یہ ہے۔ کہ چلّے کے اختتام پر جو روحانیت حاضر ہوتی ہیں ان سے شرائط طے کی جاتی ہیں۔ عموماً عملوں میں یہ بات لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ کہ ان سے شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔ ان شرائط کی آپ حامی بھریں۔ جو آپ پوری کر سکتے ہیں جو شرائط آپ پوری نہیں کر سکتے۔ ان سے اسی وقت انکار کر دیں۔ ورنہ ایک دفعہ شرائط طے ہو جانے کے بعد پھر ان میں تبدیلی ممکن نہیں نہ ہو گی۔۔ اسلئے احتیاط سے کام لیں۔

نشانی

نشانی سے مراد یہ ہے۔ کہ وہ چیزیں جو روحانیت چلّے کے اختتام پر خوش ہو کر دیتی ہیں۔ عملیات کی کتاب، انگوٹھی، کنگا، تسبیح وغیرہ۔ عامل کو چاہیے کہ وہ ان چیزوں کا ذکر کسی سے بھی ہرگز نہ کرے۔ ورنہ وہ چیزیں غائب ہو جائیں گی جنکا دوبارہ ملنا مشکل ہی نہیں بلکہ محال ہو گا۔

ڈر خوف دوران چلّہ عامل کو ڈرایا بھی جاتا ہے۔ تاکہ عامل عمل کو چھوڑ دے بھیانک اور خوفناک شکلیں حاضر ہو کر ڈراتی ہیں۔ بعض اوقات سانپ سامنے آجاتے ہیں اور پھن پھیلا کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ عامل کو اور بھی مختلف طریقوں سے خوفناک خوفزدہ کیا جاتا ہے۔ مقصد صرف یہی ہوتا ہے۔ کہ وہ ڈر کر عمل کو چھوڑ دے۔ یہ صرف نظری دھوکا ہوتا ہے۔ حقیقت سے اس چیز کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ انسان چونکہ اشرف المخلوقات ہے۔ اسکو کوئی چیز بھی نقصان نہیں دے سکتی۔ اسلئے دوران چلّہ ڈر خوف کو قریب نہ آنے دیں۔ جو کچھ ہوتا ہے۔ وہ حصار کے باہر ہی ہوتا ہے۔ حصار ایک قلعہ کی مانند ہوتا ہے۔ اس میں کوئی چیز بھی داخل نہیں ہو سکتی۔

دورانِ چلّہ حاضری دوران چلّہ بعض اوقات کئی چیزیں بزرگوں کی روپ میں حاضر ہو جاتی ہیں۔ یا اگر آپ ہمزاد کا چلّہ کر رہے ہیں۔ تو ہمزاد کی شکل میں حاضر ہوتی ہیں اگر آپ جنّات کا چلّہ کر رہے ہیں۔ تو جنّات آکر حاضر ہو جاتے ہیں۔ کہ ہم حاضر ہیں تاکہ آپ عمل پڑھنا بند کر دیں۔ عامل کو چاہئیے۔ کہ انکے کسی دھوکے فریب میں ہرگز نہ آئے جب تک چلّے کا اختتام نہ ہو۔ اگر دوران چلّہ کوئی بھی چیز حاضر ہو۔ تو اُس سے بات چیت مت کریں۔ نہ ہی اسکی کسی بات کا جواب دیں۔ نہ ہی اس سے کوئی چیز لیں۔
اگر عامل انکے دھوکے میں آگیا۔ اور چلّے کو چھوڑ دیا۔ تو پھر جان کی خیر نہیں اُسی وقت رجعت میں گرفتار ہو جائیگا۔ اور ساری زندگی کیلئے پچھتائے گا۔ ان کو تسخیر کرنے کی بجائے خود ہی انکا غلام بن جائیگا۔ اور پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔
اسلئے نہایت ہی احتیاط سے کام لیں۔
دوران چلّہ اپنے ہوش و حواس کو قائم رکھیں۔ تاکہ کسی بھی جگہ پر غلطی نہ ہونے پائے۔

رَجعت چلّے کو درمیان میں سے کسی وجہ سے چھوڑ دینا۔ یا ڈر کر بھاگ جانا۔ یا بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ عامل جہاں پر چلّہ کر رہا ہوتا ہے۔ وہ جگہ یا گورستانی ہوتا ہے۔ دورانِ چلّہ جنات عمل میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ اس وجہ سے بھی رجعت ہو جاتی ہے۔ بہتر ہو گا کہ چلّہ کسی عامل کامل کی زیرِ نگرانی کیا جائے۔ تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے۔ (رجعت کے بارے میں مکمل تشریح میں نے اپنی کتاب عملِ حاضرات میں کی ہے۔ آپ اس کا مطالعہ کریں)

عجیب و غریب عمل

اگر کوئی شخص بہت دنوں سے کسی بیماری میں مبتلا ہو اور دوا سے کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو۔ تو ہفتہ کی رات کو بیسن کی ایک روٹی بنائیں۔ اور اس پر سرسوں کا تیل لگا کر بیمار کے اوپر سے سات مرتبہ گھما کر اتاریں۔ اس کے بعد وہ روٹی کالے کتے کو کھلا دیں۔ دھیان رہے کتا کالا ہی ہو۔ اور صرف کتا ہو۔ کتیا نہ ہو۔

آیت الکرسی کا نقش جنات وسحر اور کسی بھی آسمانی آفات سے حفاظت کیلئے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے ۔ جس کے پاس آیت الکرسی کا نقش ہوگا ۔ اسکی حفاظت فرشتے باذن اللہ کرتے رہیں گے ۔ اور وہ اللہ کے فضل وکرم سے حادثاتِ زندگی سے محفوظ رہے گا ۔

آیت الکرسی کا نقش یہ ہے ۔

٧٨٦

٤٥٦٠	٤٥٥٣	٤٥٥٨
٤٥٥٥	٤٥٥٧	٤٥٥٩
٤٥٥٦	٤٥٦١	٤٥٥٤

آیت الکرسی کا نقش آسیب وسحر کیلئے تیر بہدف ہے ۔ اگر اس نقش کو شرف مشتری میں چاندی کی تختی پر کندہ کراکے گلے میں ڈالیں ۔ تو ہر آفت سے حفاظت رہتی ہے ۔ سحر زدہ انسان کو ١١ نقوش پینے کیلئے دیں ۔ اور ایک گلے میں ڈال دیا جائے ۔ کیسا ہی سحر ہوگا ۔ ان شاء اللہ اس سے نجات مل جائیگی ۔

تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ (انتہائی مجرب عمل)

یہ عمل تمام امراض کیلئے تیر بہدف ہے۔ اور بارہا کا آزمودہ ہے مرض جسمانی ہو۔ یا کہ روحانی اللہ کا نام لیکر اس ترکیب کو آزمائیں۔ ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

توشہ : موکلین کے صدقہ کیلئے سب سے پہلے یہ سامان رکھنا ہے۔ عمل کے بعد ان چیزوں کو دریا میں ڈال دیں۔ اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ ہر دین کیلئے الگ الگ اتنا ہی سامان رکھنا ہوگا۔

(۱) جَو .... ۱۱ عدد
(۲) لونگ ...... ۱۱ عدد
(۳) پھول کلی ..... ۱۱ عدد (جو پھول ابھی کھلا نہ ہو)
(۴) سفید چاول ... ۱۱ عدد
(۵) کھویا مٹھائی ۲/۱ ۲ گرام

سامان : ایک سفید بوتل - تیل سرسوں
ایک سفید بوتل تازہ پانی سامنے رکھیں۔ اس پر یہ عمل پڑھ کر دم کریں

عمل : سورہ الحمد شریف ...... 7 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں
سورہ قل یاایھا الکٰفرون ... 3 بار " " "
سورہ قل ھو اللہ احد ... 3 بار " " "
سورہ قل اعوذ برب الناس ... 3 بار " " "
سورہ قل اعوذ برب الفلق ... 3 بار " " "
درود شریف ...... 3 بار " " "

نوٹ: ہر سورت پڑھنے کے بعد دم کریں۔ (ایک ساتھ پڑھ کر دم نہیں کرنا ہے)

ترکیب: سرسوں کا تیل پورے جسم پر لگائیں ۔ اور کان میں ڈالیں ۔ بوتل کا پانی دن میں دو بار پئیں ۔

تعویذ: تعویذ آٹھ عدد لکھیں ۔ ایک گلے میں ڈالدیں ۔ ایک تعویذ پانی میں گھول کر سات روز تک پئیں ۔ تعویذ یہ ہے ۔

۷۸۶

الٰہی بحرمت جبرائیل علیہ السلام

یا اللہ

یا رحمٰن

الٰہی بحرمت میکائیل علیہ السلام

الٰہی بحرمت عزرائیل علیہ السلام

عمل غائبانہ مؤکل (آزمودہ)

اس عمل میں مؤکل ہر وقت غائبانہ حاضر رہتے ہیں۔ لیکن عامل کو نظر نہیں آتے دوسرا اسکا عامل جس سائل کیلئے جو ترکیب کریں۔ یا تعویذ دیں۔ بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اور عامل کی بھرپور مدد کرتے ہیں:

مُدّت : ایک چلّہ (چالیس روز)

حصار : درود ابراہیمی - ۳۰ بار

آیت الکرسی - ۳۰ بار

چاروں قل شریف ایک ایک بار

پرہیز : عورت بن جانا سے پرہیز کریں۔

ترکیب :- ((نوچندی جمعرات)) سے بعد از نماز عشاء ایک وقت مقررہ کر کے عمل کو شروع کریں۔ کمرہ بالکل علیحدہ ہو۔ دوران عمل کمرے میں اندھیرا رہے گا (لائٹ وغیرہ نہیں جلانی ہے) ایک شیشی میں سرسوں کا تیل ڈالکر حصار کے اندر رکھیں۔ روزانہ عمل ختم کر کے شیشی پر دم کرنی ہے۔ پھر اس تیل سے جسم پر مالش کرنی ہے۔ ورنہ رجعت ہوگی۔ تیل کم ہو جائے۔ تو پھر شیشی بھر لیں۔

عمل کے دوران مؤکل حاضر ہو سکتا ہے۔ ورنہ خواب میں بشارت ہوا کریگی۔ عالم خواب یا عالم بیداری میں جو کچھ نظر آئے۔ اسکا ذکر کسی دوسرے سے ہرگز نہ کریں۔ ورنہ نقصان ہوگا۔

عمل پڑھنا ہے : اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف۔

درود شریف یہ پڑھیں ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلیٰ آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَدَوَاءٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ کَثِیْرًا ۔ اور درمیان میں یہ عمل پڑھیں

یَا خَبِیْرُ یَا عَلِیْمُ : ۵۰۰ بار (پانچ صد بار)

یَا جَبَّارُ : ۱۱۱۱ بار (اسمیں اول و آخر درود شریف نہیں پڑھنا ہے)

نوٹ :- تمام اعمال کرنے سے قبل مجھ ناچیز سے اجازت ضرور لیں ۔
تاکہ رجعت کا خوف باقی نہ رہے ۔

آدھے سر کے درد کیلئے

ترکیب :- درد کی جگہ بسم اللہ پکڑ کر پڑھیں ۔ اور تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں ۔

کالی چڑیا پہاڑ کی کنکر چن چن کھائے
دُہائی اللہ پاک کی آدھا سر درد جائے

علمِ جفر کا قیمتی تحفہ

(رزق حلال میں ترقی کیلئے)

طریقہ اسکا یہ ہے ۔ کہ جن صاحب کیلئے بنانا ہو ۔ یا جو صاحب بذاتِ خود اپنے لیے بنانا چاہیں ۔ سب سے پہلے وہ اپنے نام کے اور والدین کے نام کے حروف الگ الگ لکھ لیں ۔ پھر قرآن حکیم کی آیت اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَاب کے حروف بھی الگ الگ لکھ لیں ۔ اسکے بعد اسماء الٰہی میں سے پانچ اسماء یا رَزَّاقُ یا مُفَتَّاحُ یا بَاسِطُ یا رَافِعُ یا وَاسِعُ کو بھی الگ الگ حروف کیساتھ لکھیں ۔

اسکے بعد ان سب حروف کو ملفوظی کر کے اعداد نکال لیں ۔ پھر اس مجموعی اعداد میں سورۂ مزمل کے اعداد شامل کر لیں ۔ اور حسب قاعدہ نقش آتشی چال سے بھریں ۔ نقش ساعتِ شمس میں لکھیں ۔ اور نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں ۔

"الٰہی رحم کن بر حالِ ما
الٰہی کرم کن بر حالِ ما"

~~~~~~~~

اسکے بعد اس نقش کو سبز کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ آمدنی میں زبردست اضافہ ہوگا ۔ ہر طرف روزی کے دروازے کھل جائیں گے

اگر پانچوں اسماء الٰہی کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لیں ۔ تو سونے پر سہاگہ ہوگا مجرب اور تیر بہدف عمل ہے ۔ امید ہے ۔ کہ قارئین اسکی قدر کریں گے ۔

شاہ صبر
~~~~~~~~

شرف مریخ کا خصوصی عمل

اِن لوگوں کیلئے جو دشمنوں پر اپنا غلبہ اور عام بندگان خدا پر اپنا رعب قائم کرنا چاہتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے۔ کہ اپنے نام کے اعداد اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر اس میں ۱۲۳۳ کا اضافہ کریں۔ پھر حسب قاعدہ نقش مندرجہ ذیل چال سے سفید کاغذ پر سُرخ روشنائی سے تیار کر اپنے بازو پر باندھیں۔

اس عمل کو شرف مریخ کے خصوصی وقت میں ہی تیار کریں۔ انشاء اللہ دشمنوں پر غلبہ ہوگا۔ اور عوام و خواص مرعوب ہونگے۔

نقش کی چال یہ ہے۔ نقش کے چاروں طرف اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا لکھیں

۷۸۶

۵	۴	۱۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱۱	۱۴	۱	۸

سورۂ مائدہ کا نقش

فوائد : سورۂ مائدہ کے نقش کو نیچے کاغذ پر لکھ کر اگر دشمن کے راستے میں دبا دیں۔ تو اس کی ترقیاں رُک جائینگی۔

اگر اس نقش کو لکھ کر دو محبت کرنے والوں کو پلا دیا جائے تو انکے درمیان عداوت قائم ہو جائے۔ لیکن اس طرح کے عمل ناجائز محبت کو ختم کرانے کیلئے کرنے چاہئیں جائز محبت کو ختم کرنا کرانا گناہ ہے۔

اگر کوئی شخص اس نقش کو اوجِ مشتری یا شرفِ مشتری میں بنا کر اپنے بازو پر باندھ لے۔ اور اسکے بعد آٹھ دن لگاتار بعد نماز ظہر سورۂ مائدہ کی تلاوت کرتا رہے تو اسکی زندگی میں ان شاء اللہ کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی۔ مال میں اسقدر خیر و برکت ہوگی۔ کہ دیکھنے والوں کی عقلیں حیران ہونگی۔ اس سورہ کو اپنے پاس رکھنے سے دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں

اس سورہ کے نقش کو اگر اس بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ جو جھوٹ بولنے کا عادی ہو۔ تو اس نقش کی برکت سے اسکی جھوٹ بولنے کی عادت چھوٹ جائیگی۔

اگر کسی شخص کو وسوسوں کی بیماری ہو۔ تو وہ یہ عمل کرے پہلے دن 8 مرتبہ سورۂ مائدہ کی تلاوت کرے۔ دوسرے دن 4 مرتبہ کرے تیسرے دن پھر 8 مرتبہ چوتھے دن پھر 5 مرتبہ پانچویں دن تین مرتبہ اور چھٹے دن 6 مرتبہ کرے۔ ان شاء اللہ وساوس کی بیماری سے نجات مل جائیگی۔

اگر کسی کو شراب پینے کی عادت ہو۔ تو اسکو گلاب و زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر سورۂ مائدہ کا نقش لگاتار ۱۱ دن تک پلایا جائے۔ ان شاء اللہ شراب نوشی کی عادت چھوٹ جائیگی۔

سورۂ مائدہ کا نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

۷۸۶

۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۲۲	۲۱۲۱۲۹
۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۴۰
۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۲۴	۲۱۲۱۲۷	۲۱۲۱۳۴
۲۱۲۱۳۸	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۴۳

اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھیں ۔ جب کام کیلئے میں لائیں ۔ بدھ کے دن
ساعت مشتری میں لکھیں ـــــــ مختلف امور میں جیسا بتایا گیا ہے ۔ ان شاء اللہ
الہامی ثابت ہوگا ۔

برائے یرقان

ترکیب :- یرقان کیلئے یہ نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں ۔ ان شاء اللہ تین دن کے
اندر اندر یرقان سے نجات ملے گی مجرب اور آزمودہ ہے ۔
نقش یہ ہے ۔

س	ر	ش	ک
ق	ع	ل	ت
خ	م	ن	ث
ن	س	ر	س

بندش کاروبار

آجکل یہ خباثت عام ہوگئی ہے۔ کہ فتنہ پرور اور حاسد قسم کے لوگ چلتے کاروبار کو سفلی عمل کے ذریعے باندھ دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ اچھا خاصا کاروبار تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اور ان کا ہاتھ تنگ ہو جاتا ہے۔ گھر میں معاشی تنگی شروع ہو جاتی ہے۔ اور ان کی عزت داؤ پر لگ جاتی ہے۔ جو شخص یہ محسوس کرے۔ کہ اسکی اور اسکے کاروبار کی بندش کر دی گئی ہے۔ وہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد یا مُنتقمُ ۶۷۰ مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ اور ایک نقش دکان پر لٹکا دے۔ ان شاء اللہ ۲۱ دن کے اندر اندر بندش کھل جائیگی۔ اور برے اثرات سے نجات ملے گی۔

نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۲	۱۷۵	۱۷۸	۱۶۵
۱۷۷	۱۶۶	۱۷۱	۱۷۶
۱۶۷	۱۸۰	۱۷۳	۱۷۰
۱۷۴	۱۶۹	۱۶۸	۱۷۹

برائے حُبّ

عروج ماہ میں زعفران وگلاب سے سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ اسطرح لکھیں

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
اَلَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

پھر اس نقش کو بازو پر باندھیں۔ اور بعد از نماز عشاء مذکورہ سورہ کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اکیس (۲۱) روز تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ دوران عمل مطلوب کا تصور رکھیں۔ مطلوب عرصہ مسافت میں حاضر ہوگا۔

یہ عمل میاں بیوی یا اگر کہیں سے رشتہ مطلوب ہو۔ تو اس کے لیے بھی تیر بہدف و کئی دفعہ کا آزمایا ہوا ہے۔

نقش سورۂ اخلاص برائے حُبّ

یہ نقش حُب کیلئے نہایت ہی مجرب ہے۔ اور بارہا کا آزمودہ ہے
لیکن عامل کو پہلے اسکی زکوٰۃ ادا کرنا پڑیگی۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ عروج ماہ کو چندی
جمعرات سے بعد از نماز عشاء سورۂ اخلاص کو ۳۱۲۵ مرتبہ اکتالیس روز تک پڑھیں
اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

صبح کی نماز کے بعد روزانہ ۴۱ عدد نقش لکھیں۔ اور آٹے میں لپیٹ
کر گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ ۴۱ ویں دن شیرینی لیکر چھوٹے بچوں میں
تقسیم کر دیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔

بعد از زکوٰۃ ایک چلّہ تک روزانہ چار عدد نقش لکھیں۔ اور
مذکورہ سورہ کو ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں عمل قابو میں رہے گا۔

سورۂ اخلاص کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قُلْ	ھُوَ	اللّٰہ	احد
اللّٰہ	الصَّمَدْ	لَمْ	یَلِدْ
وَلَمْ	یُوْ	لَدْ	وَلَمْ
یَکُنْ	لَہٗ	کُفُوًا	اَحَدْ

تین عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش
طالب کے بازو پر باندھ دیں
ایک نقش کسی پھل دار درخت کیساتھ
لٹکائیں۔

ایک نقش کسی بھاری چیز کے نیچے رکھ دیں۔ انشاء اللہ تین روز کے بعد مطلوب
محبت کی آگ میں جل اٹھے گا۔

نقش سورۂ آلِ عمران

فوائدِ نقش :۔ اس سورہ کا نقش ہر قسم کی بیماری میں ذریعہ شفا ثابت ہوتا ہے ۔
خصوصیت کیونکہ آسیبی اثرات اور جادو کی نحوست کو دفع کرنے میں بہت مفید ہے
اس نقش کو سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے دن دس گیارہ بجے کے
درمیان لکھیں ۔ اس نقش کو اگر سیسے پر کندہ کرا کر گھر میں آویزاں کریں ۔ تو جنات اور
آسیبی اثرات سے حفاظت رہے گی ۔
اس نقش کو اگر مٹی کی پلیٹ پر کالی روشنائی سے بنا کر اسکو کسی مکان
کے دروازے پر لگا دیں ۔ تو وہ مکان اللہ کے فضل و کرم سے آسیبی اثرات سے پوری
طرح محفوظ ہو جائے ۔ اور اگر اثرات پہلے سے موجود ہوں ۔ تو وہ رفع ہو جائیں گے ۔
اسطرح کا نقش دراصل جنات سے ایک طرح کی درخواست ہے ۔ کہ تم لوگ اللہ کے
اس کلام کی وجہ سے یہاں سے چلے جاؤ ۔ اور ہمیں نجات دو ۔۔
جہاں بھی یہ نقش لگایا جاتا ہے ۔ وہاں سے اوپری اثرات رفع ہو جاتے
ہیں ۔ اور گھر اور اسکے سبھی آسیبی اثرات کی صعوبتوں سے محفوظ و مامون ہو جاتے ہیں ۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۵	۴۶۲۴۲	۴۶۲۳۸
۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۴
۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۰	۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۳
۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۵	۴۶۲۴۱

انگوٹھے پر حاضرات کرنا

درود شریف ۔ ۔ ۔ ۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ
مُدت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ چالیس روز (ایک چلّہ)
شروعات ۔ ۔ ۔ ۔ نوچندی جمعرات
پرہیز ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ دودھ ۔ گوشت ۔ انڈا ۔ مچھلی ۔ لہسن ۔ پیاز ۔ عورت
وظیفہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ سورۂ یاسین شریف مبین تک

آزمائش : ہوشمند بچے کو غسل کرا کر سورج کی روشنی میں انگوٹھے پر کاجل لگا کر درود شریف پڑھ کر سورۂ یاسین شریف (مبین تک) پڑھ کر بچے پر پھونک دیں ۔ اور دھیرے دھیرے سلیمان علیہ السلام تخت حاضر شود تخت حاضر شود پڑھتے جائیں ۔ اور بچے پر پھونکتے رہیں ۔
جب تخت بچھ جائے تو بچے سے کہیں کہ اے شاہ جنات "چور کو حاضر کرو" یا جو مقصد ہو ۔ بیان کریں ۔ وہ حاضر کر دے گا ۔ پھر کہیں ۔ کہ اس کی پیشانی پر نام لکھ دو تو نام لکھا ہوا ملے گا ۔ جسے بچہ پڑھ کر بتا دیگا ۔

سائل پر حاضرات کا طریقہ

اگر کسی مرد یا خواتین پر سحر آسیب کا اثر ہو۔ اور برابر ستاتا ہو۔ تو مریض پر حاضرات اس طرح کریں۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ تَنزِیلُ الْعَزِیزِ الرَّحِیمِ لکھ کر تعویذ بنائیں اور مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیں۔ اور بائیں ہتھیلی کو بند کرا کر سورہ یاسین شریف پہلی مبین تک سات مرتبہ پڑھ کر ہتھیلی پر پھونک دیں۔ اگر آسیب و خبائث ہوگا تو فوراً حاضر ہوگا۔
اگر کوئی چیز حاضر نہ ہو۔ تو پھر مریض کو مرض روحانی نہیں بلکہ جسمانی ہے۔

نوٹ: تشخیص سے قبل اگر مریض کے گلے یا جیب میں کوئی تعویذ ہو۔ تو وہ اتار دیں۔ ورنہ صحیح تشخیص نہ ہوگی۔

انتباہ
جنات کو جلانا ٹھیک نہیں ہے ورنہ
عملیات میں رکاوٹ یا کسی خطرے کا
امکان ہے۔ پھر آخرت میں بھی بازپرس کا احتمال ہے

بندش کھولنا (انتہائی مجرب عمل)

چل کھولوں چلوائی کھولوں
ٹونہ کھولوں جادو کھولوں
جنتر کھولوں منتر کھولوں
باندھا ہوا کاروبار کھولوں
قل اعوذ برب الناس .... کھل جا
ملک الناس .... کھل جا
الٰہ الناس .... کھل جا
من شر الوسواس الخناس .... کھل جا
الذی یوسوس فی صدور الناس .... کھل جا
من الجنۃ والناس .... کھل جا

ترکیب: اگربتی کا پیکٹ لیں۔ ہر اگربتی پر علیحدہ علیحدہ ۷ مرتبہ (۷ بار) پڑھ کر دم کریں۔ جب سورج غروب ہونے میں آدھا گھنٹہ رہ جائے۔ تو ایک اگربتی اس جگہ پر جلا دیں۔ اسطرح تین روز تک جلائیں۔ ہر طرح کی بندش کھل جائیگی۔ نہایت ہی مجرب عمل ہے۔ اور میرا بارہا کا آزمودہ ہے

انتباہ

بندش کی صورت میں اپنے طور پر کوئی ورد وظیفہ ہرگز نہ کریں۔ نہ ہی کوئی نقش ٹیک گلے میں ڈالیں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

مجرّب و آزمودہ نقش

برائے اولاد اس نقش کو بروز اتوار صبح ۶ تا ۷ بجے کے درمیان لکھیے۔ اور جب عورت ایام سے فارغ ہو جائے۔ تو ایک نقش عورت کی کمر میں اور ایک نقش مرد کی کمر میں باندھیں۔ اور ۷ نقش روزانہ ۷ روز تک پیتے رہیں۔ اور اس دوران ہمبستر ہوتے رہیں۔ انشاءاللہ حمل قرار پا جائے گا۔

نقش مکرم یہ ہے ۔۔۔

۷۸۶

۸	۱۱	۷۱۵۱	۱
۷۱۵۰	۲	۷	۱۲
۳	۷۱۵۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۷۱۵۲

(۲) اگر کسی عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو اول و آخر درود شریف پڑھ کر ۱۱۱ مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ اور آمین کے ایک گلاس پانی پر دم کریں۔ اور میاں بیوی کو آدھا آدھا پانی پلا دیں اس کے بعد اس عمل کو لگاتار ۷ جمعرات تک جاری رکھیں۔ اور سورہ فاتحہ کا یہ نقش بیوی کے گلے میں ڈلوا دیں۔ انشاءاللہ حمل قرار پا جائیگا۔
یہ بات یاد رکھیں۔ کہ پانی دونوں کو پینا ہے۔ اور تعویذ صرف عورت کو اپنے گلے میں باندھنا ہے۔ تعویذ سرخ رنگ کے کپڑے میں ہوگا۔ پانی اگر دونوں مباشرت کے بعد پیئیں گے۔ تو زیادہ مؤثر ہوگا۔

سورۂ فاطر کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

(۴) استقرارِ حمل کیلئے اس نقش کو ۴۰ عدد لکھ کر روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاءاللہ حمل قرار پائیگا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

یا خالق	یا خالق	یا خالق
یا خالق	یا خالق	یا خالق
یا خالق	یا خالق	یا خالق

(۴) سورہ رعد کا نقش استقرارِ حمل کیلئے نہایت ہی موثر اور آزمودہ ہے
اس نقش کو ایّام سے فارغ ہونے کے بعد عورت اپنے گلے میں ڈالے
نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۶۱۱۷۲	۶۱۱۷۶	۶۱۱۷۹	۶۱۱۶۵
۶۱۱۷۸	۶۱۱۶۶	۶۱۱۷۱	۶۱۱۷۷
۶۱۱۶۷	۶۱۱۸۱	۶۱۱۷۴	۶۱۱۷۰
۶۱۱۷۵	۶۱۱۶۹	۶۱۱۶۸	۶۱۱۸۰

یاالٰہی بہ برکتِ ایں نقش فلاں بنت فلاں حاملہ شود

(۵) استقرارِ حمل کیلئے مندرجہ ذیل نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر
عورت کے گلے میں ڈال دیں ۔ اور ناف تک لٹکائے ۔ انشاءاللہ حمل قرار پائیگا ۔
نقش مکرم یہ ہے —

۷۸۶

۴۴۷	۴۵۰	۴۵۳	۴۴۰
۴۵۲	۴۴۱	۴۴۶	۴۵۱
۴۴۲	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۵
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۳	۴۵۴

یاالٰہی بہ برکتِ ایں نقش فلاں بنت فلاں حاملہ شود

برائے گمرگشتہ اگر کوئی شخص گھر سے ناراض ہوکر بھاگ گیا ہو. یا کوئی شخص گم ہوگیا ہو. تو اسکے لیے درج ذیل نقش لکھ کر ہرے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کرکے گھر میں کسی درخت یا اونچی جگہ پر لٹکا دیں. اور روزانہ اسکی واپسی کا تصور کرتے ہوئے. سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ. چودہ سو مرتبہ (۱۴۰۰) تین یوم تک پڑھیں. انشاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائیگا.

نقش مکرم یہ ہے.

۷۸۶

سلام قولا من رب رحیم		
کھیعص	فلاں بن فلاں واپس آئے.	حم عسق
س ل ا م ق و ل ا م ن ر ب ر ح ی م		

مکان خالی کرانے کا مجرب عمل اگر کوئی شخص کسی مکان پر قابض ہو. اور کسی طرح بھی خالی نہ کرتا ہو. تو درج ذیل نقش اتوار کے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹے کے اندر اندر لکھیے. اور پھر اس پر چالیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھیے. پھر اس نقش کو اس مکان کے اندر کسی جگہ پر یا یہ ممکن نہ ہو. تو دیوار کے کسی سوراخ میں ڈال دے. انشاء اللہ کچھ ہی دنوں کے بعد قابض مکان خالی کر دے گا. نقش اگلے صفحہ پر لکھا گیا ہے

۷۸۶

۷۰۵	۷۱۸	۷۱۵	۷۲۰
۷۱۶	۷۱۱	۷۰۶	۷۱۷
۷۱۰	۷۱۳	۷۲۰	۷۰۷
۷۱۹	۷۰۸	۷۰۹	۷۱۴

بچوں کے رونے کیلئے جو بچہ روتا ہو۔ اس کے لیے اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اور ۲۱ مرتبہ یا حفیظُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچے کو روزانہ ۲۱ روز تک پلادیں۔ ان شاء اللہ بچے کا رونا موقوف ہو جائیگا
نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

ح	ف	ی	ظ
ظ	ی	ف	ح
ف	ح	ظ	ی
ی	ظ	ح	ف

مقدمہ میں کامیابی کیلئے | نوچندی جمعرات روزانہ ایک وقت مقررہ پر کے

مندرجہ ذیل نقش ۲۱ عدد ۱۵ دن لکھیں۔ اور پھر آٹے میں گولیاں بنا کر کسی دریا، ندی یا نالے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ مقدمے میں کامیابی ہوگی۔ مجرب اور آزمودہ نقش ہے

نقش مکرم یہ ہے۔

نوٹ:۔ جس شخص پر مقدمہ ہو۔ یا جو شخص خود مقدمہ لڑ رہا ہو تو وہ خود اپنے ہاتھوں سے یہ نقش لکھے۔ اور دریا میں ڈالے۔ کسی دوسرے شخص سے یہ کام ہرگز نہ کروائے۔ ورنہ ناکامی ہوگی۔

براۓ جادو سحر | جادو ٹونہ ہو۔ یا کسی پر سفلی اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے اس نقش کو لکھ کر بازو یا گلے میں باندھیں۔ اور سات روز یہی نقش مریض کو پلائیں۔ انشاءاللہ جادو سحر سے پوری طرح نجات مل جائیگی۔
نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۵۹۳	۵۹۶	۵۹۹	۵۸۶
۵۹۸	۵۸۷	۵۹۲	۵۹۷
۵۸۸	۶۰۱	۵۹۴	۵۹۱
۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۰

الٰہی بہ برکتِ ایں نقش جادو سحر رفع شود۔

چور کی شناخت کیلئے | اگر یہ معلوم کرنا ہو۔ کہ چوری کس نے کی ہے۔ تو اس نقش کو لکھ کر مشتبہ افراد کو پلائیں۔ جو چور ہوگا وہ کچھ دنوں کے بعد بیمار ہو جائیگا۔ یا چوری کا اعتراف کرے گا۔
نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۲۰۸	۲۰۲	۲۱۰
۲۰۹	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۳	۲۱۱	۲۰۶

خوبصورتی حاصل کرنے کیلئے

خواتین کے مسائل میں سے یہ بھی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ کہ اُن کا چہرہ خوبصورت نہیں ہوتا۔ جس کی وجہ سے لوگ اُن کو پسند نہیں کرتے۔ اور اُن کی شادیاں نہیں ہوتی۔

اگر آپ کا چہرہ بدنما ہے۔ داغ دھبے کیل چھائیاں کسی زخم یا جلنے کے نشان ہیں۔ تو اس آیت کو اکیس ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کرکے صبح و شام چہرے پر ملیں۔ یا وہ کریم جو آپ چہرے پر لگاتی ہیں۔ اُس پر اس آیت کو پڑھ کر دم کر دیں۔ اور صبح و شام یہ کریم چہرے پر لگائیں۔

اور یہی آیت ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کرکے صبح و شام یہ پانی پئیں اس عمل کو لگاتار ۲۱ روز تک کریں۔ انشاءاللہ چہرہ خوبصورت ہو جائے گا۔ اور عجیب طرح کی کشش پیدا ہوگی۔

آیت شریف یہ ہے:

وَإِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ

نکتہ:۔ اگر جادو سحر یا آسیبی اثرات کیوجہ سے چہرہ بگڑ گیا ہو۔ یا نسوانی حسن کی کمی ہو۔ یا قد بڑھنا رُک گیا ہو۔ تو اس کے لیے بھی یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ اور ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے۔

(ماخوذ۔ کتاب خواتین کے مسائل کا روحانی حل)

قوت حافظہ کے لیے

اگر کسی بچے کو سبق یاد نہ رہتا ہو۔ قوت حافظہ کمزور ہو۔ تو اس کے لیے درج ذیل ۲۱ عدد نقش لکھیں۔ اور ایک نقش روزانہ صبح نہار منہ پلایا جائے۔ اور یہی نقش ہرے کپڑے میں پیک کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

نقش مکرّم یہ ہے۔

۷۸۶

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ
والقرآن الحکیم

سوکھے کا علاج

جو بچہ سوکھ جائے۔ اسکے لیے درج ذیل نقش مرغی کے انڈے پر لکھ کر جہاں بچہ سوتا ہو۔ نیچے زمین میں دفن کر دیں۔

نقش مکرّم یہ ہے۔

۷۸۶

نمرود	وامی
رومی	حومی

برائے ترقی ملازمت

ملازمت میں ترقی کیلئے اس نقش کو ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

۷۸۶

یا قادر	یا قدیر	یا قوی	یا مقتدر
یا مقتدر	یا قوی	یا قدیر	یا قادر
یا قدیر	یا قادر	یا مقتدر	یا قوی
یا قوی	یا مقتدر	یا قادر	یا قدیر

حفاظتِ بینائی کے لیے

حفاظت بینائی کے لیے یہ نقش بہت ہی مجرب ہے۔ اور آزمایا ہوا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے۔ کہ اس کو لکھ کر گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے بینائی محفوظ رہے گی۔
نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۶۸	۸۱	۷۸	۷۵
۷۹	۷۴	۶۹	۸۰
۷۳	۷۶	۸۳	۷۰
۸۲	۷۱	۷۲	۷۷

برائے جادو سحر

جو شخص جادو سحر میں مبتلا ہو۔ اس نقش کو لکھ کر مریض کو ۲۱ روز تک پلائیں۔ اور ایک نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ کیسا ہی جادو سحر ہوگا۔ ان شاء اللہ مریض کو پوری طرح سے نجات مل جائیگی۔

نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۱	۲۵۹۴۷	۲۵۹۴۴	۸
۲۵۹۴۵	۷	۲	۲۵۹۴۶
۶	۲۵۹۴۲	۲۵۹۴۹	۳
۲۵۹۴۸	۴	۵	۲۵۹۴۳

امتحان میں کامیابی کے لیے

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ مجرب ہے۔

نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۱۵	۱۴۲۹	۱۴۲۶	۱۴۲۲
۱۴۲۷	۱۴۲۱	۱۴۱۶	۱۴۲۸
۱۴۲۰	۱۴۲۴	۱۴۳۱	۱۴۱۷
۱۴۲۰	۱۴۱۸	۱۴۱۹	۱۴۲۵

آسیبی اثرات

آسیبی مریض کے لیے یہ نقش انتہائی مجرب ہے ۔ ترکیب اسکی یہ ہے ۔ کہ اس نقش کی بتی بنا کر کڑوے تیل میں جلائیں ۔ اور مریض پاس بیٹھ کر اسکے شعلے کیطرف دیکھے ۔ اس عمل کو سات روز تک کریں ۔
نقش مکرم یہ ہے :۔

یہاں سے جلایا جائے ۔

فرعون لعین	ابلیس لعین مردود	ہامان لعین	معوا ا
دعفا ابلیس			عنت معوا ا
لعین مردود فرعون			جنرل ابلیس لعین
معوا ا	فرعون	ابلیس قارون	ہامان لعین
معوا ا	ابلیس لعین	ہامان	فرعون
ابلیس لعین	فرعون	معوا ا	ابلیس لعین
فرعون	لعین ہامان	معوا ا	ابلیس لعین
معوا ا	ابلیس لعین	فرعون لعین ۔	ہامان لعین

نوٹ :۔ ایسے لوگ جن پر آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش ہو ۔ یا ویسے کسی نے لگائی ہوئی ہو ۔ تو انکے لیے بھی یہ نقش بہت موثر ہے ۔ بندش کی صورت میں گھر میں اس وقت نقش کو کڑوے تیل میں جلائیں ۔ جب سورج غروب ہونے میں آدھا گھنٹہ رہ گیا ہو ۔

آسیبی اثرات

اس نقش کی ترکیب میں پچھلے نقش کیطرح ہے۔ کہ کڑوے تیل میں جلائیں۔ اور نقش کے اوپر روئی میں کپڑا لپیٹ کر اسکی بتی بنائیں۔ اور جب نقش جلے تو مریض پاس ہو کر شعلے کیطرف دیکھتا رہے۔
نقش مکرم یہ ہے۔

فرعون	ابلیس	ھامان	۱۱۳
ابلیس	ھامان	۱۱۳	فرعون
ھامان	۱۱۳	فرعون	ابلیس
۱۱۳	فرعون	ابلیس	ھامان
فرعون العجل	ابلیس الساعۃ	ھامان الوحا الوحا	الوحا ۱۱۳

دوسری ترکیب:

اس نقش کی دوسری ترکیب یہ ہے۔ کہ اس نقش کو مریض کے پورے جسم پر اچھی طرح ملیں سر سے شروع کریں۔ اور نیچے پاؤں تک ملیں۔ اسکے بعد اس نقش کو مریض کے پاؤں کے پاس ہی جلا دیں۔ یہ عمل بھی پہلے عمل کیطرح نہایت مجرب المجرب ہے۔

نوٹ: یہ نقش استعمال کرتے وقت مریض کے گلے یا بازو پر کوئی اور نقش نہیں ہونا چاہیے۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

بستر پر پیشاب کرنیکی عادت

بعض بچوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ اس عادت کو چھڑانے کیلئے یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اس نقش کی برکت سے بچہ بستر پر پیشاب نہیں کریگا۔ آزمودہ اور مجرب نقش ہے

نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

علی علی	محمد محمد	اللہ اللہ
رب ب	دل ل	وہ ل

پیشاب کھولنے کے لیے

اگر کسی وجہ سے بچہ پیشاب نہ کرے بند ہو جائے۔ تو اس نقش کو لکھ کر بچے کی ران کیساتھ باندھ دیں۔ انشاءاللہ بند پیشاب کھل جائیگا۔

نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

دعوے	ب	۲۱
۸	ح	درہم
۸	۳	کفا

برائے شفائے امراض

یہ نقش ہر مرض کے لیے تیر بہدف ہے۔ ہر روز ایک پیا نقش لکھ کر مریض کو پلائیں۔ اور ۲۱ روز تک پلاتے رہیں۔ ان شاء اللہ ہر بیماری سے نجات ملے گی۔
نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

س	لا	م
لا	م	س
م	س	لا

آسیبی اثرات بندش کے لیے

اگر کسی شخص پر آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش لگ گئی ہو۔ اور ہر کام میں رکاوٹ ہو۔ تو درج ذیل نقش لکھ کر اپنے پورے جسم پر مل کر جلادیں۔ یہ عمل اس وقت کریں۔ جب سورج غروب ہو رہا ہو۔ انتہائی لاجواب عمل ہے۔

حاضری مال و دولت

ہر قسم کے پرائز بانڈ / لاٹری / پرچی وغیرہ سے انعام حاصل کرنے کیلئے روحانی عمل :-

حقیقی مثال .

یا غنی کے اعداد = ۱۰۶۰
نام ملازم حسین = ۲۴۶ (-)
اعداد منفی کردیں = ۸۱۴
قانون کے اعداد منفی کریں ۱۲

۳) ۸۰۲ (۲۶۷
۶
۲۰
۱۸
۲۲
۲۱
(۱)

کسر خانہ ۱۳

۷۸۶

۲۷۰	۲۷۳	۲۷۷	۲۴۶
۲۷۶	۲۴۷	۲۶۹	۲۷۴
۲۴۸	۲۷۹	۲۷۱	۲۶۸
۲۷۲	۲۶۷	۲۴۹	۲۷۸

الٰہی بطفیل محمدؐ و آل محمدؐ فلاں بن فلاں کی فلاں مراد جلد برآئے بحق یا غنی .

نوٹ : خانہ اوّل تا چار میں نام سائل کے اعداد پُر کریں .
باقی خانہ ۵ سے پُر کریں .
یہ نقش چاندی کے پترے پر یا نقش لکھ کر خوشبو میں بسالیں . اور طالب کو کہیں کہ یا غنی کو تین ہزار مرتبہ (۳۰۰۰) تا حصول مقصد پڑھے . انشاء اللہ مقصد ضرور پورا ہوگا .

برائے گمر گشتہ اگر کوئی شخص گھر سے ناراض ہو کر بھاگ جائے۔ یا بیوی روٹھ کر چلی جائے۔ یا شوہر ناراض ہو کر کہیں چلا جائے۔ تو واپس بلانے کیلئے یہ دونوں نقش مفرور کے کپڑے پر لکھ کر جلائیں۔ انشاء اللہ مفرور واپس آجائیگا۔
وہ دونوں نقشِ مکرم یہ ہیں۔

با صیلہ
شا فلاں باز آید

با صیلہ
شا فلاں باز آید

فلاں
بن
فلاں

نوٹ: اگر کسی بھاگے ہوئے شخص کا پتہ چل جائے۔ کہ وہ فلاں جگہ پر ہے۔ لیکن آنے سے انکار کرے۔ تو درجِ ذیل نقش کو لکھ کر گھر میں کسی درخت یا اگر درخت نہ ہو۔ تو کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تین دن کے اندر اندر واپس آجائے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔
نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔
اینما تکونوا یأت بکم اللہ جمیعا ان اللہ علی کل شئ قدیر
فلاں بن فلاں باز آید

برائے جادو سحر آسیبی اثرات اگر کسی شخص پر جادو سحر یا آسیبی اثرات ہوں۔ جنات وغیرہ تنگ کرتے ہوں۔ تو چل کاف کا نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

چل کاف کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

الٰہی بہ برکتِ ایں نقش جادو سحر آسیبی اثرات رفع شود

ایضاً اس طلسم کو لکھ کر آسیب زدہ کو دھونی دیں۔ ان شاء اللہ آسیب جل جائیگا۔

وہ طلسم یہ ہے۔

۱۶۹۹۱۱۱

خیر و برکت کیلئے اگر کسی کے گھر میں خیر و برکت نہ ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر دروازے کے اوپر لٹکا دیں۔
نقش مکرم یہ ہے۔

اح ۷۸۶ دس

۲۳۴	۲۲۷	۲۳۲
۲۲۹	۲۳۱	۲۳۳
۲۳۰	۲۳۵	۲۲۸

آسیبی اثرات رجعت یا آسیبی اثرات کی صورت میں یہ نقش گیارہ عدد لکھ کر روزانہ ایک نقش مریض کو پلائیں۔ اور اسکے بعد یہ نقش ملا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ مریض کو رجعت و آسیبی اثرات سے مکمل نجات مل جائیگی۔
نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

حافظ	حفیظ	رقیب	وکیل	ناصر
حفیظ	رقیب	وکیل	ناصر	نصیر
رقیب	وکیل	ناصر	نصیر	قادر
وکیل	ناصر	نصیر	قادر	قدیر
ناصر	نصیر	قادر	قدیر	سلام

الہٰی [illegible] این نقش رجعت آسیبی اثرات رفع شود

آسیبی اثرات

جادو سحر و آسیبی اثرات کے لیے اس سے بہتر میں نے کوئی اور نقش نہیں دیکھا۔ ترکیب اسکی یہ ہے۔ کہ اس نقش کو لکھ کر مریض اپنے پورے جسم پر ملے یعنی سر سے لیکر پاؤں تک اسی طرح پورے جسم پر رگڑیں۔ پھر اسکو اسی وقت جلا دیں۔ یہ عمل دن میں کئی مرتبہ کریں
نقش مکرم یہ ہے۔

فرعون	ابلیس	ہامان	شداد
ابلیس	ہامان	شداد	نمرود
ہامان	شداد	نمرود	لعین
شداد	نمرود	لعین	ابلیس

لشکر فرعون در دریائے نیل غرق شود

خون حیض کو بند کرنے کیلئے

اگر کسی عورت کا آسیبی اثرات کی وجہ سے خون حیض جاری ہو۔ تو اس کے لیے بھی یہ نقش انتہائی کارآمد ہے۔ اوپر جو ترکیب لکھی ہے۔ اسی کے مطابق اس نقش کو عمل میں لائیں۔ اور ایک نقش کمر کے ساتھ باندھ لیں۔

برائے اولاد

اگر کسی عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو ۔ تو اس نقش کو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں ۔ مجرب اور آزمایا ہوا ہے ۔
نقش مکرم یہ ہے ۔

۷۸۶

۴۲۷۳	۴۲۶۸	۴۲۷۵
۴۲۷۴	۴۲۷۲	۴۲۷۰
۴۲۶۹	۴۲۷۶	۴۲۷۱

لوگوں پر رعب طاری کرنا

دوسروں پر رعب طاری کرنے کے لیے اس نقش کو لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ۔
نقش مکرم یہ ہے ۔

۷۸۶

۱۵۳۱۳	۱۵۳۱۶	۱۵۳۱۹	۱۵۳۰۵
۱۵۳۱۸	۱۵۳۰۶	۱۵۳۱۲	۱۵۳۱۷
۱۵۳۰۷	۱۵۳۲۱	۱۵۳۱۴	۱۵۳۱۱
۱۵۳۱۵	۱۵۳۱۰	۱۵۳۰۸	۱۵۳۲۰

گندذہن

اگر کوئی بچہ گند ذہن ہو۔ تو اسکے لیے یہ نقش لکھ کر فریم میں فٹ کروالیں۔ اور بچہ صبح و شام اس نقش کو ایک ایک منٹ کیلئے دیکھے۔

نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

ص ص	ع ع	و ف	ط ط	ط ط
و د	ع ع	ص ص	و ف	ع ع
ط ط	و ص	ع ص	ع ع	ع ع
و ط	ط ط	ط ط	ع ع	ع ع

گردشِ ایام سے نجات کیلئے

اگر کوئی شخص گردشِ ایام کا شکار رہو۔ تو اس نقش کو روزانہ ایک وقت مقررہ کرکے چالیس روز تک لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالدے۔ انشاء اللہ گردشِ ایام سے پوری طرح نجات مل جائیگی

نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

بحق یا سلطان

۵۷	۵۰	۵۵
۵۲	۵۴	۵۶
۵۳	۵۸	۵۱

بحق یا سلطان

بحق یا سلطان

برائے شادی | جس لڑکی کے رشتے نہ آتے ہوں ۔ نقش لکھ کر اسکی کمر میں باندھیں ۔ نقش کمر پر رہنا چاہیئے ۔ گرہ آگے لگائیں ۔ ۳ ماہ کے اندر اندر انشاء اللہ پیغام موصول ہوگا ۔

نقشِ مکرّم یہ ہے ۔

۷۸۶

ص	ط	ع	ر	ث
ث	ص	ط	ح	ف
ق	ث	س	ط	ع
ح	ن	ی	ص	ع
ط	ف	ی	ع	ع

الٰہی بہ برکت ایں نقش پیغام نکاح موصول شود

زبان دراز خاوند کیلئے | اگر کسی عورت کا خاوند زبان دراز ہو ۔ تو اس عورت کو چاہیے یہ نقش لکھ کر جنگل میں دفن کردے ۔ انشاء اللہ اس کی زبان بُری عادتوں سے محفوظ رہے گی ۔

نقشِ مکرّم یہ ہے ۔

۷۸۶

۷	۲	۳۵۰	۳۴۳
۳۴۶	۳۴۷	۳	۶
۱	۸	۳۴۴	۳۴۹
۳۴۸	۳۴۵	۵	۴

بستم زبان فلاں بن فلاں علی حُبّ فلاں بن فلاں

امتحان میں کامیابی کیلئے

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔
نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۵۹	۱۵۶۲	۱۵۶۶	۱۵۵۶
۱۵۶۵	۱۵۵۳	۱۵۵۸	۱۵۶۳
۱۵۵۴	۱۵۶۸	۱۵۶۰	۱۵۵۷
۱۵۶۱	۱۵۵۶	۱۵۵۵	۱۵۶۷

برائے حُب

حُب کیلئے اس نقش کو نوچندی جمعرات کو پہلی ساعت میں لکھ کر کسی وزنی پتھر کے نیچے دبا دیں۔ سات روز کے بعد اس نقش کو نکال کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ مطلوب محبت میں بیقرار ہو کر عاجزی کریگا۔
نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۹۴
۲۰۱			۲۰۰
۱۹۱			۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

	۲۴	۲۳
۲۶	۲۲	۱۸
۲۱	۲۰	۲۵

المحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق طٰہٰ وبحق یٰسٓ
وبحق وبحق بابدوح فسیکفیکہم اللہ وھو السمیع العلیم العجل الساعۃ الوحا

آپ کے مسائل کا روحانی حل

آسیبی امراض سے نجات

ایسے لوگ جن پر جنات یا کوئی ذی روح مسلط ہوا۔
محسوس ہوتا ہو۔ یا حاضر رہتی ہو۔ اور کسی بھی طرح
مریض کو چھوڑنے کیلئے تیار نہ ہو۔ اور اسکی وجہ سے
بندش لگی ہوئی ہو۔ تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں
ہے۔ آپ آج ہی مجھ سے رابطہ کریں۔ مسلط شدہ
قوت کو حاضر کر کے اس سے بات چیت کر کے یا تو
اس کو گرفتار کر لیا جائیگا۔ یا پھر جلا دیا جائے گا۔
اور مریض کو ہمیشہ کیلئے اس سے نجات مل جائے گی۔

براۓ خونِ حیض

اگر کسی عورت کا خون حیض جاری ہو ۔ تو درج ذیل نقش کو کبوتر یا بکری کے خون سے لکھ کر عورت کی کمر کے ساتھ باندھ دیں انشاء اللہ خون حیض رُک جاۓ گا ۔

نقش مکرّم یہ ہے ۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

براۓ نکسیر

نکسیر کے لیے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور ویسے ایک نقش گیارہ روز تک پلائیں ۔ انشاء اللہ نکسیر کے مرض سے نجات مل جائیگی ۔ مجرب ہے ۔

نقشِ مکرّم یہ ہے ۔

۷۸۶

لوطا	لوطا	لوطا
لوطا	طلوطا	لوطا
لوطا	طلوطا	لوطا

ان اللہ یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیما غفورا

حاضرات کے مجرب طریقے (رازِ سینہ)

برائے تشخیص مرض

کسی بھی مریض کا علاج کرنے سے قبل تشخیص ضروری ہے۔ مریض کی مرض کی تشخیص کرنے میں کامل سنجیدگی اور احتیاط سے کام لیں۔ کیونکہ تشخیص ہی سے صحیح علاج ممکن ہے اگر تشخیص غلط ہوگی۔ تو لامحالہ علاج بھی غلط ہوگا۔ اور بجائے فائدے کے مریض کو نقصان پہنچے گا۔ اسلئے علاج سے زیادہ تشخیص پر توجہ دینی چاہئیے۔

ہم ذیل میں اسطرح کا ایک نقش لکھ رہے ہیں جس سے کسی بھی آسیبی مریض کی تشخیص صد فی صد درست ہوگی۔ آپ بھی تجربہ کرکے مجھے ضرور آگاہ کریں۔

وہ نقشِ مکرمہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

وصلی اللہ علیہ وسلم وآلہ اصحابہ اجمعین

ترکیب: پہلے اس نقش کو لکھیں۔ نوچندی جمعرات یا شرف قمر کے موقعہ پر لکھیں۔ پھر اسکو موم جامہ میں پیک کریں اور جب بھی کسی مریض کی تشخیص کرنی ہو۔ تو یہ نقش اسکے

ہاتھوں میں پکڑا دیں ۔ اگر نقش پکڑنے سے مریض کے

سر اور کندھے وزنی ہو جائیں ۔۔۔۔ تو جانو کہ مریض پر آسیبی

اثرات ہیں۔

(۲) اگر نقش پکڑانے سے مریض کے اوپر کوئی چیز حاضر ہو جائے ۔ تو سیدھی سی بات ہے ۔ آپ اُس سے بات چیت کریں۔

(۳) اگر نقش پکڑانے سے مریض کے بدن دل وغیرہ میں سوئیاں چبھیں ۔ تو جانو کہ مریض کے اوپر تعویذات کیے گئے ہیں۔

(۴) اگر مریض کو نقش پکڑانے سے کچھ بھی محسوس نہ ہو ۔ تو پھر مریض کو مرض جسمانی ہے بلکہ جسمانی ہے ۔۔۔۔

انتباہ : چونکہ یہ نقش حاضرات کا ہے ۔ اسلئے مریض پر بڑی سی بڑی یا دوسرے عمل چیز بھی حاضر ہو سکتی ہے ۔ جو کہ مریض پر خلط ہو گی ۔ اسلئے اس نقش کو وہی لوگ عمل میں لائیں ۔ جو کہ حاضرات کے بارے میں علم رکھتے ہیں ۔ تاکہ وہ حاضر شدہ چیز سے بات چیت کر کے اُس کو گرفتار کر سکیں ۔ یا جلا دیں ۔ وہ لوگ جو کہ حاضرات کے بارے میں کچھ نہیں جانتے ۔ وہ اس نقش کو عمل میں ہرگز نہ لائیں ورنہ جالوسی یا کسی نقصان کا اندیشہ ہے ۔

(۲) اگر مریض کے علاوہ کسی بچے پر حاضرات کرنی ہو ۔ تو پھر اس میں کوئی ڈر خوف والی بات نہیں ہے ۔ بشرطیکہ بچہ آسیبی مریض نہ ہو ۔ اگر کسی بچے پر حاضرات کرنی ہو ۔ تو اس نقش کو بچے کے ہاتھوں میں پکڑا دیں ۔

اور اسکو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کرے. تھوڑی ہی دیر میں نقش کے موکلین حاضر ہونگے. آپ جو بھی سوالات پوچھیں گے اُن کا جواب آپکو ملے گا.

(۳) تیسری ترکیب یہ ہے جو کہ مریض کی تشخیص کیلئے بہت کار آمد ہے. وہ یہ کہ نقش کے سولہویں خانے میں جہاں پر لفظ (ح) لکھا ہے. اسکو کالا کر دیں.

نقش اسطرح بنے گا.

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

۱۱۱۵ ھ — ۱۱۱۱ حا

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	■	و
و	ح	ب	د

حاضرات حاضر شو بحق یا بدوح

اس نقش کو لکھ کر فریم کروالیں. مریض کی تشخیص کرنی ہو تو مریض کو کالی جگہ پر دیکھنے کیلئے کہیں. اگر بچے پر حاضرات کرنی ہو تو بچے کو تاکید کریں کہ وہ کالی جگہ پر نظر رکھے.

اشتباہ: مریض کی تشخیص کرنے کیلئے یا بچے پر حاضرات کرنے کیلئے مریض کے سامنے یا بارہ مریض کی طرح کا دوسرا نقش

سین ہونا چاہیے۔ نہ ہی اس بچے کے پاس کوئی دوسرا نقش ہو جس پر آپ حاضرات کر رہے ہیں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔ اسلئے احتیاط کریں۔

ایک راز | جنات کے علاوہ کسی بھی انسان کو اس نقش کے ذریعے حاضر کیا جا سکتا ہے۔ یہاں پر ہم صرف نقش لکھیں گے۔ نقش کی زکواۃ و ترکیب نہیں لکھی جائیگی۔ چونکہ یہ طریقے مخفی اور تیر بہدف ہیں۔ اسلئے ایسے راز کسی نا اہل کے ہاتھ بھی لگ سکتے ہیں۔ اسلئے ایسے رازوں کو کتابوں میں افشاء کرنا کوئی عقل مندی کا کام نہیں ہے۔

حاضری مطلوب | اگر سوائے جنات کے کسی انسان کو حاضر کرنا ہو تو اسکیلیے نقش اسطرح بنے گا :-
نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

فلاں بن فلاں	۱۲۶	۷۰	۱۴
۲۲	۱۲	پ	۲۴
۱۰	۱۶	۳۰	د
۶۸	۹	ح	۱۸

گمشدہ / روٹھے ہوئے / غائب افراد کو واپس بلانا

ایسے لوگ جو کہ گھر سے ناراض ہوکر بھاگ گئے ہوں۔ یا گم ہوگئے ہوں۔ اُن کے لیے جب نقش بنائیں۔ تو نقش کے چاروں کونوں پر یہ عبارت لکھی جائیگی۔

مثال نقش اسطرح بنے گا۔

بستم راہِ مشرق فلاں بن فلاں تانہ رود بخانہ (طالب یا جگہ جہاں بلانا ہے) بیاید

بستم راہ جنوب فلاں بن فلاں تانہ رود بخانہ (طالب یا جگہ جہاں بلانا ہے) بیاید

بستم راہ شمال فلاں بن فلاں تانہ رود بخانہ (طالب یا جگہ جہاں پر بلانا ہے) بیاید

بستم راہ مغرب فلاں بن فلاں تانہ بخانہ طالب یا جگہ جہاں پر بلانا ہے) بیاید

حروف کی مخفی قوتوں کے راز

حروف	اسم	مقاصد
ب۔ د۔ و۔ ح	بدوح	حاضری مطلوب۔ تسخیر ہمزاد گمشدہ/روٹھے ہوئے کو واپس بلانا۔
ا۔ ج۔ ھ۔ ز۔ ط	اجھزط	بغض۔ نفاق۔ طلاق۔ جدائی دشمن کو تباہ و برباد کرنا۔
ا۔ ح۔ د۔ ر۔ س۔ ص ط۔ ع۔ ک۔ ل۔ م۔ و۔ ہ	احدرسص طعکلموہ	برائے بندش۔ قدم بندی زبان بندی کسی بھی چیز کو باندھنا۔ وغیرہ
ا۔ ب۔ ج۔ ح	ابجح	علم الرمل کے ایک دائرے کا نام ہے۔ تفصیل آگے ملاحظہ فرمائیں۔

حروف ابجد میں یہ حروف ب۔ د۔ و۔ ح جفت ہیں۔ ماہرین عملیات کے نزدیک یہ حروف حاضری مطلوب و تسخیر ہمزاد کے لیے نہایت ہی مؤثر ہیں۔ ہمارا بھی یہی تجربہ ہے۔

حاضری مطلوب و تسخیر امراض کے نقش گذشتہ صفحات پر دیے گئے ہیں تسخیر ہمزاد کے اعمال آپ اگلے صفحات پر پڑھیں گے

(۲) حروف ابجد میں یہ حروف اج ھ ز ط طاق ہیں۔ چونکہ بغض طلاق جدائی، دشمن کو تباہ و برباد کرنے کیلئے تیر بہدف ہیں۔ ان سے اعمال شر تیار کیے جاتے ہیں:

احجزط کا نقش اسطرح بنے گا:

[illegible]

یا میکائیل				یا جبرائیل
احجزط	احجزط	احجزط	احجزط	احجزط
احجزط	احجزط	احجزط	احجزط	احجزط
احجزط	احجزط	احجزط	احجزط	احجزط
احجزط	احجزط	احجزط	احجزط	احجزط
احجزط	احجزط	احجزط	احجزط	احجزط
یا عزرائیل				یا اسرافیل

یا سلیمان ع (بائیں جانب) — یا سلیمان ع (دائیں جانب)

[illegible]

بغض کے لیے ایک نقش مار کر قبر میں دفن کریں۔ پھر تماشہ دیکھیں۔

حرفی نقش اسطرح بنے گا ۔ ان ۹ حروف کو ایک خاص ترتیب سے ۹ خانوں میں پُر کیا گیا ہے ۔

نقش اس طرح بنے گا ۔

۷۸۶

ه	ج	د
ز	ه	ج
ط	ز	ه

بُغض کے لیے اس نقش کو مرغی کے انڈے یا سیسے کی دھات یا ٹھیکری پر لکھ کر گرم کریں ۔

گمشدہ چیز کے لیے

اگر آپ کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو ۔ یا آپ رکھ کر بھول گئے ہوں ۔ تو یہ عمل کریں ۔ تین مرتبہ آیت الکرسی مع بسم اللہ پڑھیں ۔ اور زور سے تالی بجائیں ۔ یہ عمل تین دفعہ کریں ۔ انشاءاللہ وہ چیز مل جائیگی ۔ یا یاد آجائیگی ۔ جو چیز چھوڑ دی گئی ہو ۔ اس کے لیے یہ عمل کارآمد نہ ہوگا ۔

(۳) ا ح د ر س ص ط ع ث ل م و ہ

ان حروف کے اوپر نیچے نقطہ نہیں ہے۔ ان کو حروف صوامت کہتے ہیں
کسی بھی چیز کو ان سے باندھا جاتا ہے۔
ان حروف کا نقش اس طرح بنے گا۔

یا جبرائیل — ۷۸۶ — یا میکائیل

ا	ح	د	ر	س	ص	ط
ح	د	ر	س	ص	ط	ع
د	ر	س	ص	ط	ع	ث
ر	س	ص	ط	ع	ث	ل
س	ص	ط	ع	ث	ل	م
ص	ط	ع	ث	ل	م	و
ط	ع	ث	ل	م	و	ہ

یا اسرافیل — یا عزرائیل

ترکیب زکواۃ | سورج گرہن چاند گرہن یا قمر در عقرب میں اس نقش کو ۵۴۳ مرتبہ لکھ کر کسی جگہ پر دفن کر دیں۔

نوٹ: جن لوگوں نے حروفِ صوامت کی زکواۃ ادا کی ہوئی ہے۔ ان کو اس نقش کی زکواۃ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ابدح

ان حروف کی بنیاد پر رمل کی سولہ[۱۶] اشکال بنی ہیں۔ جو کہ اس طرح ہے۔ کہ جس حرف کے سامنے فرد (٥) ہوگا۔ اس کا عدد تصور کیا جائے گا۔
اور جس جگہ زوج (–) ہوگی۔ اس کا عدد نہیں لیا جائیگا۔

حروف	اعداد	عنصر
ا	۱	آتش
ب	۲	باد
د	۴	آب
ح	۸	خاک

مثال ۱: شکل نمبر ۲ کو دیکھو ب کے عدد ۲ ہیں۔ اسکے مقابل فرد (٥) ترتیب دیا گیا۔ باقی ا د ح کی جگہ پر زوج ہے۔ اسلئے اسکا عدد ۲ ہوگا۔

ا	۱	آتش	—
ب	۲	باد	٥
د	۴	آب	—
ح	۸	خاک	—

مثال نمبر ۲

شکل نمبر ۱۰ کو دیکھو۔ ب کے عدد ۲ ہیں۔ اور اس کے مقابل فرد (٥) ہے۔ ح کے عدد ۸ ہیں۔ اس کے مقابل بھی فرد ہے۔ ۸ + ۲ یہ دسویں شکل بنی ہے۔

ا	۱	آتش	—
ب	۲	باد	٥
د	۴	آب	—
ح	۸	خاک	٥

دائرہ البروج

نمبر شمار	شکل	نام
۱		لحیان
۲		حمرہ
۳		نصرۃ الخارج
۴		بیاض
۵		قبض الخارج
۶		اجتماع
۷		عتبہ الخارج
۸		انکیس
۹		عقلہ
۱۰		قبض الداخل
۱۱		فرح
۱۲		نصرۃ الداخل
۱۳		نقی
۱۴		عتبہ الداخل
۱۵		طریق
۱۶		جماعت

دائرہ ابدح میں 16 اشکال ہیں۔ چار چار اشکال ہر عنصر ہر سمت جنس سے منسوب ہیں۔ جو کہ اس طرح ہیں:

اشکال آتشی = مذکر ۔ مشرق

اشکال بادی = مذکر ۔ مغرب

اشکال آبی = مؤنث ۔ شمال

اشکال خاکی = مؤنث جنوب

دائرہ ابدح کی سولہ (16) اشکال میں سے چار اشکال خارج و چار اشکال منقلب چار اشکال داخل اور چار اشکال ثابت ہیں۔ جو کہ اس طرح ہیں۔

اشکال خارج :

اشکال داخل :

اشکال منقلب :

اشکال ثابت :

اصول وقواعد احکامات شغلیہ

زائچہ رمل میں کسی بھی سائل کا سوال ان چار اقسام سے باہر نہ ہوگا۔ جب بھی کوئی سائل سوال کرے۔ تو اس پر غور کریں۔ کہ سوال کس نوعیت کا ہے۔ پھر خانہ مقصد کو دیکھیں۔ کہ سوال کا تعلق کس خانے سے ہے۔ پھر ان خانوں میں مقصد کی اشکال دیکھیں۔ اگر ان خانوں میں مقصد کی اشکال آ جائیں۔ تو سائل کو کامیابی ہوگی۔

سوالات کی اقسام

سوال	تشریح
۱ ارادہ خروج	اور خروج کے خارج ہونا۔
۲ دخول	قبضہ و دخل کے ہیں۔ جنکا تعلق حصول یا وصول سے ہے۔
۳ انقلاب	تغیر۔ و تبدیلی
۴ ثبوت	ثبوت کار و توقف

(۱) **خروج**: خروج سے مراد سفر کرنا۔ بیماری سے صحت پانا رہا ہونا۔ حمل سے بچے کا باہر آنا

(۲) **دخل**: سے مراد حصول حال۔ کسی شئے پر قبضہ کرنا۔ کسی چیز کو حاصل کرنا۔ وغیرہ

(۳) **انقلاب**: سے مراد مکان بدلنا۔ لباس بدلنا۔ کسی دوسری جگہ جانا وغیرہ ـــــ

(۴) **ثبوت** : سے مراد مکان بنانا۔ باغ لگانا۔ وہ باتیں جن کا تعلق استقلال و قیام سے ہو۔

مزید تشریح کیلئے اس جدول کو دیکھیں تاکہ بات سمجھ آجائے۔ میں نے اس جدول کو بڑی محنت سے ترتیب دیا ہے۔ اور اس علم کو آسان سے آسان بنانے کیلئے بڑی کوشش کی ہے۔ جو لوگ اس سے عمل کریں گے۔ ان کے لیے سائل کے کسی بھی سوال کا جواب دینا انتہائی آسان ہو جائیگا۔ اسلیئے رمل کے ان اصول و قواعد کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں۔ شائقین رمل کیلئے یہ مضمون کسی ہیرے جواہرات سے کم نہیں ہے۔ امید ہے کہ قارئین قدر کریں گے۔

سوالات کی اقسام

(۱) کسی چیز کا آنا = (حصول)
(۲) کسی چیز کا جانا = (خروج)

سب سے پہلے اس بات پر غور کریں۔ کہ دنیا میں ایک کسی چیز کا آنا ہوتا ہے۔ اور دوسرا کسی چیز کا جانا ہوتا ہے۔ جو چیز آرہی ہو اُسے حصول کہتے ہیں۔ مثلاً روپیہ پیسہ کا آنا پا ملنا۔ اور جو چیز جا رہی ہوتی ہے۔ اس کو خروج کہتے ہیں۔ مثلاً روپیہ پیسہ خرچ کرنا یا ضائع کرنا۔ یا چوری ہو جانا۔

جو چیز آسانی سے ملے۔ یا حاصل ہو۔ مثلاً روپیہ پیسہ کا حصول

تو اس کے لیئے زائچہ رمل میں مقاصد کی اشکال سعد داخل ہوتی ہیں۔

جوکہ یہ ہیں۔

جو چیز دشواری سے ملے گی مثلاً روپیہ پیسہ تو زائچہ رمل میں

نحس داخل اشکال ہونگی۔ جوکہ یہ ہیں۔

اسی اصول کے تحت احکامات لگائے جاتے ہیں۔ اور سائل کے سوالوں کے

جوابات دیئے جاتے ہیں۔

مزید تشریح کیلئے اب آپ آگے اس جدول کو دیکھیں۔ اس میں

سائل کے ہر سوال کا جواب موجود ہے۔

نوٹ: ۔ اس موضوع کی مزید جانکاری کیلئے کتاب کرشمۂ رمل کا مطالعہ کریں۔

نمبر شمار	سوالات کی اقسام	تشریح	شکلیں مثالیں	داخل / خارج ثابت / منقلب	سوال کی نوعیت
(۱)	خروج	اوپر فرج کے وخارج ہونا		خارج	سفر کرنا بیماری سے صحت پانا. قیدو حوالات سے باہر آنا. حمل سے بچے کا باہر آنا. اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہو تو خانہ مقصد میں یہ اشکال آ جائیں. تو سائل کو کامیابی ملے گی. (سعد خارج سے آسانی کیا تو نحس خارج سے بعد از دشواری)
(۲)	دخول	قبضہ - حصول یا وصول		داخل	حصول مال - وصول کرنا کسی شئے پر قبضہ کرنا. آمد غائب شادی و نکاح. اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہوگا. تو خانہ مقصد میں اگر یہ اشکال آجائیں تو حکم بر آنے کا ہوتا ہے. (سعد داخل سے آسانی کیا تو نحس داخل سے بعد از دشواری)

(۳)	انقلاب	تغیر و تبدیلی		منقلب	تبادلہ۔ مکان بدلنا۔ کسی دوسری جگہ پر جانا۔ اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہوگا۔ تو خانہ مقصد میں اگر یہ اشکال آجائیں۔ تو سائل کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی۔ منقلب سے ہونے نہ ہونے میں اندیشہ۔
(۴)	ثبوت	استحکام و ثبات		ثابت	مکان بنانا۔ جائیداد بنانا باغ لگانا۔ وہ باتیں جنکا تعلق استقلال و قیام سے ہو۔ اگر سائل کا سوال اس نوعیت کا ہوگا۔ تو اگر خانہ مقصد میں یہ اشکال آجائیں۔ تو حکم برآنے کا ہوتا ہے۔ (سعد ثابت سے آسانی ہوگا تو نحس ثابت سے بعد از دشواری)

مثالی زائچہ

سوال :- ایک شخص نے سوال اپنی شادی کے بارے میں کیا کہ ہوگی یا کہ نہیں

جواب :- جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ یاد رہے کہ اس سوال کا تعلق حصول سے ہے۔ اور خانہ ہائے مقاصد ۱ اور ۷ ہیں۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ خوش الحال کی رو سے اس کا حل بالائے تحریر ہے۔

عل

عکس

اشکال ۱ اور ۷ کو زائچہ میں دیکھا۔ شکل اوّل نحس خارج ہے۔ اور شکل خانہ ہفتم سعد خارج ہے دیکھا پر نوسائل کو اپنے مقاصد میں کامیابی ملتی نظر نہیں آتی۔

لیکن خانہ چودہ میں دیکھا۔ خانہ ہفتم شکل کا عکس خانہ چودہ میں موجود ہے۔ بیان کیا کہ سائل کو فی الحال اس کام میں کامیابی نہیں ہے۔ لیکن بعد میں کسی وقت ہی کامیابی مل سکتی ہے

(واللہ اعلم بالصواب)

س: ایک سائل نے سوال کیا۔ کہ میرا طالع آجل کس ستارے سے تعلق رکھتا ہے؟

اہل رنگب ز کا قول ہے۔ کہ جملہ افراد رمل شمار کر کے ہفت ہفت سے طرح دلوے۔ پس اگر

ایک باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ زحل
دو باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ مشتری
تین باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ مریخ
چار باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ آفتاب
پانچ باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ زہرہ
چھ باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ عطارد
سات باقی رہے ۔ ۔ ۔ ۔ قمر

اس سوال کے جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ جملہ افراد زائچہ کے شمار کیے۔ جو کہ ۲۶ ہیں ان کو سات پر تقسیم کیا۔

۲۶ ÷ ۷ = ۵ باقی بچے

بیان کیا۔ کہ آجل سائل کے طالع کا تعلق ستارہ زہرہ سے ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

س : قرض لینا چاہتا ہوں ۔ کسی سے ملے گا یا کہ نہیں ؟

اصول و قواعد : اگر خانہ دوم کی شکل سعد داخل ہو ۔ اور خانہ ہشتم کی شکل خارج تو قرض ملے گا ۔ اگر خانہ دوم میں شکل نحس داخل ہو ۔ اور آٹھویں میں نحس خارج تو بڑی مشکل و تردد سے قرضہ ملے ۔

اگر خانہ دوم ہشتم میں اشکال منقلب ہوں ۔ تو کچھ قرض ملے کچھ نہ ملے ۔

اگر دونوں خانوں میں اشکال ثابت ہوں ۔ تو وعدہ کرے ۔ کچھ نہ دے ۔

اگر خانہ دوم و ہشتم میں اشکال ثابت یا داخل ہوں ۔ اور خانہ ہشتم نحس خارج یا نحس ثابت ہوں ۔ تو کچھ قرض ملے ۔

اگر خانہ دوم و ہشتم میں دونوں اشکال داخل ہوں ۔ تو کوئی چیز گروی رکھنا پڑے ۔

اور اگر دونوں خانوں میں دونوں اشکال خارج ہوں ۔ تو کسی سے بھی قرضہ نہ ملے

ایک سائل کیلئے زائچہ کشید کیا گیا ۔
سوال قرض ملے گا یا کہ نہیں ؟ ۔
یاد رہے ۔ کہ اس سوال کا تعلق حصول سے ہے ۔ جس کا تعلق خانہ دوم و ہشتم سے ہے ۔ شکل خانہ دوم میں سعد داخل ہے ۔ اور خانہ ہشتم میں سعد خارج بیان کیا کہ سائل کو قرض مل جائیگا ۔

(واللہ اعلم بالصواب)

ایک سائل نے سوال کیا، کہ میرا مکان کیسا ہے ؟ کیا میں اس مکان میں امن سے رہوں گا ؟

سعادت و نحوست مکان :- اگر خانہ چہارم میں لحیان ( ) نصرۃ الداخل ( ) یا بیاض ( ) نصرۃ الخارج ( ) قبض الداخل ( ) آئے، یہ مکان کے سعادت کی دلیل ہے۔
اگر خانہ چہارم میں جماعت ( ) اجتماع ( ) آئے، تو یہ مکان نحس ہے۔ اس مکان میں جادو کیا ہے۔ اگر عتبہ الخارج ( ) یا قبض الخارج ( ) آئے، تو مکان منحوس ہے۔ اگر انکیس ( ) آئے۔ تو اس مکان کے نیچے قبر ہے۔
اگر عقلہ ( ) آئے۔ تو اس مکان میں دفینہ ہے۔

خانہ اول و چہارم کو ضرب دو۔ حاصل ضرب کو یازدہم سے ضرب دو نتیجہ یعنی حاصل ضرب اگر بد ہے۔
اور خانہ دوم میں تکرار کرے۔ تو روپیہ کا نقصان
اگر چہارم میں تکرار کرے۔ آتشی شکل ہے۔ تو مکان کو آگ لگے۔
آبی شکل ہے۔ بارش سے گرے۔ خاکی ہے۔ خشکی میں گرے گا۔
خانہ پنجم میں تکرار کرے۔ تو بچے مریں۔ ششم میں تکرار کرے۔ تمام گھر والے بیمار رہیں۔ ہفتم میں تکرار کرے۔ ہمیشہ جھگڑا رہے۔ اگر نہم میں تکرار کرے شہر بدر ہو۔
دوازدہم میں تکرار کرے۔ قید ہو۔

اس سوال کے جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھوں سے ڈلوایا گیا۔
خانہ چہارم میں شکل طریق ہے ( ) جس کا تعلق جادو سحر کیا گیا ہے

علم

بیان کیا کہ سائل کا گھر ہے۔ اس میں جادو سحر کی وجہ سے بندش لگی ہوئی ہے۔

ضرب شکل اول و چہارم

شکل یازدہم

نتیجہ عتبہ الخارج ہے۔ زائچہ میں اس شکل کا تکرار خانہ دوئم میں ہے۔ جو کہ سائل کے مال کا خانہ ہے۔ اب بیان کیا۔ کہ سائل کو اس مکان میں ۱۵ کر روپیہ پیسہ کا نقصان ہوگی۔

(واللہ اعلم بالصواب)

سائل نے سوال کیا۔ کہ میرا مکان کب تک تعمیر ہوگا؟

اصول و قواعد: اگر سوال تعمیر مکان کا ہو۔ خانہ چہارم و یازدہم کی ضرب کا نتیجہ اگر بد ہو۔ اور رمل میں موجود نہ ہو۔ تو مکان سائل کا کبھی بن نہ بن سکے گا۔

اگر نتیجہ موجود رمل ہے۔ تو مکان چھوٹا اور ناقص بنے۔ اگر نیک شکل ہے۔ تو مکان عالی شان بنے گا۔

اگر نیک شکل ہو۔ اور رمیات میں تکرار کرے۔ تو اسی سال کے اندر خانہ پنجم میں تکرار کرے تیسرے سال ہفتم میں تکرار کرے چوتھے سال ششم میں یا پانچویں سال بنے۔

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔
اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا
قواعد بالا کے تحت استخراج
پیش خدمت ہے۔
ضرب شکل خانہ چہارم و یازدہم

علم

نتیجہ جمرا شکل آتی ہے۔ جو کہ بد ہے۔
اور اس شکل کا تکرار زائچہ کے خانہ ہفتم میں ہے۔ چونکہ نتیجہ بد ہے۔ اسلئے
بیان کیا۔ کہ سائل کا گھر عیوب اور ناقص بنے گا۔ اور چار سال کے بعد بنے گا۔
کیونکہ نتیجہ شکل کا تکرار خانہ ہفتم میں ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

ایک سائل نے سوال کیا۔ کہ محبوب سے ملاقات ہوگی یا کہ نہیں؟
اگر ہوگی تو کب اور کہاں ہوگی؟
اصول و قواعد:

شکل طالع کو نتیجہ سے ضرب دیں۔ جو شکل حاصل ہو۔ اسکو خانہ
چہارم سے ضرب دیں۔ اگر نتیجہ سعد داخل ہے۔ تو دلیل ملاقات کی ہے
اگر نحس داخل آئے۔ دشواری سے ملاقات ہو۔

اس سوال کا جواب حاصل کرنے کے لیے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا

شکل خانہ ۱ و ۵ کی ضرب کا

نتیجہ

اب اس کو خانہ چہارم سے ضرب دی

عتبۃ الداخل شکل ہے۔ شکل نیک ہے اور سعد داخل ہے۔ سائل کو جواب دیا گیا۔ کہ آپ کی ملاقات محبوبہ سے ضرور ہوگی۔

اب سائل نے یہ پوچھا۔ کہ ملاقات کب اور کہاں ہوگی۔

اس کے لیے خانہ اول کی شکل کو خانہ پنجم سے ضرب دیں گے۔

× = نتیجہ ضرب بیاض ہے۔

اب شکل دوم و ششم کو ضرب دیں گے۔

× = شکل جماعت آئی ہے۔

اب دونوں نتیجوں کو ضرب دیں گے۔

× = شکل نتیجہ بیاض ہے۔ چونکہ خانہ پنجم اور ہفتم میں موجود ہے۔ لہٰذا سائل کو بتایا گیا۔ کہ آپکی ملاقات آپکے مکان اور معشوقہ کے مکان کے درمیان چار ہفتہ کے بعد ہوگی۔

(واللہ اعلم بالصواب)

متفرق سوالات

س : سائل نے سوال کیا کہ مجھے مرض جسمانی ہے یا کہ روحانی؟

جواب :-

اس سوال کے جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ اس کا حل پیش خدمت ہے۔

علم

خانہ چہارم و ششم میں شکل طریق (⁝) ہے۔ معلوم ہوا۔ کہ سائل کا مرض جسمانی نہیں بلکہ روحانی ہے۔ سائل پر جادو سحر کیا گیا ہے۔

اب سائل نے سوال کیا۔ کہ جادو کرنے والا کون ہے۔ میرا کوئی اپنا ہے یا کہ پرایا۔ اسکے لیے زائچہ میں شکل عتبہ الخارج (⁝) کو دیکھیں۔ جو کہ خانہ یازدہم میں موجود ہے۔ اور ایکا شاہد خانہ خارج ہے۔ بیان کیا۔ کہ جادو سحر کرنے والی عورت ہے۔ جو کہ گھر سے باہر کی ہے۔

اس زائچہ میں خانہ دوئم کی شکل بادی ہے۔ اور بارہویں شکل آتشی ہے۔ لہٰذا سائل کو بتایا گیا۔ کہ تعویذات جلائے گئے ہیں۔ اور ہوا میں بھی لٹکائے گئے ہیں۔

(واللہ اعلم بالصواب)

س . مدّعی و مدّعا علیہ میں کس کی فتح ہوگی ؟
یا سوال دعویٰ دائر کرنے کا ہو . تو کیا نتیجہ نکلے گا ؟

جواب : ضرب شکل خانہ ۱ × ۱۰ = سائل یا مدّعی
ضرب شکل خانہ ۷ × ۱۰ مدّعا علیہ .

اگر پہلی شکل سعد قوی ہو . تو مدّعی کامیاب ہوگا . اگر شکل دوم سعد قوی ہو . تو مدّعا علیہ کامیاب ہوگا . اگر شکل طالع خانہ میزان میں آئے . تو حاکم مدّعی کا طرفدار ہو . اگر شکل خانہ ہفتم میزان میں مکرر آئے . تو حاکم کا تعاون مدّعا علیہ کے حق میں ہوگا .

علم

ایک شخص کا زائچہ کشید لیا گیا .
ضرب شکل خانہ اول و دہم کا نتیجہ

× = (مدّعی)

ضرب شکل خانہ ہفتم و دہم کا نتیجہ

× = (مدّعا علیہ)

مدّعی کا نتیجہ عکس خارج ہے . اور مدّعا علیہ کا سعد داخل آیا ہے . اور اس شکل کا تکرار خانہ میزان میں ہے . پیان کی کہ مدّعا علیہ کامیاب ہوگا . اور حاکم کا تعاون مدّعا علیہ کے حق میں ہوگا .

(واللہ اعلم بالصواب)

س: سائل نے سوال کیا کہ میں ایک عمل پڑھنا چاہتا ہوں۔ کامیابی ملے گی یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد: اشکال خانہ اول و نہم سعد داخل ہوں۔ اور تکرار ان میں سے کسی کی خانہ ۵، ۱۱، ۱۶ میں ہو۔ ضرور کامیابی ملتی ہے۔
سائل کو کہا گیا کہ آپ قرعہ ڈالیں۔ زائچہ تیار کیا گیا۔ اب قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے

علم

اشکال خانہ اول و نہم خارج ہیں۔ اور ان اشکال کا تکرار بھی کسی خانے میں نہیں ہے۔

لہٰذا سائل کو بتایا گیا کہ یہ عمل پڑھنے سے آپکو کامیابی ہرگز نہ ملے گی

(واللہ اعلم بالصواب)

س : سائل نے سوال کیا کہ میری ایمپلائمنٹ کے لئے موجودہ قیام بہتر ہے ، یا فلاں دیگر مقام ؟

اصول و قواعد : اگر اشکال اول و چہارم سعد ہوں ، ہفتم نحس مقام موجودہ بہتر ہوتا ہے ۔ اگر ہفتم بھی سعد ہو ۔ تو دونوں مقام بہتر ہوتے ہیں ۔ اگر اشکال اول و چہارم نحس ہوں ۔ اور ہفتم سعد مقام دیگر مبارک ہوتا ہے ۔ لیکن زائچہ کے اندر اگر خانہ چہارم میں شکل سعد قوی ہو ۔ تو مقام موجودہ پر رہ کر کامیابی ہوتی ہے ۔

اگر شکل دہم سعد قوی ہو ۔ تو مقام دیگر پر رہ کر کامیابی ملتی ہے ۔ اگر اول و ہفتم دونوں نحس ہوں ۔ تو کسی جگہ بھی کامیابی نہیں ملتی ۔

اس سوال کا جواب دینے کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا ۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے اشکال خانہ چہارم میں نحس خارج اور ہفتم میں سعد داخل ہے ۔ بیان کیا ، کہ سائل کو مقام دیگر پر رہ کر کامیابی ملے گی
سائل کیلئے موجودہ مقام بہتر نہیں ہے

(واللہ اعلم بالصواب)

س: سائل نے سوال کیا کہ میں فلاں شخص کے پاس جانا چاہتا ہوں۔ ملیگا یا کہ نہیں۔ اور اس سے فائدہ ہوگا یا کہ نہیں؟

اصول وقواعد: زائچہ میں اشکال خانہ ۷ اور خانہ ۸ کو ملاحظہ کریں اگر ان دونوں خانوں میں اشکال سعد ہوں۔ اور موافقت کرے۔ اور فائدہ بھی ہوگا۔ اگر خانہ ۷ میں نحس اشکال ہوں۔ اور خانہ ۸ میں سعد ملاقات تو ہو جائیگی۔ لیکن فائدہ نہ ہوگا۔

سائل کو قرعہ ڈالنے کیلئے کہا گیا۔ قواعد بالا کی روشنی میں اسکا حل پیشِ خدمت ہے

علم

اشکال بخانہ
۷ تا ۸
دونوں سعد ہیں۔
دلیل ملاقات اور حصول مراد کی ہے۔ یعنی ملاقات بھی ہوگی۔ اور فائدہ بھی ہوگا۔

(واللہ اعلم بالصواب)

س : سائل نے سوال کیا۔ کہ فلاں آدمی ظاہر و باطن مجھ سے کیسا ہے ؟

اصول و قواعد : ۔ زائچہ میں خانہ یازدہم کو دیکھیں۔ اگر اس شکل میں نقطہ آتش موجود ہے۔ تو ظاہر اسکا کشادہ ہے۔ اور باطن اس کا بد ہے۔
اگر اس شکل میں نقطہ باد کا ہو۔ تو ظاہر و باطن میں سائل کا دوست ہے۔
نقطہ آب سے مراد ظاہر اسکا اچھا نہیں ہے۔ لیکن در باطن سائل کا خیر خواہ ہے
اور نقطہ خاک سے ظاہر و باطن میں لبستہ ہے۔ اور سائل کا دشمن ہے۔

علم

اس سوال کے جواب کیلئے
قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔
جو زائچہ مرتب ہوا۔
قواعد بالا کے تحت
اسکا حل پیش کیا جاتا ہے۔

زائچہ کے خانہ یازدہم میں شکل
لحیان (⁝) ہے۔ اور اس شکل میں
نقطہ آتش ہے
دلیل ہے۔ کہ ظاہر اس کا کشادہ ہے۔
اور باطن اس کا بد ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

س: ایک سائل نے سوال کیا۔ کہ میرا نکاح برادری میں ہوگا۔ یا کہ غیر برادری میں؟

اصول و قواعد: شکل خانہ ہفتم کو دیکھو۔ اگر اس کا تکرار خانہ دوم میں ہو۔ اپنے خاندان میں نکاح ہوگا۔ اگر تکرار خانہ ۳ و میں ہو۔ تو سائل کا نکاح ننھیال میں ہوگا۔ اگر تکرار خانہ ۱۲ میں ہو۔ تو سائل کا نکاح دادا کے خاندان میں ہوگا۔ زوائدات یا خانہ دوازدہم میں تکرار ہو۔ تو سائل کا نکاح غیر برادری میں ہوگا۔

اس سوال کا جواب حاصل کرنے کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اسکا حل پیش خدمت ہے۔

علم

دیکھو۔ زائچہ میں خانہ ہفتم میں شکل اجتماع ہے۔ اور اس کا تکرار خانہ دوم میں ہے۔ سائل کو بتایا گیا۔ کہ آپ کا نکاح اپنی ہی برادری میں ہوگا۔

(واللہ اعلم بالصواب)

س : ایک سائل نے سوال کیا کہ دو زن رکھتا ہوں۔ کسکو طلاق دوں؟

اصول و قواعد : خانہ چہارم کا تعلق زن اول سے ہوتا ہے۔ خانہ ہفتم کا تعلق زن دوئم سے ہے۔ اگر یہ دونوں سعد ہوں۔ داخل یا ثابت دونوں سے مراد حاصل ہوگی۔ جو نحس ہو۔ اُس سے نہیں۔ اشکال خارج ہوں۔ دونوں کو طلاق دینا چاہیے۔ جو داخل و ثابت ہوں۔ دونوں نا قابل طلاق ہیں۔ دونوں سے مراد حاصل ہوگی۔

سائل کو قرعہ ڈالنے کیلئے کہا گیا۔ اب سائل کا زائچہ بنایا گیا۔ قواعد بالا کے تحت اس زائچے کا مثالی حل پیش خدمت ہے۔

(زائچہ: کا علم ...)

دیکھو خانہ چہارم میں شکل عتبہ الخارج ( ) ہے۔ جو کہ زن اول کے متعلق ہے۔ خانہ ہفتم میں شکل قبض الداخل ( ) ہے۔ سائل کو بتایا گیا۔ کہ آپکی پہلی بیوی سے مراد حاصل نہ ہوگی۔ یہ قابل طلاق ہے۔ اور دوسری بیوی سے مراد حاصل ہوگی۔

(واللہ اعلم بالصواب)

عمل کرنے و تعویذات لکھنے کے اوقات

علمائے رمل نے رمل کی سولہ ۱۶ اشکال کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

(۱) خارج ــــــــ
(۲) داخل ــــــــ
(۳) منقلب ــــــــ
(۴) ثابت ــــــــ

ان چار اقسام میں یہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ سائل کا سوال کس نوعیت کا ہے۔ جب یہ معلوم ہو جائے۔ تو ہر خانہ مقاصد میں اس طرح کی اشکال دیکھ کر سائل کے سوالوں کے جوابات دیے جاتے ہیں (اس کی تفصیل پہلے لکھی جا چکی ہے)

جب کہ عمل کرنے یا تعویذات لکھنے کے لیے علمائے نجوم نے (سال بھر) برجوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ جو کہ یہ ہیں۔

(ا)	منقلب بروج :	حمل سرطان میزان جدی
(ب)	ثابت بروج :	ثور اسد عقرب دلو
(ج)	ذو جسدین بروج :	جوزا سنبلہ قوس حوت

(تفصیل آگے دیکھیں)

سال کے کس حصے میں کون سا عمل کیا جا سکتا ہے۔

نمبر	بروج کی ماہیت	تشریح	بروج	مدت	کس طرح کا عمل یا تعویذ لکھنا چاہئے
(۱)	منقلب بروج	وہ بروج جس میں شمس کو انقلاب آتا ہے۔ دن رات اور موسموں میں تبدیلی آتی ہے۔	حمل سرطان میزان جدی	۲۳ مارچ تا ۲۰ اپریل ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی ۲۴ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری	بغض و نفاق۔ لڑائی دشمنی و سرگردانی جملہ انقلابی کام تبدیل کرنا کیے جاتے ہیں۔
(۲)	ثابت بروج	یہ بروج قیام کے کہلاتے ہیں۔ اسمیں سورج کی رفتار کو قیام اور یکسانیت آ جاتی ہے۔	ثور اسد عقرب دلو	۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست ۲۱ جنوری تا ۲۱ مارچ ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری	وہ تمام کام جن میں ثبات درکار ہو کریں۔ مثلاً گرہ کو باندھنا۔ جائداد کو تلف ہونے سے بچانا زوجین کی محبت کو باندھنا۔ وغیرہ۔
(۳)	ذوجسدین بروج	ان بروج میں آفتاب کا اعتدال ہوتا ہے۔ یعنی نہ سعد نہ نحس۔	جوزا سنبلہ قوس حوت	۲۲ مئی تا ۲۱ جون ۲۴ اگست تا ۲۴ ستمبر ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر ۲۰ فروری ۲۱ مارچ	حب و تسخیر ترقی اور کامیابی کیلئے اعمال کیے جاتے ہیں۔ ان میں تین برج جوزا قوس حوت جوڑا جوڑا ہیں۔ نیز ان بروج میں دو شخصوں کو آپس میں ملا دینے کی تاثیر ہوتی ہے۔ شادی و تسخیر کے عمل کیے جاتے ہیں۔

اپنے اندر روحانی قوتیں پیدا کرنے کیلئے

ہر عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہمزاد موکلات جنات اور حاضرات کے اعمال کرنے سے قبل اپنے اندر روحانی قوتیں پیدا کرے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے۔ کہ ہر فرض نماز کے بعد

"یَا صَادِیُ یَا خَبِیْرُ یَا مَتِیْنُ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ"

سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اس ورد سے عامل کے اندر زبردست روحانی قوتیں پیدا ہونگی۔ اور ہمزاد اور حاضرات وغیرہ کے اعمال اس ورد کے بعد انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔

(۲) کمرہ علیحدہ اور پرسکون ہو۔ کسی قسم کا شور نہ ہو۔ آرام وسکون سے دونوں زانوں یا چوکڑی مار کر بیٹھ جائیں۔ نادعلی صغیر سات بار چاروں قل شریف ایک ایک مرتبہ پڑھ کر یہ تصور کریں۔ کہ میں حضرت غوث پاکؓ کے مزار پر کھڑا ہوں۔ اور فاتحہ پڑھ رہا ہوں۔ روزانہ وقت مقررہ پر اسی طرح پندرہ منٹ تک تصور کیا کریں۔ جب تصور قائم ہوگا۔ تو یہ کیفیت ہوگی۔ دماغ اور سر بھاری ہو جائیگا۔ اور جسم سن ہو جائیگا۔ اور جسم کو جھٹکے محسوس ہونگے۔ یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔ لیکن اسکے لیے کسی عامل کامل یا پھر مجھ سے اجازت لے لیں۔ اجازت لینا شرط ہے۔ بغیر اجازت کے یہ عمل کام نہ دے گا۔

ہمزاد کو طابع کرنا

زیر ترتیب کتاب عمل ہمزاد سے ماخوذ

ہمزاد کو طابع کرنا بہت زیادہ آسان نہیں ہے۔ لیکن اتنا مشکل بھی نہیں۔ کہ انسان کی دسترس سے باہر کی چیز ہو۔ لیکن افسوس کی بات ہے۔ کہ اکثر و بیشتر لوگ اپنی روحانی عملیات کی شروعات ہمزاد ہی کے عمل سے شروع کرتے ہیں۔ جو کہ ایک بچگانہ طرز عمل ہے۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کہ ایک بچہ سکول میں داخل ہوتا ہے۔ اُس کے ہاتھ میں بجائے قاعدہ پکڑانے کے اُس کو دسویں جماعت کی کتاب دے دی جائے۔ بچہ میٹرک کیسے کر سکتا ہے۔ جس نے ابھی پہلی کلاس کی کتاب ہی نہ پڑھی ہو۔ اس طرح روحانی عملیات میں ہمزاد طابع کرنے کا مرحلہ بہت بعد کا مرحلہ ہے۔ جسے سب سے پہلے حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہوتی ہے۔ کہ اکثر لوگوں کو کامیابی نہیں ملتی۔ کیونکہ وہ بنیادی باتوں سے ناواقف ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے بعض لوگ رجعت کا بھی شکار ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اور اس انسان کو وہ صلاحیتیں عطا کی ہیں۔ جو کہ فرشتوں کو بھی عطا نہیں کی گئی۔ اگر انسان خدا کی بخشی ہوئی صلاحیتوں اور طاقتوں کا صحیح استعمال کرنے کی ٹھان لے۔ تو دُنیا کی ہر مخلوق اسکی غلام بن کر رہ جائے۔ لیکن انسان فطرتاً بے صبرا اور عجلت پسند واقع ہوا ہے عجلت پسندی اور بے صبری کی وجہ سے وہ اکثر معاملات میں ناکام ہو جاتا ہے۔ اور پھر مایوس ہو کر راہِ اُمید سے ادھر اُدھر بھٹک جاتا ہے۔

شائقین ہمزاد طابع کرنے والوں کیلئے اُن بنیادی باتوں کی مفصل تشریح بیان کی جا رہی ہے۔ جنہیں نظر انداز کر کے ہمزاد طابع کرنے کی آرزو کبھی بھی پوری نہیں ہو سکتی۔

ہمزاد :- بوقت پیدائش ہر انسان کے ساتھ ایک ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ چونکہ ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتا اس کو صرف ہماری باطنی آنکھیں ہی دیکھ سکتی ہیں۔ ہر وقتِ موت کچھ لوگوں کے ہمزاد ساتھ ہی دفن ہو جاتے ہیں۔ بعضوں کے ہمزاد موت کے وقت بھاگ جاتے ہیں۔ اور یا تو وہ اپنے گروہ میں جاکر شامل ہو جاتے ہیں۔ یا پھر قبروں پر بھٹکتے رہتے ہیں۔

جن صفات کا مالک انسان ہوگا۔ وہ اس میں بھی ہونگی۔ اگر انسان بد ہے۔ تو اس کا ہمزاد بھی بُرا ہوگا۔ اور وہ شر کے کام خوشی سے کریگا۔ اگر انسان نیک ہے تو اس کا ہمزاد بھی نیک ہوگا۔ اور وہ اچھے کام کرے گا۔ اگر انسان بے وقوف ہوگا تو اس کا ہمزاد بھی بے وقوف ہوگا۔ غرض ہر حالت انسان کے مطابق اسکی ہوگی۔ اور ہم شبیہ بھی انسان کے ہوگا۔ اور نام بھی وہی ہوگا۔ جیسی شکل آئینہ میں اپنی نظر آتی ہے۔ ہو بہو ایسی ہی اسکی دوسری شکل ہوگی۔

ہمزاد کی دو اقسام ہیں۔ جن کو تسخیر کیا جاتا ہے۔

(۱) اپنا ہمزاد
(۲) دوسرے کا ہمزاد (اس کو مردہ اُٹھانا بھی کہتے ہیں)

اپنا ہمزاد تسخیر کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

(۱) دن کو دھوپ میں کھڑے ہو کر سایہ پر نظر جما کر عمل پڑھا جاتا ہے۔ لیکن یہ طریقہ کامیاب نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ جب روز آسمان پر بادل ہونگے سورج نظر نہیں آئیگا۔ جب سورج نظر نہیں آئیگا۔ تو ایسی صورت میں عمل بیکار ہو جائے گا۔ میں نے دیکھا ہے۔ کہ اکثر لوگوں کی محنت ضائع ہو جاتی ہے

اس ڈر کی وجہ سے اکثر عاملین یہ طریقہ استعمال نہیں کرتے ۔

(۲) رات کو چراغ جلا کر اپنے سایہ کی گردن پر نظر جما کر عمل پڑھا جاتا ہے۔ لیکن اسطرح کے اعمال آپ صرف سردیوں کے موسم میں کر سکتے ہیں ۔

(۳) آئینہ میں اپنی شکل دیکھ کر عمل پڑھا جاتا ہے ۔ یہ طریقہ سب سے بہتر اور کامیاب ہے ۔ جس موسم میں آپ چاہیں عمل کر سکتے ہیں ۔

(۴) پانی کے اندر یا پانی کے کنارے اپنی شکل کو دیکھ کر عمل پڑھا جاتا ہے ۔ یہ طریقہ بھی انتہائی کامیاب اور مؤثر ہے ۔

(۵) قبر پر بیٹھ کر عمل پڑھا جاتا ہے ۔ اس طریقے سے دوسرے کا ہمزاد تسخیر ہو جاتا ہے ۔ جو کہ فوت ہو چکا ہو ۔

کچھ اعمال ویسے ہی کیے جاتے ہیں ۔ جن میں چراغ جلانے کی شرط نہیں ہوتی ۔ ان سب کی تفصیل آپ آگے پڑھیں گے ۔

نکتہ : دن اور رات میں بھی فرق ہوتا ہے ۔ یعنی جو لوگ دن کو فوت ہوتے ہیں ۔ اُن کے ہمزاد اور طرح کے ہوتے ہیں ۔ اس طرح جو لوگ رات کو مرتے ہیں اُن کے بھی ہمزاد میں فرق ہوتا ہے ۔ ہر ایک کی قوتیں مختلف ہوتی ہیں ۔ اسی طرح ایسے لوگ جو کہ حادثاتی طور پر مرتے ہیں ۔ یا قتل ہو جاتے ہیں ۔ یا ایسی عورتیں جو کہ اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنے کے لیے ناجائز بچے دفن کر دیتی ہیں ۔ یا بعض بچے پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہیں ۔ ان سب میں فرق ہے ۔ تسخیر کے طریقے میں

الگ الگ ہیں۔ ان سب کی تفصیل اور تسخیر کے طریقے میں نے اپنی کتاب "محفلِ ہمزاد" میں تفصیل سے لکھے ہیں۔

علمِ ہمزاد سیکھیئے!

ہر انسان کے ساتھ ایک اس کا مخفی جسم بھی ہوتا ہے۔ جو کہ ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتا۔ اسے جسمِ لطیف (ہمزاد) کہتے ہیں اس جسمِ لطیف کو تسخیر کر کے عامل ہر طرح کے کام لے سکتا ہے۔

اگر آپ بھی اس عجیب و غریب قوت کو حاصل کرنے کا شوق رکھتے ہیں۔ تو آپ مجھ سے رابطہ کریں۔ انشاء اللہ تین چلّوں کے اندر اندر آپ کا ہمزاد تسخیر ہوگا۔ اور اس طرح آپ ایک بہت بڑی قوت کے مالک بن سکتے ہیں۔

عمل کی تیاری :

دھوپ میں کھڑے ہوکر عمل کرنا اگر دھوپ میں کھڑے ہوکر عمل کرنا ہو۔ تو اس کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

یہ عمل گھر اور آبادی سے دور کسی ویرانے میں دونوں جگہوں پر کیا جاسکتا ہے۔ دونوں میں سے جو بھی جگہ عمل کیلئے مخصوص کریں۔ تو اس کے لیے یہ دیکھیں۔ کہ آیا کسی شخص کا اس جگہ پر آنا جانا تو نہیں۔ کیونکہ عملوں میں تنہائی ضروری شرط ہوتی ہے جس جگہ پر آپ عمل کر رہے ہوں۔ وہ جگہ بالکل ہموار ہو۔ آس پاس کوئی مکان یا درخت وغیرہ نہ ہو۔ آپ نے عمل شروع کیا۔ اگر کسی روز بادل ہوں۔ سورج نظر نہ آئے۔ تو اس دن گھر میں چراغ جلا کر عمل کریں۔

رات کو چراغ جلاکر عمل کرنا اگر رات کو چراغ جلاکر عمل کرنا ہو۔ تو اس کے لیے مٹی کا چراغ استعمال ہوگا۔ اس میں سرسوں کا تیل جلایا جائیگا۔ دوران عمل چراغ کو روزانہ حفاظت سے رکھیں۔ ایسی جگہ پر رکھیں۔ تاکہ دوسرا شخص اسکو نہ دیکھے۔ دوسری اہم بات اس چراغ کو تبدیل بھی نہ کریں۔ اگر چراغ ٹوٹ گیا۔ تو عمل کی تاثیر کم ہوجائیگی۔ اور نیا چراغ جلانے پر وہ تاثیر ظاہر نہ ہوگا۔ جس کمرے میں عمل کرنا ہو۔ وہ دیوار بالکل صاف ہو۔ جہاں پر آپ نے سایہ کو دیکھنا ہے

قبرستان یا مرگھٹ میں عمل کرنا اگر آپ قبرستان یا مرگھٹ میں عمل کر رہے ہوں۔ تو یہ خیال رکھیں۔ کہ آتے جاتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز نہ دیکھے۔ اگر کسی عمل میں چراغ جلانے کی شرط ہو۔ تو چراغ کو قبر کے درمیان میں رکھیں۔ اور چراغ کا رُخ مغرب کی طرف ہو۔ اگر عمل کرنے والا ہندو ہے۔ تو وہ مرگھٹ جائے۔ جہاں پر مردہ جلدیا گیا ہو۔۔۔

نکتہ :-

اپنے سائے پر نظر رکھ کر ہمزاد کے اعمال پڑھنے کے علاوہ بھی کئی طریقے ہیں ۔ ______

۷۸۶

ح	و	د	ب
ب	د	و	ح
و	[illegible]	ب	د
د	ب	ح	و

کچھ اسطرح کے نقش ہوتے ہیں ۔ جن میں کالا نشان ہوتا ہے ۔ کالے نشان پر نظر جما کر عمل پڑھا جاتا ہے ۔ اگر آپ نے نقش کی کالی جگہ پر نظر جما کر عمل پڑھنا ہے ۔ تو اسکے لیے سب سے پہلے نقش لکھیں ۔ نقش لکھتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نقش با طہارت لکھیں اور چال کے مطابق لکھیں ۔ اگر کسی عمل میں روزانہ نقش لکھنے اور جلانے کی شرط ہو یا نقش کو بہانے کی شرط ہو تو اسپر سختی سے عمل کریں ۔ وقت اور جگہ کی بھی پابندی لازمی کریں ۔ اگر نقش کو کسی جگہ پر رکھنے کی شرط ہو ۔ تو ایسی جگہ رکھیں جہاں پر کوئی دوسرا شخص نہ دیکھے ۔ ۔ ۔

۷۸۶

۴۳۹	۴۴۲	۴۴۶	۴۳۲
۴۴۵	۴۳۳	۴۳۸	۴۴۳
۴۳۴	[illegible]	۴۴۰	۴۳۷
۴۴۱	۴۳۶	۴۳۵	۴۴۷

۷۸۶

عجبًا یہدی	قل اوحی	انا سمعنا
استمع	فقالوا	قرآنا
نفر من الجن	الی الرشد	الی الرشد

انا من بہ ـــ یا ـــــ امن

۷۸۶

۴	۲۱۲	یاحدد قائیل احضرو	۱۰	۵
۹	۶	احضروا احضروا	۳	۲۱۳
۷	۱۲	بحق یا جبرائیل	۲۱۰	۲
۱۱	۱		۸	۱۱

قارون ۔ فرعون ۔ شداد ۔ نمرود ۔ ہامان
ابوجہم ۔ مغیلان

مزید تفصیل اور عمل صفحہ ۱۷۶ پر دیکھیں ۔

ک ـــــ نام مع والدہ ـــــ ط

ف
یہاں اپنا مقصد لکھیں

ہمزاد کے عملوں میں کچھ نقش اس طرح کے ہوتے ہیں ۔ جو کہ چارپائی
کے پائے کے نیچے رکھے جاتے ہیں ۔ اور ہر صبح اٹھ کر ان کو جلانا ہوتا ہے ۔ یاد رہے ۔
کہ اس مقصد کیلئے چارپائی بالکل نئی ہو ۔ یعنی پہلے کسی نے استعمال نہ کی ہو ۔ اور جس
کمرے میں عمل کرنا ہے ۔ وہ کمرہ بالکل علیحدہ ہو ۔ مراد یہ ہے ۔ کہ اس کمرے میں کوئی
دوسرا شخص نہ سویا ہوا ہو ۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے ۔

عامل کیلئے خصوصی ہدایات

ہمزاد کے اعمال کرنے سے قبل جن باتوں کا جاننا ضروری ہے۔ ان کو وضاحت سے لکھ دیا ہوں۔ تاکہ کوئی بھی نکتہ پوشیدہ نہ رہے۔ اگر عامل دی ہوئی ہدایات پر عمل کریگا۔ تو ان شاء اللہ اُسے کبھی بھی ناکامی نہ ہوگی۔ اور وہ رجعت سے بھی محفوظ رہے گا۔

(۱) ہمزاد کے اعمال کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر فاتحہ دلا کر وہ چیز چھوٹے بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اور کامیابی عمل کی دعا کریں۔

(۲) ہمزاد کے اعمال عموماً نوچندی جمعرات سے شروع کیے جاتے ہیں۔ اکثر لوگ نوچندی جمعرات کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ مثلاً آج چاند کی یکم دو تین تاریخ ہے۔ اور جمعرات کا دن ہے۔ تو یہ نوچندی جمعرات نہ ہوگی اس سے آگے آنے والی نوچندی جمعرات ہوگی۔

(۳) ان اعمالوں کو کرنے کے پہلے علیحدہ کمرے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمرہ مخصوص ہو۔ جہاں پر عمل کے شروع سے لیکر تا اختتام عمل کوئی دوسرا شخص ہرگز داخل نہ ہو۔

(۴) ہمزاد کے عملوں میں ہر طرح کا چھوٹا گوشت کچی لہسن پیاز دودھ انڈا مچھلی اور جاع سے قطعی پرہیز ہوتی ہے۔

(۵) عمل کرنے سے قبل صاحب عمل یا کسی عامل کامل سے اجازت

یعنی شرط ہے ۔ تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے ۔

(۶) ہر عمل کی معیاد مقررہ ہوتی ہے ۔ بعض اوقات عامل کی اندرونی قوتوں کی کمی کی وجہ سے دن زیادہ لگ جاتے ہیں ۔ اسلئے اگر ایک چلے میں کامیابی نہ ہو ۔ تو اس کو دوبارہ کرنا چاہیئے ۔ ہر انسان میں قوتیں یکساں نہیں ہوتی ۔ کسی میں کم کسی میں زیادہ یہی وجہ ہوتی ہے ۔ کہ بعض لوگوں کو پہلے دن سے ہی مشاہدات نظر آنے لگتے ہیں ۔ بعضوں کو دو دو ماہ یا کئی سالوں تک کچھ نظر نہیں آتا ۔

(۷) دوران عمل کئی طرح کے مشاہدات نظر آتے ہیں ۔ چاہیئے کہ ان کا ذکر بھولے سے بھی کسی سے ہرگز نہ کریں ۔ پردہ داری شرط ہے ۔

(۸) عمل علیحدہ کمرے میں کیا جاتا ہے ۔ جہاں پر کوئی دوسرا شخص نہ ہو ۔ کئی لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے ۔ کہ ان کے پاس علیحدہ کمرہ نہیں ہوتا اسکا بہترین حل یہ ہے ۔ کہ آبادی سے دور کھلی جگہ پر عمل کریں لیکن اسکی شرط یہ ہے ۔ کہ آتے جاتے وقت کوئی شخص آپ کو نہ دیکھے نہ ہی کسی کو پتہ چلے ۔ کہ آپ چلہ کشی کیلئے جاتے ہیں ۔ ورنہ کچھ ہاتھ نہ آئیگا

(۹) دوران چلہ جسقدر بھی ہوسکے ۔ تنہائی اختیار کرو ۔ لوگوں سے ملنا جلنا بند کردیں ۔ اگر انتہائی مجبوری ہے ۔ تو پھر کسی سے ملنے میں کوئی مضائقہ نہیں

(۱۰) دوران چلہ کسی بھی سائل کو تعویذات لکھ کر مت دیں ۔ اگر کوئی آسیبی مریض آپکے پاس آجائے ۔ تو اسکا علاج مت کریں ۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے ۔

(۱۱) عمل کے لیے جو کمرہ مخصوص کیا ہے۔ اس کو ہرگز تبدیل نہ کریں۔ اگر تبدیل کریں گے۔ تو چلے کو بیکار جانو! ۔ اسطرح جو وقت پڑھائی کا مقررہ ہے۔ اس میں بھی کمی بیشی نہ ہونے پائے۔ کیونکہ روحانیت مقررہ وقت پر حاضر ہوتی ہے۔ اگر وقت آگے پیچھے ہو جائے۔ تو پھر روحانیت بیزار ہو جاتی ہے۔

(۱۲) اگر دوران چلہ ہمزاد حاضر ہو۔ تو اس سے بات چیت مت کریں جب تک چلے کا اختتام نہ ہو۔ ورنہ بعد میں سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہ ہوگا مکمل احتیاط کریں۔

(۱۳) اگر گھر میں کوئی شخص آسیبی مریض ہے۔ تو اس جگہ پر عمل مت کریں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

عمل کون نہ کرے ؟

(۱) ۔ مخل حیوانی کے عادی شخص کو عمل نہیں کرنا چاہیے ۔ کیونکہ عمل کے دوران خطلی پرہیز رہے گی ۔

(۲) ۔ ایسے لوگ جن کے دل کمزور ہوں ۔ ان کو بھی عمل نہیں کرنا چاہیے کیونکہ عملوں کے دوران ڈر خوف آتا ہے ۔ اگر ڈر گیا تو پاگل ہو جائیگا ۔ یا بعد رجعت میں گرفتار ہو جائے گا ۔ اسلیئے عمل کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لینا چاہیے ۔ کہ میں یہ عمل کر بھی سکوں گا ۔ یا کہ نہیں ۔

(۳) ۔ ایسے لوگ جو کہ آسیبی مرض کا شکار ہوں ۔ یا کسی پر کوئی ذی روح مسلط ہو ۔ اگر وہ تندرست بھی ہو جائے ۔ تو ہمارا مشورہ یہی ہے ۔ کہ وہ عمل ہرگز نہ کریں ۔ ورنہ وہ دوبارہ آسیبی مریض بن جائیں گے ۔ اور پھر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا ۔

(۴) ایسے لوگ جو کسی بیماری کا شکار ہوں ۔ جیسے مرگی ۔ سکتہ وغیرہ ۔ ان کو ایسے اعمال نہیں کرنے چاہیے ۔

دوسرے کا ہمزاد

دوسرے کا ہمزاد اس کو مردہ اٹھانا بھی کہتے ہیں۔ غیر مذہب کے لوگ یا ایسے لوگ جو کہ بدکار ہوتے ہیں۔ موت کے وقت ان کے ہمزاد بھاگ جاتے ہیں۔ اور وہ زندہ رہتے ہیں۔ اور پھر عاملین ان کو تسخیر کرتے ہیں مگر یاد رہے۔ مسلمان بدکار کو اٹھا سکتے ہیں۔ نیک بندے جو اس کے ہوتے ہیں۔ ان کا ہمزاد بوقتِ موت ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے۔ لہٰذا وہ میں اٹھتے محنت برباد ہوتی ہے۔

مُردہ اٹھانے کی ترکیب (یعنی کسی مردہ شخص کا ہمزاد قابو کرنا)

اس سلسلہ میں جو ضروری ہدایات ہیں۔ ان کو تفصیل سے لکھا جا رہا ہے۔

(۱) عموماً دیکھا گیا ہے۔ کہ جو لوگ سنچر یا منگل کو فوت ہوتے ہیں۔ وہ اس مقصد کیلئے بہتر ہوتے ہیں۔ ان کے ہمزاد آسانی کے ساتھ تسخیر کیے جاتے ہیں۔

(۲) جو بات ضروری ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ مرنے والے کا نام اور اسکی ماں کا نام معلوم ہونا چاہیے۔ اگر نام معلوم نہ ہو۔ تو کسی طریقے سے نام معلوم کرے یہ انتہائی ضروری ہے۔ ورنہ اس کے بغیر مقصد حل نہ ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے ماں کا نام معلوم نہ ہو سکے۔ تو پھر صرف ایک ہی نام سے عمل پڑھیں۔

(۳) جب مردے کو نہلایا جائے۔ تو اس وقت مردے کے جسم کے ساتھ جو زندگی یا کپڑا مس ہو۔ اسکو حاصل کرو۔ اور اس کو چھپا دیں۔ تاکہ کسی دوسرے شخص کی نظر اس پر نہ پڑے۔

(۴) جس دن کوئی شخص فوت ہو۔ اسی دن اسکی قبر پر جاؤ۔ پھول عطر وغیرہ چڑھائے۔ فاتحہ پڑھے۔ اور یہ کہے کہ کل ہم پھر پینے آئیں گے۔ تیار رہیں۔ لہٰذا دوسرے روز جاکر قبر سے تھوڑی سی مٹی اٹھا لاؤ۔

(۵) اگر عمل کرنے والا ہندو ہے۔ تو مرگھٹ جائے۔ اور چتا کی خاک اٹھا لائے۔ یاد رہے۔ کہ یہ سب کچھ کرتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز نہ دیکھے۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

ہمزاد کی شکل اور اس کا حاضر ہونا ہمزاد خواہ کسی بھی طریقے سے تسخیر کیا جائے۔ شروع شروع میں سفید سا نور نظر آتا ہے۔ اور اس میں وہ دکھائی دیتا ہے۔ لیکن شکل واضح نہیں ہوتی۔ غور سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے۔ کہ جیسے کوئی سایہ سا ہو۔

لیکن بعض اوقات دیکھا گیا ہے۔ کہ ہمزاد اچانک ہی سامنے آجاتا ہے۔ ہوبہو عامل کی شکل وہی لباس نام بھی اس کا وہی ہوگا۔ یاد رہے۔ کہ یہ آپکا جسم لطیف ہوتا ہے۔ اس سے ڈرنا نہیں چاہیے۔ بعض لوگوں کو کئی کئی دن صرف ہمزاد کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ یا چلتے پھرتے ایسا لگتا ہے۔ جیسے کہ کوئی ساتھ ہو۔ لیکن کچھ نظر نہیں آتا۔

بعض ہمزاد عاملین کو دھوکا دیتے ہیں۔ مسافر یا کسی بزرگ کے روپ میں ملتے ہیں۔ یا مہمان بن کر گھر آجاتے ہیں۔ ایسے پر آنے جانے اور ملنے والے پر نظر رکھنی چاہیئے۔ بلکہ عامل کو چلّہ کے دوران نہایت ہی ہوشیار رہنا چاہیے۔ اب یہ بات کہنا۔ کہ ہمزاد اسطرح نظر آئیگا۔ یا اس طریقے سے

حاضر ہوگا ۔ درست یہی ہے ۔ ہر انسان کے ساتھ عجیب اور طرح طرح کے واقعات پیش آتے ہیں ۔ دورانِ چلہ جو واقعات ایک شخص کے ساتھ پیش آتے ہیں ۔ کوئی ضروری نہیں ۔ کہ دوسروں کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو ۔ اسلئے ہر چیز کو مدِنظر رکھنا چاہیے ۔ کہ میرے ساتھ کچھ بھی ہو سکتا ہے ۔

عمل کی شروعات عمل شروع کرنے سے قبل درج ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کرو ۔ ایک تو آپ کو ناکامی نہ ہوگی ۔ دوسرا آپ رجعت سے بھی محفوظ رہیں گے ۔

(١) عمل شروع کرنے سے قبل کسی عامل کامل سے اجازت لے لیں ۔ بلکہ بہتر ہوگا کہ اسطرح کے اعمال مرشد کی زیرِ نگرانی کرنے چاہیے ۔

(٢) جو عمل آپ نے پڑھنا ہے ۔ اسکی زیر زبر درست کروالیں ۔ اور اچھی طرح زبانی یاد کرلیں ۔ تاکہ آپ چلہ کے دوران اسکو روانی سے پڑھ سکیں ۔

(٣) اگر آپ نے اپنے سایہ پر نظر جما کر کوئی عمل پڑھنا ہے ۔ تو اسکے لیے پہلے کچھ روز تک مشق کرلیں ۔ تاکہ آپ سایہ پر زیادہ دیر تک نظر جما سکیں ۔ مشق کرنیکی صورت میں آنکھیں زیادہ دیر تک سایہ کو دیکھنے کی عادی ہوجاتی ہیں ۔ اسلئے دورانِ عمل آنکھوں سے پانی وغیرہ نہیں آتا ۔ اور نہ ہی کسی طرح کی تکلیف آنکھوں میں محسوس ہوتی ہے ۔

(٤) ہر عمل کے ساتھ حصار لکھا ہوا ہوتا ہے ۔ اگر کسی عمل کے ساتھ حصار

لکھا ہوا نہ ہو ۔ تو آپ چاروں قل شریف ایک ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے گرد حصار کریں ۔ اسی طرح آپ کو عمل سے قبل روزانہ حصار کرنا پڑے گا ۔

(۵) عمل پڑھتے وقت عامل کی جیب یا گلے میں کسی طرح کا تعویذ نہیں ہونا چاہیے ۔ نہ ہی کوئی اسلحہ کی چیز حصار کے اندر پڑی رہ جائے ۔

(۶) اگر چراغ جلانا ہے ۔ تو اس کو جلا کر پشت پر رکھیں ۔ اور اسباب کا خیال رکھیں ۔ کہ کہیں اسکو ہوا وغیرہ نہ لگے ۔ اور شعلہ سامنے نہ رہے ۔

(۷) دوران عمل ڈر خوف آتا ہے ۔ طرح طرح کے واقعات پیش آتے ہیں ۔ آوازیں بھی آتی ہیں ۔ بھیانک شکلیں بھی نظر آتی ہیں ۔ لازم ہے کہ اسطرف دھیان مت دیں ۔ جو کچھ ہوگا ۔ وہ حصار کے باہر ہی ہوگا ۔ حصار کے اندر کوئی چیز داخل نہیں ہو سکتی ۔

(۸) اگر دوران چلہ ہمزاد حاضر ہو ۔ تو اس سے بات چیت مت کریں ۔ جب تک چلے کا اختتام نہ ہو ۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے ۔

(۹) آپ نے چلہ شروع کیا ہمزاد حاضر نہیں ہوا ۔ تو اس چلے کو مت چھوڑیں ۔ اسکو لگاتار جاری رکھیں ۔ آپ نے دوسرا چلہ شروع کیا ۔ اس دوران اگر ہمزاد حاضر ہو جائے ۔ تو پھر آپ بات چیت کر سکتے ہیں ۔

عمل شروع کرنے کے اوقات

عامل کو چاہیے۔ کہ ہمزاد کا عمل کرتے وقت ان قمری تاریخوں کو بھی مدِنظر رکھے۔ جن میں اعمال کرنا منع ہے۔ ورنہ بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔

ماہ	ان تاریخوں میں عمل کرنا منع ہے۔
محرم	۱۱ تا ۱۴
صفر	۱ تا ۳
ربیع الاوّل	۱۰ تا ۲۰
ربیع الثانی	۱ تا ۱۸
جمادی الاوّل	۲ تا ۱۱
جمادی الثانی	۲ تا ۴
رجب	۱۳ تا ۱۵
شعبان	۲ تا ۴
رمضان	۹ تا ۲۰
شوّال	۶ تا ۷
ذی قعدہ	۲ تا ۵
ذی الحجہ	۲ تا ۷

برائے حُبّ (سِفلی)

(سورج گرہن کا عمل)

چَندر جارے مَن وَسے سُورج پَرے رَہو
سَنو مَت جارے مَستک بیٹھا بول نہ سکے کو
سَہتو کباب سنہ کباب کرے خدایا خدایا -

ترکیب :- پہلے دو تانبہ کے پترے اپنے پاس رکھیں۔ جب سورج گرہن لگے۔ اور جب تک لگا رہے۔ اُس وقت تک یہ منتر پڑھتے رہیں۔ عمل پڑھتے وقت چھت سر پہ نہ ہو۔ عمل پڑھ کر ان تانبہ کے پتروں پر پھونک ماردیں اور ان کو سنبھال کر رکھ دیں۔

جب کسی کا جنازہ جائے۔ تو اُس کے جنازے سے نکل کر وہ دونوں تانبہ کے پترے اُس مردے کے اوپر سے پھینک دیں۔ جو تانبہ کا پترا آگے گرے گا ________ اُس کا ڈھکن بناؤ۔ اور جو دوسرا تانبہ کا پترا پیچھے گرے گا۔ اُس کی ڈبیہ بنوالو۔ اب اُسی روز اُس مردے کی قبر پر جاؤ۔ اور مذکورہ منتر کو گیارہ صد مرتبہ پڑھ کر اُس مردے کی قبر سے مٹی اُٹھاؤ۔ اور عمل پڑھ کر مٹی پر پھونکو۔ اور مردہ کی مٹی اُس ڈبیہ میں بند کردو یعنی اُس مردے کا ہمزاد ڈبیہ میں مقید ہو جائیگا۔ دو دن بعد مٹی پھینک دو

بس اب جب کسی مطلوب کو بلانا ہو۔ تو مطلوب کے پاؤں کی مٹی اُٹھا کر ڈبیہ میں بند کردو۔ عمل کوئی نہ پڑھو۔ مطلوب پیچھے پیچھے آئیگا۔ جب اُس سے پیچھا چھڑانا ہو۔ تو مٹی ڈبیہ سے نکال کر پھینک دو۔ محبت ختم ہو جائیگی -

ہمزاد کے اعمال

تصوراتی عمل اس مقصد کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں۔ جہاں پر مکمل تنہائی ہو۔ اور اس بات کا پختہ یقین ہو۔ کہ اس جگہ پر لوگوں کا آنا جانا نہیں ہے۔ جو جگہ منتخب کریں۔ وہ بالکل ہموار ہو۔ تاکہ آپ کا سایہ سیدھا پڑے۔ آس پاس کوئی درخت یا مکان وغیرہ نہ ہو۔

عمل کی شروعات دن ۱۱ بجے یا ۱۱ ½ بجے سے کریں۔ کیونکہ ہمارے نزدیک یہ وقت سب سے بہتر ہے۔ عمل شروع کرنے سے قبل اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ آپ کے گلے یا بازو پر کسی طرح کا نقش نہیں ہونا چاہیے۔ ورنہ عمل میں رکاوٹیں پیش آئینگی۔ سورج کی طرف پشت کریں۔ سامنے آپ کا سایہ زمین پر پڑے گا۔ اس سائے کی گردن پر نظر جما کر اسکو مسلسل دیکھیں۔ خیال رہے۔ کہ پلکیں نہ جھپکیں دوسرا دنیاوی خیالات کو قریب نہ آنے دیں۔ صرف ہمزاد کا تصور ذہن میں رکھیں۔ ۱۵ منٹ مسلسل دیکھنے کے بعد آسمان پر دیکھیں۔ وہی سایہ آپکو آسمان پر نظر آئیگا۔ ممکن ہے۔ کہ پہلے چند دن ایسا نہ ہو۔ جوں جوں عمل کی قوت بڑھے گی۔ سایہ صاف نظر آنا شروع ہو جائیگا۔

آپ روزانہ وقت میں اضافہ کرتے جائیں۔ مثلاً پہلے دن آپ نے پندرہ منٹ دیکھا ہے۔ دوسرے روز ۲۰ منٹ دیکھیں۔ تیسرے روز ۳۰ منٹ دیکھیں۔ اسی طرح وقت میں اضافہ کرتے جائیں۔

جب عمل ختم ہو تو سیدھا اپنے گھر چلے آئیں۔ اگر کوئی شخص راستے میں ملے۔ تو اس سے بات چیت ہرگز نہ کریں۔ اس عمل میں کسی طرح کی پرہیز نہیں ہے۔

صرف روزانہ عمل کا وقت مقررہ ہونا چاہیے ۔ ناغہ ہرگز نہ ہو ۔ ایک چلے سے لیکر
تین چلے کے دوران ہمزاد حاضر ہوگا ۔

ہمارے بہت سارے شاگرد اس عمل کی بدولت منزل تک پہنچے ہیں ۔ جو
لوگ ہمزاد طابع کرنے کے خواہش مند ہوں ۔ ان کو چاہیے ۔ کہ اس عمل پر ضرور آزمائیں
انشاء اللہ یقیناً کامیابی نصیب ہوگی ۔

عمل نمبر ۲ | نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء اس عمل کو شروع کریں ۔ کمرہ
بالکل علیحدہ ہو ۔ اور کمرے میں کسی طرح کا سامان نہ ہو ۔ نہ ہی کوئی ایسی چیز حرکت
کرنے والی ہو ۔ جس سے عامل کے خیالات منتشر ہوں ۔ ایک نیا چراغ جو اس میں
سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں ۔ اور رکھو اپنی پشت کے پیچھے رکھیں ۔ اور سائے کی
گردن پر نظر جمائیں کم از کم پچھلے عمل کی طرح ۱۵ منٹ تک دیکھیں ۔ اس کے بعد آپ
دوسری دیواروں یا چھت پر دیکھیں ۔ وہی سایہ آپکو نظر آئیگا ۔ اور جب تک
پلکیں نہ جھپکیں گے نظر آتا رہے گا ۔
آپ روزانہ وقت میں اضافہ کرتے جائیں ۔ یعنی اگر پہلے دن ۱۵ منٹ
سایہ کو دیکھا ہے ۔ تو دوسرے روز ۲۰ منٹ دیکھیں ۔ اسی طرح روزانہ
وقت بڑھاتے جائیں ۔ بس یہ خیال رکھیں ۔ کہ پلکیں ہرگز نہ جھپکیں
انشاء اللہ تین چلے کے اندر اندر ہمزاد حاضر ہوگا ۔ اس عمل میں کسی طرح
کی پرہیز نہیں ہے ۔ بس روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی لازمی ہے ۔
اس عمل میں وہ لوگ جلد کامیاب ہو جاتے ہیں ۔ جنکا تصور پختہ ہوتا
ہے ۔ یا ایسے لوگ جنکا مزاج آتشی ہو ۔ وہ بھی جلد کامیاب ہو جاتے ہیں ۔
اس عمل کی خوبی یہ ہے ۔ کہ اس میں کچھ پڑھنا نہیں ہے

خاص عمل ہمزاد (تجربہ شدہ)

یہ عمل جو کہ اب لکھ رہا ہوں. عملیات کی کئی کتب میں بھی درج ہے لیکن عمل نامکمل لکھا ہوا ہے ۔ دوسرا عمل کرنے کا صحیح طریقہ بھی نہیں لکھا ہوا ہے. تیسری بات جو نقش ہے. وہ بھی غلط لکھا ہوا ہے.

میں اس عمل کو وضاحت سے لکھ رہا ہوں. اس عمل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ایسے لوگ جو کہ آسیبی مریض ہوں. وہ بھی اس عمل کو کر سکتے ہیں دوسری خوبی اس عمل میں کچھ پڑھنا نہیں ہے. تیسری خوبی اس میں کسی طرح کی پرہیز نہیں ہے صرف روزانہ نقش لکھنے اور جلانے کا وقت مقررہ ہو. اسکے علاوہ روزانہ جگہ کی پابندی بھی لازمی ہے

سب سے پہلے چار نقش اسطرح بنائیں. جیسے کہ ہم نے لکھے ہیں.

قارون	فرعون	شداد	نمرود
فرعون	شداد	نمرود	ہامان
شداد	نمرود	ہامان	ابوجہل
نمرود	ہامان	ابوجہل	شیطان

عمل کرنے یا نقش لکھنے کا کوئی خاص دن مہینہ مقررہ نہیں ہے ۔ جب بھی عمل کا ارادہ ہو. اسطرح کے چار نقش آپ کالی سیاہی سے لکھ لیں. اور ان پر نمبر لگا لیں. یاد رہے. پھر آپ نے اسی ترتیب سے جلانے ہیں. ایک نئی چارپائی جو کہ پہلے استعمال شدہ نہ ہو. ایک ایک نقش چارپائی کے چاروں پائے کے نیچے رکھ کر سو جائیں. اور سوتے وقت ہمزاد کا تصور کریں. اور صبح کو اٹھ کر روزانہ وقت مقررہ پر ان کو اسی ترتیب

سے جلا دیں۔ جس ترتیب سے آپ نے نقش بنائے تھے۔ اور راکھ کو باہر پھینک دیں۔ یاد رہے۔ سب کام تنہائی میں کریں۔ کوئی دوسرا شخص نہ دیکھے نہ ہی اس کمرے میں کوئی دوسرا شخص سویا ہوا ہو۔ جس کمرے میں آپ عمل کر رہے ہیں۔ یہ عمل ۲۱ روز کا ہے۔ لیکن پہلے ہی دن سے خواب میں ہمزاد سے باتیں شروع ہو جاتی ہیں۔ آپ کو ایسا بھی محسوس ہوگا۔ جیسے کہ آپ کے ساتھ کوئی اور بھی سویا ہوا ہے۔ اسی طرح دن کو چلتے پھرتے وقت بھی یہی محسوس ہوگا۔ کہ آپ کے ساتھ ساتھ کوئی اور بھی ہے۔ لیکن نظر نہ آئیگا۔

اس عمل کو میں نے 1991 میں کیا تھا۔ اور کئی شاگردوں کو بھی کروایا ہے جو کہ کامیاب ہوئے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ اس عمل میں ڈر خوف بھی آتا ہے۔ لیکن ڈریں نہیں۔ نہ ہی ڈرنے کی صورت میں کچھ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ نہ ہی کوئی نقش جیب میں رکھیں۔ ورنہ عمل کی تاثیر ہرگز ظاہر نہ ہوگی۔

یہ عمل تجربہ شدہ ہے۔ جس شخص کا جی چاہے۔ وہ تجربہ کر سکتا ہے۔ کامیابی کی صورت میں آپکا ہمزاد خواب میں آکر آپ کو ہر مسئلے کا حل بتائے گا۔ اور جو بھی آپکے جائز کام ہونگے۔ وہ بھی کریگا۔

میں نے اس عمل کو وضاحت سے لکھ دیا ہے۔ کوئی بھی نکتہ پوشیدہ نہیں رکھا گیا۔ پھر بھی میری راہنمائی کی ضرورت ہو۔ یا میری زیر نگرانی عمل کرنا چاہتے۔ تو میں حاضر ہوں۔ اس عمل کیلئے اگر آپ مجھ سے اجازت لے لیں۔ ایک تو کامیابی یقینی ہے۔ دوسرا آپ ڈر خوف اور رجعت سے بھی محفوظ رہیں گے۔

ہمزاد کی آواز آپ کے کانوں میں باقاعدہ آئے گی۔ اور آپکی ہر بات کا جواب
ہمزاد دے گا۔ اور مختلف معاملات میں آپکی راہنمائی کرے گا۔ دوران عمل چالیس
دن میں باقاعدہ پرہیز کریں۔ یہ پرہیز جلالی و جمالی دونوں کریں۔ جس حجرے میں
عمل کریں۔ اس میں چالیس دن تک کسی اور کو داخل نہ ہونے دیں۔ دن میں آپ
کہیں بھی قیام کر سکتے ہیں۔ رات کو عمل کرنے کے بعد اس حجرے میں سو جائیں۔

یہ عمل ہمزاد سے باتیں کرنے کا خصوصی عمل ہے۔ اگر آپ نے اس کو
پورے یقین کے ساتھ کر لیا۔ تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا۔ کہ ہمزاد سے باتیں
کرنے کا یہ نرالا عمل ایک قیمتی اور بے مثال فن کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور لاکھوں
روپے ادا کر کے بھی اس کی قیمت نہیں چکائی جا سکتی۔ لیکن ہم نے اپنے محبوب ترین
قارئین کے لیے یہ عمل بطور ہدیہ پیش کر دیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اس آسان
ترین عمل سے تمام صاحب صلاحیت قارئین فائدہ اُٹھائیں گے۔ دُعا گو ہوں۔
کہ ربّ العالمین محنت کرنے والوں کی محنت رائیگاں نہ کرے۔ اور معتقدین
سب کوشش کرنے والوں کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ آمین۔

حاضرات کھولنے کا نایاب عمل

اکثر لوگوں کی یہ خواہش ہوتی ہے۔ کہ کاش ہمیں کوئی ایسا عمل یا کوئی ایسی ترکیب ہاتھ آجائے۔ جسکی بدولت ہم خود حاضرات کا مشاہدہ کر سکیں۔ لہٰذا اس فن کے شائقین کیلئے وہ عمل لکھا جاتا ہے جسکی بدولت حاضرات نظر آتی ہے۔ اس عمل میں ڈر خوف آتا ہے اسلئے کمزور اور ڈرپوک قسم کے لوگ ایسے عملوں سے دور ہی رہیں تو بہتر ہے۔ ورنہ رجعت کا خطرہ ہے۔

حاضرات کا یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے عمل کیا ہے۔ ایک قسم کا چلتا جادو ہے۔ جو لوگ کریں گے۔ وہ اسکی تاثیر خود ہی دیکھیں گے۔ یہ عمل ایک سینے کا راز تھا۔ جو میں نے آج تک کسی شاگرد کو بھی نہیں بتایا۔ بلکہ اس عمل کی کسی کو ہوا تک نہیں لگنے دی۔ یہ عمل کئی برسوں سے میرے سینے میں دفن تھا۔

جو لوگ شکایت کرتے ہیں۔ کہ ہمیں عمل میں کامیابی نہیں ہوتی۔ یا کسی طرح کے مشاہدات نظر نہیں آتے۔ وہ اس عمل کو ضرور کریں۔ کیونکہ یہ عمل بار ہا کا آزمودہ ہے۔ اور پتھر پر لکیر ہے۔ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع ہو سکتا ہے۔ لیکن اس عمل کا اثر بے خطا یقینی ہے۔ جو لوگ اس عمل کو کرنا چاہتے ہیں۔ تو اُن پر لازم ہے کہ سب سے پہلے بروز جمعرات کسی شیرینی پر حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ اور انکے خصوصی مریدین کے نام کی فاتحہ دلا کر شیرینی چھوٹے بچوں میں تقسیم کریں۔ اور کامیابی عمل کی دعا کریں۔

عمل یہ ہے

یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
مجھے مشکل تجھ آسان

ترکیب اس عمل کی اس طرح ہے۔ کہ اس عمل کے لیے خاص دن یا مہینہ مقررہ نہیں ہے۔ عامل کو چاہیے۔ کہ ایسے مقام پر چلا جائے۔ جہاں پر ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہو۔ ہرے بھرے درخت ہوں۔ اور جگہ ایسی ہو۔ جہاں پر کسی طرح کا شور و غل نہ ہو۔ مکمل تنہائی ہو۔ سب سے پہلے اپنے گرد حصار کریں۔ تاکہ دل کو تسلی رہے۔ اسکے بعد عمل مبارک کو لاتعداد پڑھنا شروع کردیں۔ اسی طرح اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے روزانہ جاکر ورد کریں۔ کچھ دنوں کے بعد یا ممکن ہے۔ اُسی روز سے عامل کو مختلف قسم کی ڈراؤنی صورتیں نظر آنی شروع ہو جائینگی۔ عامل کو چاہیے۔ کہ وہ دل میں کسی طرح کا خوف نہ لائے۔ اور مندرجہ ذیل ترکیب عمل میں لائے۔

اگر خوفناک صورتیں نظر آئیں۔ تو عامل کو چاہیے۔ کہ وہ فوراً لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ پڑھ کر اپنا منہ دائیں طرف پھیرے۔ اسی طرح جب بھی خوفناک اور ڈراؤنی صورتیں نظر آئیں۔ اسی طرح پڑھ کر منہ پھیر لیا کریں۔ روزانہ اسی طرح اس عمل کو کریں۔

ایک وقت آئے گا۔ آپ کو اچھی صورتیں نظر آنی شروع ہو جائینگی۔ لیکن یہ واضح نہ ہوں گی۔ یعنی صاف دکھائی نہیں دیں گی۔ جب اچھی صورتیں نظر آنے لگیں۔ تو پھر یہ عمل پڑھیں۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ۔ گیارہ مرتبہ ۔ پھر مقصود اسماءِ عظم

دیں ۔ پھر اسی طرح گیارہ مرتبہ پڑھیں ۔ اگر پھر بھی صاف نظر نہ آئے ۔ تو پھر اسی طرح پڑھیں ۔ آپ جتنی مرتبہ پڑھتے رہیں گے ۔ ان شاءاللہ صاف نظر آنا شروع ہو جائیگا ۔ اور پھر ان سے بات چیت بھی شروع ہو جائیگی ۔

عامل کے لیے خاص ہدایات

(۱) عمل کو باوضو پڑھیں ۔ اور پڑھنے سے قبل اپنے گرد حصار کریں ۔
(۲) کمزور دل اور ڈرپوک قسم کے لوگ اس عمل کو ہرگز نہ کریں ۔
(۳) دورانِ عمل جو بھی مشاہدات نظر آئیں ۔ انکا ذکر کسی سے بھی ہرگز نہ کریں ۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا احتمال ہے
(۴) عمل کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں ہے ۔ تاہم جو اوقات اس عمل کیلئے موزوں ہیں ۔ وہ صبح طلوع آفتاب سے لیکر دن کے ۱۰ بجے تک اور دوسرا وقت مغرب کی اذان سے لیکر عشاء کی نماز تک ہے ۔
(۵) عمل کو کسی ویرانے میں کریں ۔ جہاں پر سبزہ اور ہرے بھرے درخت ہوں ۔ جگہ ایسی منتخب کریں ۔ جہاں پر آپ کو کوئی نہ دیکھے ۔

نکتہ : ۔ دورانِ عمل سر بھاری ہو جائے ۔ کندھوں پر وزن پڑے ۔ جسم میں جھٹکے لگیں ۔ دماغ سُن ہو جائے ۔ تو سمجھ لیں ۔ کہ عمل کامیاب جا رہا ہے ۔ اور کسی وقت بھی حاضرات مکمل ہو سکتی ہے ۔ شروع شروع میں ہلکے ہلکے سائے نظر آئیں گے لیکن واضح نہ ہوں گے ۔ جوں جوں عمل کی قوت بڑھے گی ۔ اسی طرح روحانیت صاف نظر آنا شروع ہو جائے گی ۔

نوٹ : عمل کرنے سے قبل مجھ سے اجازت لینی شرط ہے ۔

آپ کے مسائل کا روحانی حل

بندش :

بندش ایک ایسا لاعلاج اور خطرناک مرض ہے کہ جس شخص پر لگ جائے۔ وہ تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ کاروبار بند ہو جاتا ہے حصولِ رزق کے تمام راستے بند ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اسے کوئی شخص بھیک دینے کیلئے بھی تیار نہیں ہوتا۔ اس کے اپنے بیگانے بن جاتے ہیں۔ شناسا اجنبی بن جاتے ہیں۔ دوست و مددگار دشمن بن جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اسکی کوئی اچھی کہی ہوئی بات بھی دوسروں کو بُری لگتی ہے۔ مالی و معاشی طور پر تباہ حال شخص دوسروں کی نظر میں ذلیل اور تماشہ بن کر رہ جاتا ہے۔

اگر خدانخواستہ آپ میں سے کوئی شخص بندش کا شکار ہو۔ جادو سحر آسیبی اثرات کیوجہ سے بندش لگی ہو۔ یا کسی نے سفلی علم کے ذریعے لگائی ہو۔ تو آپ بلا فرصت میں مجھ سے رابطہ کریں۔ انشاء اللہ ۲۱ روز کے اندر اندر آپ کو ہر طرح کی بندش سے نجات دلائی جائیگی

برائے حُبّ (تصوراتی عمل) آزمودہ

کہا جاتا ہے۔ کہ عمل سے زیادہ تصوّر کی قوت ہوتی ہے۔ جب عمل اور تصوّر دونوں ملتے ہیں۔ تو اس کا نتیجہ فی الفور سامنے آتا ہے۔ جن لوگوں کا تصوّر کامل ہوگا۔ ان کے لیے کامیابی یقینی بات ہوگی: ـــ

نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء اس عمل کو شروع کرنا ہے۔ عمل یہ ہے۔ یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ طالب و مطلوب مع مادر کے اعداد نکالیں۔ جو تعداد بنے۔ اتنی ہی مرتبہ اس عمل کو پڑھنا ہے۔ عمل کیلئے کمرہ پُرسکون ہو۔ روشنی کم ہو اگربتی بھی سلگالیں۔ منہ خانہ مطلوب کیطرف ہو۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر اس عمل کو پڑھنا شروع کریں۔ جب تعداد دس پندرہ تک ہو جائے۔ تو یہ تصوّر کریں کہ مطلوب اپنے کمرے میں پُرسکون نیند سو رہا ہے۔ (زبان نہ رُکے) کچھ دیر بعد یہ تصوّر کریں۔ کہ عمل کا کچھ اثر مطلوب پر ہو رہا ہے۔ اور وہ نیند میں بے چین ہو کر کروٹ بدل رہا ہے۔ کچھ دیر کے بعد بے چین ہو کر بیدار ہو جاتا ہے۔ جونہی جاگتا ہے اُسے آپ یاد آجاتے ہیں۔ وہ تھوڑی دیر آپکے متعلق سوچتا ہے۔ پھر سونے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر ناکام رہتا ہے۔ کروٹ بدل بدل کر سونے کی کوشش کرتا ہے۔ پھر بیقرار ہو کر اٹھ بیٹھتا ہے۔ اور آپ کے متعلق سوچتا ہے۔ پھر اپنے آپ سے کہتا ہے کہ کل جاؤنگا۔ پھر سونے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر پھر اس کے سامنے آپ کی شکل آجاتی ہے۔ پھر اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے۔ غرض اسی طرح تین چار بار تصوّر کریں۔ پھر آخر میں یہ دیکھیں۔ کہ آخر وہ آپ کی محبت میں بے چین و بیقرار ہو کر ننگے پاؤں اپنے کمرے سے نکل کر باہر آتا ہے۔ (جس ذریعے سے وہ آسکتا ہے۔ وہ تصوّر کریں) سائیکل موٹر سائیکل یا پیدل تیز بلکہ پوری رفتار سے وہ بھاگتا ہوا آپ کے گھر کی طرف

پروانہ ہوتا ہے ۔ یہ لوگوں کی پرواہ کرتا ہے ۔ یہ شریف کی ہیں ایک ہی دعوٰی ہے ۔
کہ جلد از جلد آپ تک پہنچ جائے ۔ اب مقام راستوں سے ہوتا ہوا آپ کے گھر پر آپ کے
کمرے میں آجاتا ہے ۔ اور اپنا سر آپ کے قدموں میں رکھتا ہے ۔ پھر آپ اپنا ہاتھ اس
کے سر پر رکھتے ہیں ۔ اور وہ خاموش ہو کر سیدھا بیٹھ جاتا ہے ۔

کچھ دیر بعد آپ ایک تیز دھار چاقو لیکر اس کے دل کے مقام پر شگاف ڈالتے ہیں
اور اس کا دل نکال لیتے ہیں ۔ اور اسی چاقو سے دل کے دو ٹکڑے کرتے ہیں ۔ پھر ان
دونوں ٹکڑوں کو پانی سے اچھی طرح دھوئیں ۔ دھونے کے وقت یہ تصور کریں ۔ کہ اس
کے دل سے میری نفرت کدورت ختم ہوتی جا رہی ہے ۔ پھر اپنے سینے میں دل کے مقام
پر شگاف کر کے اپنا دل نکال لیں ۔ اور اس کو اسی طرح اس کے دونوں ٹکڑوں کے
درمیان رکھ کر اچھے طریقے سے سی دیں ۔ کچھ دیر بعد پھر سینہ چاک کریں ۔ اور دل نکالیں
چیریں دھوئیں اپنا دل رکھیں ۔ پھر واپس فٹ کر دیں ۔ پھر سینہ چاک کریں ۔ دل
نکالیں دو ٹکڑے کریں ۔ دھوئیں اپنا دل درمیان میں رکھیں ۔ پھر فٹ کر دیں ۔
تا اختتام اس عمل کو کریں ۔ اس کے گھر سے اپنے گھر تک کا تصور صرف ایک بار
باقی دل پر جب تک عمل ختم نہ ہو ۔ کرتے رہیں ۔

آخر میں درود شریف ۱۱ بار پڑھ کر عمل کی کامیابی کی دعا کریں ۔ اور عمل کے
مقام پر سو جائیں ۔ الحمد للہ پہلی رات مطلوب خواہ کتنا سنگ دل ہو ۔ فوراً بیقرار
ہو کر اپنا سر قدموں میں رکھ دیگا ۔ ورنہ تین یا سات دن میں تو ہر حال میں مطلوب
حل ہو جائیگا ۔

نوٹ :۔ اس عمل کو کرنے سے قبل اجازت لینی شرط ہے ۔ ورنہ یہ عمل
کام نہ دے گا ۔ خط لکھ کر اجازت حاصل کریں ۔

بندش کیسے لگتی ہے؟

یہ تو ایک عام سی بات ہے کہ مخالف اور حاسد قسم کے لوگ سفلی علم کے ذریعے بندش کروا دیتے ہیں۔ لیکن اس کے علاوہ بھی بندش لگنے کی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ جو کہ عام لوگوں کو معلوم نہیں ہیں۔ لہٰذا ہم وہ دوسری وجوہات تفصیل سے لکھ رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے بندش خود بخود ہی لگ جاتی ہے۔

(۱) ایسے لوگ جو کہ آسیبی مریض ہوتے ہیں۔ یا جن کے گھر آسیبی ہوتے ہیں۔ وہاں پر بندش خود بخود ہی لگ جاتی ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ ہر کام میں رکاوٹیں شروع ہو جاتی ہیں۔ اور گھر کا سکون ختم ہو جاتا ہے۔ خاندان کے خاندان تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔ باہمی تعلقات نفرت اور عداوت میں بدل جاتے ہیں چلتے کاروبار بند ہو جاتے ہیں۔ رشتے نہیں آتے۔ بلکہ لگے لگائے رشتے بھی ٹوٹ جاتے ہیں۔ میاں بیوی کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور طلاقیں ہو جاتی ہیں۔ مرد/عورت لبتہ ہو جاتے ہیں۔ اولاد آوارہ و نافرمان بدکردار ہو جاتی ہیں۔ زندگیاں ناسور بن کر رہ جاتی ہیں۔ اور ہر وقت تناتنی اور کشاکشی کا ماحول بنا رہتا ہے۔

(۲) کچھ لوگوں کے گھر ایسی جگہ پر بنے ہوتے ہیں۔ جہاں پر پہلے قبرستان یا کسی بزرگ کی قبر یا مزار ہوتا ہے۔ تو ایسی صورت میں گھر پر ہر طرح سے بندش لگ جاتی ہے۔ لوگوں کی زندگیاں عذاب بن کر رہ جاتی ہیں۔ اور آئے دن یہ لوگ کسی نہ کسی مصائب کا شکار رہتے ہیں۔ ناگہانی اموات۔ حادثات حال مویشی کا مر جانا اور طرح طرح کے نقصانات ہوتے رہتے ہیں۔

(۳) ایسے گھر جن میں کسی کی موت غیر طبعی ہوئی ہے۔ کسی نے خودکشی کرلی ہو یا کوئی قتل ہوا ہو۔ یا بعض اوقات عورتیں اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنے کے لیے ناجائز بچے دفن کردیتی ہیں۔ ایسے گھروں میں بندش لگ جاتی ہے۔ اور ان کو ایک پل کے لیے بھی سکون نہیں ملتا۔ لوگ سکون کو ترستے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ اس زندگی سے تو موت اچھی ہے۔

(۴) کچھ لوگوں کو بیزار۔ موکلات جنات تسخیر کرنے کا بڑا شوق ہوتا ہے۔ اور وہ کتابوں سے پڑھ کر عمل شروع کردیتے ہیں۔ کسی بے احتیاطی کے سبب یہ لوگ رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور پھر پورے گھر پر بندش لگ جاتی ہے۔

(۵) کچھ لوگ عام دم درود کرتے ہیں۔ جو کہ عملیات کے اصول و قواعد سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے پاس جب آسیبی مریض آتے ہیں۔ تو جونہی وہ ایسے لوگوں پر دم کرتے ہیں۔ خود پکڑے جاتے ہیں۔ اور مریض کے اوپر جو چیزیں ہوتی ہیں۔ ان کے اثرات ان پر پڑ جاتے ہیں۔ اور پھر بندش لگ جاتی ہے سینکڑوں لوگ میرے پاس اس طرح کے آئے ہیں۔ جنہوں نے خالی آسیبی مریض پر دم کیا۔ اور خود آسیبی مریض بن گئے۔ اور پھر ہر طرح کی بندش کا شکار ہوگئے۔

(۶) کسی مرنے والے گھر جب عورتیں افسوس کیلئے جاتی ہیں۔ تو وہاں پر اکثر عورتیں ایسی ہوتی ہیں۔ جو کہ آسیبی مریضہ ہوتی ہیں۔ بعض عورتوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ ایسی جگہوں پر چھوٹے بچوں کو بھی ساتھ لے جاتی ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ عورتیں اور بچے آسیبی اثرات کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ اور پھر ہر طرح کی بندش لگ جاتی ہے۔

(۷) کسی قبرستان یا ویران جگہ سے گزرتے وقت عورتوں / بچوں پر آسیبی اثرات پڑ جاتے ہیں۔ کیونکہ عام طور پر ایسی جگہوں پر جنات کے ڈیرے ہوتے ہیں۔ بعض لوگ احتیاط نہیں کرتے۔ ایسی جگہوں پر پیشاب بھی کر دیتے ہیں۔

(۸) بعض گاؤں میں ایسے درخت دیکھے گئے ہیں۔ جن پر جنات کا ڈیرہ ہوتا ہے ایسے درختوں کو جب لوگ کاٹتے ہیں۔ تو ان پر آسیبی اثرات پڑ جاتے ہیں۔ کیونکہ جنات مشتعل ہو جاتے ہیں۔ اور پھر بندش لگ جاتی ہے

اس کے علاوہ بھی سینکڑوں وجوہات ہوتی ہیں۔ جن کی وجہ سے بندش لگ جاتی ہے۔ چونکہ یہ تفصیل بہت ہی لمبی ہے۔ اسلئے اس موضوع پر ایک علیحدہ کتاب لکھی گئی ہے۔ جس کا نام حافظت آسیب و جنات ہے۔ مکمل تفصیل آپ اس کتاب میں پڑھیں گے۔

غلط فہمیاں :

درج بالا بندش لگنے کی جتنی بھی وجوہات لکھی گئی ہیں۔ لوگ اس پر قطعی یقین نہیں کرتے۔ ان کا یہ خیال ہوتا ہے۔ کہ یہ کام ضرور ہمارے کسی دشمن نے کیا ہے۔ اسطرح وہ غلط فہمی کا شکار ہو کر خواہ مخواہ دوسرے لوگوں پر شک کرتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے جانی دشمن بن جاتے ہیں۔ اور پھر گھروں کے گھر اجڑ جاتے ہیں۔

دوسری غلط فہمی ایک لڑکی بالکل ٹھیک ہوتی ہے۔ شادی ہونے کے بعد جب وہ سسرال جاتی ہے۔ تو وہاں پر کسی مرد / عورت پر آسیبی اثرات ہوتے ہیں۔ یا وہ گھر آسیبی ہوتا ہے۔ چنانچہ نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ یہ اثرات لڑکی پر بھی پڑ جاتے ہیں۔ اور اس پر بندش لگ جاتی ہے۔ اس بندش کی وجہ سے اسکی اولاد نہیں ہوتی۔ یا حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ بعض عورتوں کو خون حیض جاری ہو جاتا ہے۔ بعض بند ہو جاتی ہیں۔ اور ان کو شوہر سے نفرت ہو جاتی ہے۔

اسی طرح لڑکی کے گھر والے اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کہ سسرال والوں نے لڑکی پر جادو سحر کروا دیا ہے۔ ان کو شک نہیں بلکہ پکا یقین ہوتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے۔ کہ لڑکی اپنے گھر میں ٹھیک ہوتی ہے۔ سسرال جا کر جب اصلاح کی بات ہوتی ہے۔ تو پھر انکا شک یقین میں بدل جاتا ہے۔

تیسری غلط فہمی آج کل کے نام نہاد عاملین لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتے ہیں۔ اور وہ خواہ مخواہ خاندان میں کسی مرد / عورت کا نام بتا دیتے ہیں۔ کہ آپ پر جادو سحر انہوں نے کروایا ہے۔ حالانکہ کہ ان کے پاس ایسا کوئی علم نہیں ہوتا۔ لوگوں کو بے وقوف بنا کر منہ مانگے پیسے بٹور لیتے ہیں۔

مجھے جادو سحر آسیبی اثرات بندش کا کام کرتے تقریباً 15 سال ہو چکے ہیں۔ اس دوران میرے پاس ہزاروں ایسے کیس آئے ہیں۔ جو لوگ آسیبی مریض تھے۔ یا ان کے گھر آسیبی تھے۔ اور وہ اس وجہ سے بندش کا شکار تھے۔ جب ان کو بتایا گیا۔ کہ آسیبی اثرات / آسیبی گھر کی وجہ سے آپکے اوپر بندش لگی ہوئی ہے۔ تو کسی سائل / سائلہ نے بھی میری بات پر یقین نہیں کیا۔

بندش سے پیدا ہونے والے مسائل

بندش کس طرح لگتی ہے۔ اسکی مکمل تفصیل گذشتہ صفحات پر لکھی گئی ہے۔
بندش ایک ایسا خطرناک اور لاعلاج مرض ہے۔ کہ جس شخص پر لگ جائے۔
وہ تباہ وبرباد ہوکر رہ جاتا ہے۔ کاروبار بند ہوجاتا ہے۔ حصول رزق کے تمام
راستے بند ہوجاتے ہیں۔ نت نئے جتن اور ہر قسم کے وسائل استعمال کرنے کے باوجود
بھی اس کے ہاتھ کچھ نہیں آتا۔ یہاں تک کہ اُسے کوئی شخص بھیک دینے کیلئے بھی
تیار نہیں ہوتا۔ اس کے اپنے بیگانے بن جاتے ہیں۔ شناسا اجنبی بن جاتے ہیں
دوست و مددگار دشمن بن جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اسکی کوئی اچھی کہی ہوئی بات
بھی دوسروں کو بُری لگتی ہے۔ مالی و معاشی طور پر تباہ حال شخص دوسروں کی
نظر میں ذلیل اور تماشہ بن کر رہ جاتا ہے۔

جادو سحر آسیبی اثرات بندش کو نہ ماننا

کچھ لوگ جادو سحر آسیبی اثرات اور بندش کو سرے سے ہی نہیں مانتے بندش
لگنے کی صورت میں وہ کہتے ہیں۔ کہ ہمارے اوپر قدرتی گردش کا دور ہے۔ یا قسمت
کی خرابی سمجھی جاتی ہے۔ یا بعض کہتے ہیں کہ یہ اللہ کیطرف سے ہم پر آزمائش ہے۔

جہاں تک میری ذاتی رائے ہے۔ اس بات میں بھی کوئی شبہ نہیں
کہ انسان گردش ایام کا بھی شکار ہوجاتا ہے۔ جس سے وہ آسائش و آرام سے
نکل کر غربت و افلاس کی جھونپڑیوں کا مکین بن جاتا ہے۔

گردشِ ایام اپنی جگہ پر بجا لیکن میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔ کہ غربت و افلاس کا
دور دورہ ہو۔ مالی و معاشی پریشانیاں مسلط ہو چکی ہوں۔ تنگدستی نے ڈیرے ڈال
دیے ہوں۔ ہر کام میں رکاوٹ ہو۔ قابلِ قبول لڑکیوں کے رشتے نہ آتے ہوں۔ یا
بات بن کر ختم ہو جاتی ہو۔ لگے لگائے رشتے ٹوٹ گئے ہوں۔ اولاد نہ ہو رہی ہو۔ بچے
پیدا ہو کر مر جاتے ہوں۔ میاں بیوی کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو گئی ہو۔ سکون
ختم ہو گیا ہو۔ تو یہ کہہ کر خاموش ہو جانا کہ ہمارے اوپر قدرتی گردش کا دور ہے۔ میرے
نزدیک سراسر بے وقوفی اور نادانی کی بات ہے۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ جسے آپ قدرتی
گردش سمجھ رہے ہوں۔ وہ قدرتی گردش نہ ہو۔ جادو سحر آسیبی اثرات کا حملہ ہو۔ تو ایسی
صورت میں جادو سحر آسیبی اثرات کی فکر نہ کرنا درحقیقت اپنے حالات کو گردش کا
نتیجہ قرار دے کر پریشانی کی مدت کو لمبا کرنا ہے۔ اور اس طرح ایک مدت کے بعد جب سب
کچھ ختم ہو گیا ہو۔ کچھ نہ بچا ہو۔ تو پھر اس طرف متوجہ ہونا کہ شاید جادو سحر اور آسیبی اثرات
کا اثر ہے۔ اپنے آپ کو فریب دینا اور مشکلات کو خود زیادہ کرنے کے مترادف ہے۔

عقلمندی اسی کا نام ہے۔ کہ جس پریشانی کا تدارک سالہا سال بعد چل کر کرنا ہے
اسے ابتدا ہی میں سمجھ لیا جائے۔ اور اس پر عمل کر کے نجات حاصل کر لی جائے تو
یہ بات بہتر نہیں ہے؟

انتباہ جادو سحر آسیبی اثرات اور بندش کے مریضوں کا علاج کرتے مجھے پندرہ
سال ہو چکے ہیں۔ اور اس دوران میرے پاس ہزاروں مریض آئے ہیں۔ جن کو جادو سحر
آسیبی اثرات اور بندش سے نجات دلائی گئی ہے۔ ایسے مریضوں کا علاج کرتے وقت
میرے سامنے بہت سے تجربات آئے ہیں۔ جن کی روشنی میں میرا ایک حتمی فیصلہ
یہ ہے۔ کہ جادو سحر آسیبی اثرات اور بندش کی صورت میں اپنے طور پر کوئی بھی
ورد وظیفہ یا عمل ہرگز نہ پڑھا جائے۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔

کیونکہ یہ بات اکثر دیکھنے میں آئی ہے ۔ کہ جب لوگ بندش کا شکار ہو جاتے ہیں ۔ تو بعض لوگ عاملین کے پاس نہیں جاتے ۔ وہ خود ہی اپنی مشکلات دور کرنے کے لیے عمل پڑھتے ہیں ۔ یا عام لوگ اُن کو بتاتے ہیں ۔ کہ آپ فلاں عمل یا سورت پڑھیں اب بتانے والے کو تو یہ بات پتہ نہیں ہوتی ۔ کہ یہ شخص بندش کا شکار ہے ۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے ۔ کہ بندش کی صورت میں جب بھی کوئی عمل پڑھا جاتا ہے ۔ تو بجائے فائدے کے نقصان ہونا شروع ہو جاتا ہے ۔ اور بندش میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے ۔

اگر کسی کا گھر آسیبی ہے ۔ تو وہاں پر جنات اور زیادہ مشتعل ہو جاتے ہیں ۔ اگر کوئی شخص آسیبی مریض ہو ۔ تو اس کو زیادہ تکلیف دینی شروع کر دیتے ہیں ۔

اسی طرح بعض نام نہاد عاملین کو دیکھا گیا ہے ۔ کہ جب اُن کے پاس اس طرح کے مریض جاتے ہیں ۔ تو وہ بغیر تشخیص کیے ان کو تعویذ پہننے یا گھر میں رکھنے کیلئے دے دیتے ہیں ۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے ۔ کہ ایسے لوگوں کو فائدے کی بجائے مزید نقصان ہونا شروع ہو جاتا ہے ۔

آج کل ہر گلی ہر محلہ ہر شہر میں جو لوگ بڑے بڑے بورڈ لگا کر بیٹھے ہیں ۔ حقیقت میں یہ عامل نہیں ہیں ۔ بلکہ یہ محض پیشہ کرنے والے لٹیرے اور ایک مقدس فن کو بدنام کرنے والے لوگ ہیں ۔ جنہوں نے ایک دولت میں ہڑپ کر اپنی دکان سجا لی ہے ۔ ایسے لوگ خدا کی سیدھی سادی مخلوق کو اُلو بنانے میں مصروف ہیں ان کے کرتوت دیکھ کر اکثر لوگوں کا عاملین پر یقین اور عقیدہ اٹھ گیا ہے ۔ اور اصل لوگ بھی بدنام ہو گئے ہیں ۔

گھروں سے تعویذ نکالنا بعض عاملین یہ دعویٰ کرتے ہیں۔ کہ ہم گھروں سے تعویذ نکالتے ہیں۔ جب لوگ اپنے مسائل لیکر ان کے پاس جاتے ہیں۔ تو لوگوں کو بے وقوف بنانے اور پیسے بٹورنے کے لیے یہ کہہ دیتے ہیں۔ کہ آپ کے گھر میں تعویذ دفن ہیں۔ جو کہ آپ کے مخالفین نے کیے ہوئے ہیں۔ یہ تعویذ نکالنے سے آپ کا مسئلہ حل ہو جائیگا۔ اور وہی بیٹھے بیٹھے وہ تعویذ نکال کر لوگوں کو دکھا دیتے ہیں۔

یاد رکھو! حقیقت سے اس چیز کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ محض ہاتھ کی صفائی ہوتی ہے۔ ان لوگوں نے پہلے تعویذ بنا کر رکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ اگر ان کو آزمانا ہو۔ تو ان کو یہ کہیں کہ گھر میں جس جگہ پر تعویذ دفن ہیں۔ وہ جگہ ہمیں بتا دیں۔ ہم خود نکالیں گے یا ان کو کہیں کہ ہمارے ساتھ گھر چلیں اور جہاں پر تعویذ دفن ہیں۔ وہاں سے ہمارے سامنے نکالیں۔ ایسا کرنے سے اصل حقیقت خود بخود آپ کے سامنے آ جائے گی۔

اس میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ کہ بعض حاسد اور مخالف قسم کے لوگ گھروں میں تعویذات دفن کروا دیتے ہیں۔ ان دفن شدہ تعویذات کو نکالنا آسان کام نہیں ہوتا۔ یاد رہے۔ کہ یہ کام وہی عامل کر سکتا ہے۔ جس کے قبضے میں حاضرات یا کوئی اور قوت ہو۔ لیکن حاضرات میں بھی صرف جگہ بتائی جاتی ہے۔ کہ گھر میں اس جگہ پر تعویذات دفن ہیں۔ اور اس کے بعد ان کو نکالا جاتا ہے۔ لیکن یہ کبھی نہیں ہوتا۔ کہ جہاں پر تعویذات دفن ہیں۔ وہ خود ہی نکال کر عامل کو دے دیں۔

ہم بھی لوگوں کے گھروں میں جاتے ہیں۔ اگر کسی گھر میں تعویذات کا شبہ ہو۔ تو وہاں پر حاضرات کی جاتی ہے۔ اور وہ صرف ہمیں جگہ بتاتے ہیں۔ اسکے بعد ہم لوگوں کو کہہ دیتے ہیں۔ کہ یہاں سے جگہ کھودیں۔ اور وہ خود اپنے ہاتھوں سے تعویذات

نکالتے ہیں۔ یہ اصل طریقہ تعویذات نکالنے کا ہوتا ہے۔

بعض نام نہاد اور جعلی عاملین کو دیکھا گیا ہے۔ کہ وہ اس طرح کرتے ہیں۔ کہ لوگوں کو یہ بتلاتے ہیں۔ کہ آپ کے گھر میں یا قبرستان میں تعویذات دفن ہیں۔ ہم موکل بھیج کر ان کو ضائع کروا دیں گے۔

یاد رہے۔ یہ ہیں محض دھوکا اور فراڈ ہے۔ حقیقت سے اس چیز کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ لہٰذا لوگوں کو تاکید کی جاتی ہے۔ کہ وہ ایسے دھوکے باز عاملین کے چکروں میں ہرگز نہ آئیں۔

آسیبی امراض کبھی بے احتیاطی کے سبب اکثر لوگ ایسے ہوتے ہیں۔ جن پر شیطانی قوتیں مسلط ہو جاتی ہیں۔ یا ایسے لوگ جو کہ رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان پر بھی اسی طرح شیطانی قوتیں مسلط ہو جاتی ہیں۔ ایسے لوگوں پر ہر طرح کی بندش لگ جاتی ہے۔ بعض لوگوں کو یہ چیزیں نظر آتی ہیں۔ بعض لوگوں پر یہ چیزیں حاضر ہو جاتی ہیں بعضوں کو صرف آوازیں آتی ہیں۔ بعضوں کو صرف محسوس ہوتا ہے۔

چنانچہ ایسے لوگ جب علاج کی غرض سے عاملین کے پاس جاتے ہیں۔ تو وہ بغیر تشخیص کیے ہی ان کو بتا دیتے ہیں۔ کہ جی آپکے رشتہ داروں نے یہ چیزیں آپکے پیچھے چھوڑی ہوئی ہیں۔ مریضوں کو خود بھی یہ شبہ ہوتا ہے۔ کہ شاید کسی مخالف نے سفلی عمل کے ذریعے ہم پر چیزیں مسلط کر دی ہیں۔

(ماخوذ کتاب خواتین کے مسائل کا روحانی حل)

ہر طرح کی بندش کھولنے کا عجیب عمل

آج کل کے دور میں ہر انسان کسی نہ کسی مسئلے کا شکار ہے۔ لیکن عام لوگوں کا جو اہم مسئلہ ہے، وہ بندش کا ہے۔ اگر آپ کا کاروبار بند ہو۔ دکان بند ہو۔ گاہک نہ آتے ہوں رشتوں کی بندش ہو — یا رشتے آکر واپس چلے جاتے ہوں۔ شادی نہ ہوتی ہو۔ اولاد کی بندش ہو۔ تو آپ اس ترکیب کو آزمائیں ان شاء اللہ نتیجہ آپکی مرضی کے مطابق نکلے گا۔ اور صرف تین روز میں بندش ٹوٹ جائیگی بندش خواہ سفلی ہو۔ یا علوی یا کسی نے جنات کے ذریعے لگائی ہو۔ ان سب کے لیے یہ عمل کام دے گا۔ جس کا جی چاہے وہ تجربہ کر سکتا ہے

> بندش خواہ سفلی ہو۔ یا علوی یا کسی نے جنات کے ذریعے لگائی ہو ان سب کے لیے یہ عمل مجرب المجرب ہے اور صرف تین روز میں بندش ٹوٹ جاتی ہے

ترکیب:- اس نقش کو کسی بھی وقت لکھ لیں۔ نقش لکھنے کوئی کوئی خاص وقت مقررہ نہیں ہے۔ ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر اسکا پانی بندش والی جگہ پر چھڑکیں۔ اگر دکان بند ہو۔ تو دکان کے اندر تین روز پانی کا چھڑکاؤ کریں اگر رشتے نہ آتے ہوں۔ تو یہ نقش لکھ کر پانی میں گھول کر اسکا پانی پورے گھر کے اندر چھڑکیں۔ اور لڑکا / لڑکی اس نقش سے تین روز تک غسل بھی کریں۔

غسل کرنے کا طریقہ یوں ہے۔ کہ کسی بالٹی یا ٹب میں نقش کو گھول لیں۔ اور پھر اس پانی سے غسل کر لیں۔

اگر مرد / عورت لیتے ہوں۔ تو وہ بھی تین روز تک اس نقش سے غسل کریں۔ اگر جنات کسی کے اندر ہوں۔ تو یہ نقش گھول کر پلا دیں۔ مجرب ہے۔ نقش اگلے صفحہ پر

ل	ش	ک	ر	ف	ر	ع	و
ش	ک	ر	ف	ر	ع	و	ن
ک	ر	ن	ر	ع	و	ن	غ
ر	ف	ر	ع	و	ن	غ	ر
ف	ر	غ	و	ن	ع	ر	ق
ر	ع	و	ن	غ	ر	ق	ش
ع	و	ن	غ	ر	ق	ش	و
و	ن	غ	ر	ق	ش	و	د

(۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

اللہ جیسے بادشاہ محمدؐ جیسے وزیر۔ حضرت خواجہ حضرت جیسے دلبند دستگیر جیسے پیر۔ بیٹھے کھلے دُکان کھلے۔ چار کوٹ کا راہ کھلے۔ (دم) کی حضرت خضر دلی۔ دعم کی مہتر الیاس۔

ترکیب: چالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بندش والی جگہ پر چھڑک دیں۔ اس عمل کو تین روز تک کریں۔ اگر مرد/عورت بندھا ہوا ہے پر پانی تین روز تک پلائیں۔ اگر دکان کاروبار بند ہو۔ تو اسی طرح تین روز تک یہ پانی دُکان کے اندر یا کاروبار کی جگہ پر چھڑکیں۔ مجرب او آزمودہ ہے

نقش برائے جادو سحر آسیبی اثرات

جادو شکن نقش

ابلیس لعین	فرعون لعین	شداد لعین	نمرود لعین
فرعون لعین	قارون لعین	شداد لعین	ابلیس لعین
شداد لعین	نمرود لعین	ہامان لعین	فرعون لعین
نمرود لعین	ابلیس لعین	فرعون لعین	قارون لعین

لشکر فرعون در دریائے نیل غرق شود

یہ عجیب و غریب نقش جادو سحر اور آسیبی اثرات کیلئے انتہائی مجرب ہے
اس نقش کی بدولت جادو سحر آسیبی اثرات صرف ایک منٹ میں زائل ہو جاتے ہیں
خوبی اس نقش کی یہ ہے۔ کہ اس میں کسی طرح کی پرہیز نہیں ہے۔

فوائد النقش :

(۱) اگر کسی مرد/عورت پر جادو سحر اور آسیبی اثرات ہوں۔ سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ غصہ آتا ہو یا چھینٹے لگتے ہوں۔ یا کوئی ذی روح مسلط ہو۔ نظر آتی ہو۔ یا آوازیں آتی ہوں۔ ڈر خوف لگتا ہو۔ تو اسکی ترتیب یوں ہے۔ کہ پہلے نقش کو لکھ لیں اور اس کے بعد اسکو پورے جسم پر اچھی طرح رگڑیں۔ سر کی طرف سے شروع کریں۔ اور نیچے پاؤں تک رگڑیں۔ اسکے بعد نقش کو فوراً جلا دیں۔ یہ عمل دن میں کئی مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں جادو سحر آسیبی اثرات سے مکمل نجات مل جائیگی۔

نوٹ: یہ نقش کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے (انتہائی مجرب اور آزمودہ ہے)

نقش برائے جادو کے آسیبی اثرات

ب	س	م	ا	ل	ل	ه	ا	ل	ر
س	م	ا	ل	ل	ه	ا	ل	ر	ح
م	ا	ل	ل	ه	ا	ل	ر	ح	م
ا	ل	ل	ه	ا	ل	ر	ح	م	ن
ل	ل	ه	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا
ل	ه	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل
ه	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر
ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح
ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی
ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م

الٰہی بہ برکت ایں نقش جادو کے آسیبی اثرات رفع شود

ترکیب :

چار نقش لکھیں۔ ایک نقش کالے کپڑے میں پیک کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں
ایک نقش بوتل میں ڈالیں۔ اس کا پانی صبح وشام مریض کو ۲۱ دن پلائیں۔
تیسرا نقش فریم کر کے ایسی جگہ آویزاں کریں۔ کہ مریض کو بستر پر لیٹے ہوئے نظر آتا رہے
چوتھا نقش مریض کے سرہانے پلنگ کے پائے میں باندھ دیں۔ یا تکیے میں سلوا
دیں۔ انشاء اللہ مریض کو ۲۱ دن میں مکمل آرام ملے گا۔

آسیبی مریض و آسیبی گھر ہونیکی علامات (کارآمد باتیں)

(۱) اگر آپ کا سر اور کندھے وزنی رہتے ہوں۔ اور غصہ آتا ہو۔ یا چلتے پھرتے آپ کو یہ محسوس ہوتا ہو۔ کہ آپکے ساتھ ساتھ کوئی اور بھی چل رہا ہے۔ لیکن نظر نہ آئے یا غیر متعلقہ باتیں سنائی دیں۔ تو سمجھ لیں۔ کہ آپ آسیبی مریض ہیں۔

(۲) اگر آپ کے گھر یا آپ کے کپڑوں پر خون کے چھینٹے گریں۔ تو سمجھ لیں۔ کہ آپ آسیبی مریض ہیں۔

(۳) اگر آپ کے گھر میں غیر متعلقہ آوازیں سنائی دیں۔ کسی کے چلنے کی آواز آتی ہو۔ یا رونے یا ہنسنے کی آوازیں آتی ہوں۔ تو سمجھ لیں کہ آپکا گھر آسیبی ہے۔

(۴) اگر گھر میں لائیٹ خود بخود آن ہو جاتی ہو۔ یا آف ہو جاتی ہو۔ دروازے خود بخود کھل جاتے ہوں یا بند ہو جاتے ہوں۔ یا گھر میں پتھر آتے ہوں۔ تو سمجھ لیں۔ کہ آپ کا گھر آسیبی ہے۔

(۵) رات کو سوتے وقت اگر آپ کو یہ محسوس ہو۔ کہ آپ کے ساتھ کوئی اور بھی لیٹا ہوا ہے۔ لیکن نظر نہ آئے۔ تو سمجھ لیں۔ کہ آپکا گھر اور آپ آسیبی مریض ہیں۔

(۶) اگر آپ گھر سے باہر رہ کر سکون محسوس کرتے ہوں۔ لیکن گھر میں آکر آپکی طبیعت خراب ہو جاتی ہو۔ تو سمجھ لیں۔ کہ آپ کا گھر آسیبی ہے۔

آسیبی مریض کے لیے خصوصی ہدایات

(کارآمد باتیں)

جادو سحر آسیب و اثرات بندش کے مریضوں کے لیے خصوصی ہدایات لکھی جا رہی ہیں۔ ان پر سختی سے عمل کریں۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

(۱) اپنے طور پر کوئی بھی ورد وظیفہ یا کوئی عمل ہرگز نہ پڑھیں۔ اور نہ ہی کسی سے کوئی تعویذ لیکر گلے یا بازو پر باندھیں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا احتمال ہے۔

(۲) ایسا گھر جہاں پر کوئی فوت ہو جائے۔ وہاں پر ہرگز نہ جائیں ورنہ یہ تکلیف بڑھ جائیگی۔ اور پھر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔

(۳) بڑا گوشت کھانے سے قطعی پرہیز کریں۔ اور نمک کا استعمال بھی کم کر دیں۔

(۴) قبرستان یا مزارات پر بھی جانے سے پرہیز کریں۔

(۵) کالے رنگ کے کپڑے ہرگز نہ پہنیں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا احتمال ہے۔

نوٹ: اس موضوع کی مزید جانکاری کیلئے ناچیز کی کتاب "محفلِ حاضرات" کا مطالعہ کریں۔

ملنے کا پتہ: کتب خانہ شانِ اسلام
راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور

تصوراتی عملِ حُب (آزمودہ)

اس عمل کے لیے کوئی خاص دن مہینہ مقرر نہیں ہے۔ سورج غروب ہونے سے آدھا گھنٹہ قبل اس عمل کو شروع کریں۔ کمرہ پُرسکون ہو۔ کپڑے آرام دہ ہوں۔ دونوں زانوں اطمینان سے بیٹھیں۔ مطلوب کا نام ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے سامنے رکھیں۔ اور نظر اس پر جمائیں۔ اگر محبوب کی تصویر آپ کے پاس ہے۔ تو وہ سامنے رکھیں تصویر پر عمل کا اثر بہت تیز ہوتا ہے۔ اگر تصویر نہیں ہے۔ تو پھر نام ہی کافی ہے۔ اگر موقع ایسا ہے۔ کہ نام بھی معلوم نہیں۔ تو تصور مطلوب کا کریں۔ اور اس کی صورت کا نقشہ تصور سے سامنے رکھیں۔

بعض مواقع ایسے ہوتے ہیں۔ کہ مطلوب کو دیکھا بھی نہیں۔ تو صرف تصور کریں۔ اطمینان سے دونوں زانوں بیٹھ گئے۔ نام یا تصویر یا تصور مطلوب کا سامنے رکھیں۔

اب ایک لمبی سانس اندر کو کھینچیں اور تصور کریں۔ کہ مطلوب میری سانس کے ساتھ کھینچ آیا۔ اور میرے قلب میں چلا گیا۔ اب سانس کو روکیں جس قدر قوت ہو۔ اب آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالیں۔ دو ایک سانس چھوڑ چھوڑ کر پھر ایک لمبی سانس اندر کشید کریں۔ اور تصور وہی رہے۔ یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو جائے۔ آفتاب غروب ہونے پر مشق کو ترک کر دیں۔

روزانہ اس عمل کو مقررہ وقت پر کریں۔ ناغہ ہرگز نہ ہونے دیں۔ انشاء اللہ چند روز میں مطلوب آتشِ محبت سے بھڑک اٹھے گا۔ اس عمل میں کسی طرح کی پرہیز نہیں دورانِ عمل اپنا منہ مشرق کی طرف رکھیں۔

حاضری مطلوب (سیکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ)

عمل :-

فرعون ۔ ہامان ۔ شداد ۔ ابلیس ۔ لعین ۔ قارون
لشکر فرعون غرق شد

ترکیب :- حب کا یہ عمل بہت ہی مجرب المجرب ہے ۔ اور ہمارا سیکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے ۔ لیکن عامل کو اس عمل سے کام لینے کے لیے پہلے اسکی زکواۃ ادا کرنا پڑے گی ۔ زکواۃ کی ترکیب یہ ہے ۔کہ ۵۰۰ بار طلوع آفتاب اور ۵۰۰ بار غروب آفتاب کے بعد روزانہ پندرہ یوم تک پڑھیں ۔ وقت اور جگہ کی پابندی لازمی ہے ۔ ناغہ ہرگز نہ ہو انشاءاللہ پندرہ روز کے بعد اسکی زکواۃ ادا ہو جائیگی ۔

اس مقصد کے لیے سب سے پہلے مطلوب کی تصویر حاصل کریں ۔ اگر تصویر مل جائے تو بہت ہی بہتر ہے ۔ کیونکہ تصویر پر عمل کا اثر بہت جلد ہوتا ہے ۔ اگر تصویر نہ مل سکے تو پھر کاغذ پر فرضی تصویر بنا لیں ۔ تصویر کے بائیں کندھے پر لفظ فرعون لکھیں ۔ اسی طرح دائیں کندھے پر لفظ فرعون لکھیں ۔ پھر دائیں ران (پٹ) پر فرعون اور بائیں ران (پٹ) پر بھی فرعون لکھیں ۔

پھر خوشبو لگا کر دروازے کے باہر چوکھٹ پر کھڑے ہو کر بائیں ہاتھ پر تصویر والا تعویذ پکڑ کر جانب مطلوب کی طرف منہ کر کے جلا دیں ۔ راکھ کو بائیں پاؤں سے مسل دیں تاکہ عمل میں زور پیدا ہو ۔

ایک پیراٹھا تین روز کے اندر اندر کالے کتے کو کھلا دیں ۔ ایک نقش بائیں بازو پر باندھنا ہے ۔ اور صبح و شام اس نقش کو بازو سے کھول کر بائیں ہاتھ سے ۲۱ جوتے

ماریں۔ پھر جوتے مار اپنا مقصد بیان کریں۔ پھر اس نقش کو بازو پر باندھ لیں۔ تعویذ کی حفاظت ضروری ہے۔ ورنہ غائب ہو جائیگا۔ یاد رہے کہ دوران عمل مطلوب کا تصور انتہائی ضروری ہے۔ وقت اور جگہ کی پابندی نہایت ضروری ہے۔ انشاء اللہ چند روز میں مطلوب کے دل میں محبت کی آگ بھڑک اٹھے گی۔ اور وہ کتے کی طرح پیچھے پیچھے آئیگا۔ یہ عمل ہمارا بار بار کا آزمودہ ہے۔ اسکی تعریف کرنا راقم الحروف کے بس کی بات نہیں ہے۔

ایک راز :- اس عمل کا تجربہ سینکڑوں لوگوں پر کیا گیا۔ جو کہ اپنے اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اس دوران مجھے بہت سے تجربات حاصل ہوئے ہیں۔ جن کی روشنی میں میرا حتمی فیصلہ یہی ہے۔ کہ ایسے لوگ جو کہ جادو سحر آسیبی اثرات میں مبتلا ہوں۔ اور ہر طرح کی بندش لگی ہوئی ہو۔ کاموں میں رکاوٹیں ہوں۔ وہ اس عمل کو ضرور کریں۔ جادو سحر آسیبی اثرات اور بندش سے بھی نجات ملے گی۔ اور مقصد بھی حل ہو جائیگا۔

قارئین کے لیے یہ عمل ایک عظیم الشان تحفہ کے طور پر خاص پیش کیا گیا ہے۔ صاحب صلاحیت قارئین کے لیے یہ تحفہ ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ جس کی قدردانی کی امید کی جاتی ہے۔ کیونکہ ایسے اعمال برسوں ٹھوکریں کھانے کے بعد بھی نہیں ملتے۔

حاضرات سورۃ المزمل شریف (تجربہ شدہ)

حاضرات کا یہ عمل جنات کا ہے۔ جس کے صحیح ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔
یہ عمل کسی ویرانے میں جا کر کرنا ہے۔ گھر کی نسبت ویرانے میں ڈر خوف زیادہ
آتا ہے۔ اسلئے اس عمل کو باہمت افراد ہی کر سکتے ہیں۔ کامیابی کی صورت میں
سب نعمتیں میسر آئیں گی۔ جو کام آپ جنات سے کہیں گے۔ وہ چشم زدن میں
پورا کریں گے۔ خزانے لا کر دیں گے۔ پل پل کی خبریں دیں گے۔ روپیہ پیسہ
کا ڈھیر لگا دیں گے۔ لیکن خبردار دنیاوی لالچ کو قریب نہ آنے دیں۔ جو
کام شریعت میں شامل نہ ہونگے۔ اگر جنات سے لیجے گا۔ تو جنات دوستی کا دروازہ
ہمیشہ کیلئے بند کر کے دشمنی کا دروازہ کھول دیں گے۔ پھر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا
جنات تابع کرنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں۔ تاہم ترکیب لکھی جا رہی ہے صاحب صلاحیت
و صاحب ہمت لوگ اللہ کے بھروسہ پر قسمت آزما سکتے ہیں۔ عمل اپنی جگہ پر لیکن
کامیابی اللہ کے فضل ہی پر موقوف ہے۔ دعا گو ہوں۔ کہ رب العزت آپ کو
کامیابی سے ہمکنار کرے۔

ترکیب

سب سے پہلے اس عمل کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں۔ جو آبادی سے دور ہو۔
مکمل تنہائی ہو۔ آنے جانے وقت یا عمل کرتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو نہ دیکھے
عمل شروع کرنے سے قبل اپنے گرد حصار کریں۔ تاکہ دل کو تسلی رہے۔ نوچندی جمعرات کو
بعد از نماز عشاء سورۃ مزمل شریف کو چالیس مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں
اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
دوران عمل عامل کو روزانہ ڈراؤنی صورتیں نظر آیا کریں گی۔ اور عمل

بند کرانے کی بھرپور کوشش کریں گی۔ اس کے علاوہ سانپ بچھو اور خونخوار درندے بھی حصار کے باہر نظر آئیں گے۔ اور عامل کو ڈرانے کی کوشش کریں گے۔ بس عامل کو چاہیے۔ کہ وہ اپنے کام میں مشغول رہے۔ اور ان کی طرف دھیان نہ دے۔ جو کچھ ہوگا وہ حصار کے باہر ہی ہوگا۔ حصار کے اندر یہ چیزیں آنے کی قدرت نہیں رکھتی۔ دوسرا یہ سب نظری دھوکا ہوتا ہے۔ حقیقت سے اس چیز کا دُور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔ عامل اگر خود ہی ڈر گیا۔ اور حصار سے باہر نکل گیا۔ تو پھر خیر نہیں۔ جو قسم بری آفت میں گرفتار ہو جائیگا۔ اور پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔ اسلئے عمل کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لینا چاہیے۔ کہ میں اسکو کر بھی سکوں گا یا نہیں؟

عمل کے اختتام پر جنّوں کا سردار حاضر ہوگا۔ جس کے ساتھ اور بھی جنّات ہوں گے۔ وہ آکر حصار کے باہر کھڑے ہو جائیں گے۔ اور جنّوں کا سردار آپ سے پوچھے گا کہ ہمیں کیوں بلایا ہے۔ آپ اس سے کہیں۔ کہ میں دنیاوی کاموں اور جائز کاموں میں آپ سے مدد لینا چاہتا ہوں۔ وہ آپ سے کچھ شرائط طے کریں گے۔ اور بطور نشانی ایک انگوٹھی دیں گے۔ اور حاضری کا طریقہ بتا دیں گے۔

پرہیز :۔ دورانِ عمل جلالی و جمالی دونوں طرح کی پرہیز کریں۔

انتباہ :۔ ایسے لوگ جو کہ جادو کے اثرات میں مبتلا ہوں۔ وہ اس عمل کو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا احتمال ہے۔

قرض واپس لینا

اس بھری دنیا میں جہاں لاتعداد مسائل ہیں ۔ ان میں سے ایک مسئلہ قرض واپس لینے کا ہے ۔ آج کل کے دور میں کسی کو دیا ہوا قرض واپس لینا انتہائی مشکل کام ہے ۔ قرض واپس مانگو تو لوگ اُلٹے دُشمن بن جاتے ہیں ۔ بعض لوگ قرض لے کر فرار ہو جاتے ہیں ۔

ہم قرض واپس لینے کے لیے ایک انتہائی لاجواب عمل پیش کر رہے ہیں ۔ اس عمل کی برکت سے قرض واپس مل جائے گا ۔ اگر کوئی شخص قرض لیکر فرار ہو گیا ہو ۔ تو وہ بھی واپس آکر قرض ادا کرے گا ۔
عمل یہ ہے ۔

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ؕ

ترکیب : ۔ بعد از نمازِ عشاء روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اس عمل کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں ۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں دورانِ عمل قرض واپس لینے کا تصور کریں ۔

اسی طرح اس عمل کو ۲۱ روز تک پڑھیں ۔ انشاء اللہ ۲۱ روز کے اندر اندر قرض واپس مل جائے گا ۔ اگر دورانِ عمل قرض واپس مل جائے ، تو عمل کو چھوڑ دیں ۔ خواتین ناغہ کے دنوں میں اس عمل کو ہرگز نہ پڑھیں ۔
(یہ عمل حضرت خواجہ غریب نوازؒ سے منسوب ہے ۔ جو کہ بڑے روحانی مرشد ہیں)

کشف القبور کا مجرب عمل (آزمودہ)

اگر کوئی شخص کسی روح سے ملاقات کرنے کا خواہش مند ہو۔ اور اس سے اپنے نیک و بد حالات دریافت کرنا چاہتا ہو۔ تو خلوص نیت اور مکمل یقین کے ساتھ نوچندی جمعرات کو خوب اچھی طرح غسل کرے۔ اور پاکیزہ لباس پہن کر خوشبو لگائے۔ اور تہجد کے وقت جس روح سے ملاقات کرنی ہو۔ اسکی قبر کے سرہانے اس طرح باوضو حالت میں کھڑا ہو کر قبر اور اس کے مابین کوئی حجاب نہ ہو۔ دو رکعت نفل نماز قبلہ رُخ منہ کر کے اس طرح سے پڑھے۔ کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ پھر جب سلام پھیرے تو ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اور خلوص دل سے بارگاہ الہٰی میں روح کے حاضر ہونے کی دُعا مانگے۔ پھر ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اور تین مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے۔ اس سورۃ کو پڑھتے ہوئے جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پر پہنچے تو اس آیت مبارک کو سات مرتبہ نظر قبر کی طرف اُٹھا کر اور مخاطب ہو کر پڑھے۔ جب سورہ ختم کرے تو ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔

انشاءاللہ روح سامنے آجائے گی۔ ہرگز گھبراہٹ کا مظاہرہ نہ کرے۔ بلکہ اس سے جو بھی بات کرنا چاہتا ہے کرے۔ مگر اخلاقی حدود و قیود کے اندر رہتے ہوئے اس سے نیک و بد حالات کے بارے میں پوچھ سکتا ہے۔

نوٹ :۔ آسیبی امراض کے لوگ اس عمل کو ہرگز نہ کریں۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

کاروبار میں بندش ختم کرنے کا مجرب عمل

اگر جادو سحر آسیبی اثرات کی وجہ سے کسی کا کاروبار بند ہو۔ یا کسی مخالف نے سفلی علم کے ذریعے بند کر دیا ہو۔ تو ترکیب اس کی یہ ہے۔ کہ کاروبار کی جگہ پر طلوع آفتاب سے پہلے جائیں۔ اور ایک مرتبہ سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر دکان کے دروازے پر دم کر دیں۔ پھر پانچ قدم پیچھے لوٹ کر دونوں جوتے اتاریں۔ اور جوتوں کو ہاتھ میں لیکر تین بار اس طرح جھاڑیں۔ کہ دونوں جوتوں کے تلوے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔

اس عمل کو اسی طرح سات دن تک کریں۔ انشاءاللہ بندش سے پوری طرح نجات مل جائیگی۔ خیال رہے۔ کہ عمل کرتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز نہ دیکھے۔ یہ عمل انتہائی مجرب اور تجربہ شدہ ہے۔ جن لوگوں کی کاروبار میں بندش ہے۔ وہ اس عمل کو ضرور کریں۔

زبان دراز بیوی کیلئے اگر کسی کی بیوی زبان دراز ہو۔ گھر میں ہر وقت جھگڑا فساد کرتی ہو۔ تو اس کے سر کے سات بال لے کر ان میں سات گرہ لگائیں۔ اور ہر گرہ میں ۷۲ مرتبہ یہ عمل پڑھ کر پھونک دیں۔ پھر ان بالوں کو بہتے پانی میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ بیوی کی زبان درازی سے پوری طرح نجات ملے گی۔

عمل مبارک یہ ہے۔

یَا وَدُوْدُ یَا حَافِظُ یَا بُدُّوْحُ

رہائی قیدی (تجربہ شدہ)

اکثر دیکھا گیا ہے۔ کہ بعض مخالف قسم کے لوگ مردوں کو جھوٹے کیسوں میں پھنسا دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ بے گناہ لوگ جیلوں میں چلے جاتے ہیں اگر کسی خاتون کے ساتھ ایسا مسئلہ ہو۔ تو وہ اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاء اللہ ۴۱ روز کے اندر اندر قیدی رہا ہو جائیگا۔

عمل یہ ہے :۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ

نوچندی جمعرات بعد از نماز فجر اس عمل کو شروع کرنا ہے۔ اس عمل کے لیے کمرہ بالکل علیحدہ ہو۔ اور عمل کے شروع سے لیکر تا اختتام عمل اس میں کوئی دوسرا شخص داخل نہ ہو۔ روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی لازمی ہے۔

آیت کریمہ کو روزانہ ۴۱ مرتبہ ۴۱ دن تک پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ناغہ ہرگز نہ ہو۔ دوران عمل قیدی کی رہائی کا تصوّر ضروری ہے۔

اور اس آیت کے دو عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش قیدی اپنے پاس رکھے۔ اور ایک نقش کو گھر میں کسی درخت کے ساتھ باندھ دیں۔ اگر درخت نہ ہو تو پھر نقش کو کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ تاکہ ہوا سے ہلتا رہے۔

نقش اگلے صفحہ پر لکھا گیا ہے۔۔۔

نقش اس آیت کا اس طرح بنے گا ۔

٧٨٦

لا	الله	الا	انت	سبحانك
الله	الا	انت	سبحانك	انى
الا	انت	سبحانك	انى	كنت
انت	سبحانك	انى	كنت	من
سبحانك	انى	كنت	من	الظالمين

نوٹ : نقش لکھتے وقت زیر زبر ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

خصوصی ہدایات خواتین کے لیے یہ بات ضروری ہے ۔ کہ وہ اس عمل کو ناغہ کے دنوں میں ہرگز نہ پڑھیں ۔ اگر عمل کے دوران ایام ہو جائیں تو عمل کو چھوڑ دیں ۔ اور ناغہ کے دن بعد میں پورے کریں :۔

٢۔ اگر تصور قائم نہ ہو ۔ تو قیدی کی تصویر سامنے رکھ لیں ۔ اگر دورانِ عمل مقصد پورا ہو جائے ۔ تو عمل کو چھوڑ دیں ۔

٣۔ دورانِ عمل مرد سے پرہیز ہوگی ۔

٤۔ عمل کو روزانہ پڑھنے کا ایک وقت مقررہ ہونا چاہیئے ۔ وقت آگے پیچھے نہ ہو اسی طرح جس کمرے میں عمل کرنا ہے ۔ وہ بھی تبدیل ہرگز نہ کریں ۔ ورنہ عمل کی تاثیر ظاہر نہ ہوگی ۔ ("ماخوذ کتاب خواتین کے مسائل کا روحانی حل")

بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کرنیکا عمل (آزمودہ)

نوچندی بدھ یعنی دن منگل کا ہو۔ اور رات بدھ کی ہو۔ سورۂ اخلاص کو تین صد مرتبہ (۳۰۰) پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ سب کچھ پڑھنے کے بعد اس کا ثواب اُن بزرگوں کی رُوح مبارک کو بخش دیں
جن سے آپ ملاقات کر کے مسائل کا حل پوچھنا چاہتے ہیں۔ یہ عمل بدھ۔ جمعرات۔ جمعہ تین راتوں تک کریں

انشاءاللہ آپ جس بزرگ کی ملاقات کے طالب ہوں گے
وُہ آپ سے خواب میں آکر ملاقات کریں گے۔

اس عمل کو آپ عشاء کی نماز کے بعد وتروں سے پہلے پڑھیں۔ عمل کے بعد بولنا کسی سے نہیں ہے۔ کمرہ علیحدہ اور پُرسکون ہو۔ بستر پاک صاف ہو۔ کمرے میں اگر بتیاں جلالیں۔ جب تک نیند نہ آئے۔ درود شریف بلا تعداد پڑھتے رہیں۔

انشاءاللہ تین راتوں میں سے کسی ایک رات میں ملاقات ہوجائیگی۔ عمل کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر بزرگوں کے نام کی فاتحہ دلا کر وُہ چیز چھوٹے بچوں میں تقسیم کر دیں۔ یہ عمل بہت ہی مجرب اور آزمودہ ہے۔ بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔
(یہ عمل حضرت سخی سلطان باہوؒ سے منسوب ہے)

قرض سے نجات کے لیے اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو۔ اور قرض لینے والے تنگ کرتے ہوں۔ تو قرض کی ادائیگی کے لیے اس ترکیب کو آزمائیں

ترکیب اس طرح ہے۔ کہ نوچندی جمعرات بعد از نماز فجر کو یَا فَتَّاحُ کو ایک ہزار مرتبہ ۱۱ روز تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ دورانِ عمل قرض کی ادائیگی کا تصور کریں۔ ان شاء اللہ ۱۱ روز کے اندر اندر غیب سے قرض کی ادائیگی کا وسیلہ بن جائیگا۔

قید سے نجات کے لیے اس سے قبل گذشتہ صفحات پر قیدی کی رہائی کے لیے ایک عمل اور نقش لکھا گیا ہے۔ اب جو نقش لکھا جا رہا ہے۔ یہ بھی قیدی کی رہائی کے لیے مجرب ہے۔۔

ترکیب یہ ہے۔ کہ درج ذیل نقش کو لکھ کر قیدی کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد ضمانت ہو جائیگی۔
نقش مکرم یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

د	م	ح	م
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	~~۹۲~~	۹۲

برائے دشمن (آزمودہ)

آجکل کے دور میں حسد اور جلن عام ہوگئی ہے۔ اور کسی بھی شخص کی جان اور عزت محفوظ نہیں ہے۔ لوگ خواہ مخواہ دشمنی پر اتر آتے ہیں۔ اور مختلف حیلے بہانوں سے شریف مردوں/عورتوں کو تنگ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض مردوں/عورتوں کی کچھ کمزوریاں دوسروں کے ہاتھ آجاتی ہیں۔ اور پھر یہ لوگ آئے دن بلیک میل ہی کرتے رہتے ہیں۔ بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ کسی طرح بھی باز نہیں آتے۔ جس کی وجہ سے شریف مردوں/عورتوں کا جینا دوبھر اور محال ہوجاتا ہے۔

اگر کسی مرد/عورت کے ساتھ ایسا مسئلہ ہو۔ تو اسکے لیے ایک خاص الخاص عمل لکھا جا رہا ہے۔ یہ عمل کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ دشمنوں کو تباہ و برباد کرنے اور سزا دینے کے لیے اپنی مثال آپ ہے۔

دوئم میں یہ بات بھی واضح کردوں۔ اس عمل کو جائز جگہ پر کریں۔ ناجائز کسی پر ظلم ہرگز نہ کریں۔ کیونکہ یہ جلالی عمل ہے۔ جو شخص ناجائز کرے گا۔ وہ یقیناً رجعت میں گرفتار ہوجائیگا۔ اور پھر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔ اس لیے عمل لکھنے سے پہلے اسکی وضاحت ضروری تھی۔ جو کہ میں نے کردی ہے۔

زوال ماہ یا قمر در عقرب دن ہفتہ یا منگل کا ہو۔ اس عمل کو شروع کرنا ہے۔ عمل پڑھتے وقت چھت سر پر نہ ہو۔ اس عمل کو کھلے آسمان کے نیچے پڑھنا ہے۔ عمل کے شروع میں بسم اللہ یا درود شریف ہرگز نہیں پڑھنا ہے۔

اگر دشمن کی تصویر آپ کے پاس ہے۔ تو اسکو سامنے رکھ لیں۔ ورنہ اسکا تصور کریں۔ یاد رہے کہ یہ عمل کھڑے ہوکر پڑھنا ہے۔ اگر دشمن کے گھر کا پتہ ہو۔ تو عمل کے دوران منہ اسکی طرف کرکے پڑھیں۔ ورنہ کسی طرف بھی منہ کر لیں۔

عمل مبارک کو ایک مرتبہ سات روز تک پڑھیں۔ ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد نیچے سے مٹی اٹھالیں۔ اور بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر پھونک مار کر دشمن کے گھر کی طرف اڑادیں۔ دوران عمل دشمن کو جو سزا دینی ہے۔ اسی طرح تصور کریں۔ روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی لازمی ہے۔

انشاء اللہ سات روز کے اندر اندر دشمن سے پوری طرح سے نجات مل جائیگی۔

عمل یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ الْمُھَیْمِنُ یَا نَاصِرَ النَّبِیِّ یَا دَافِعَ النَّوَائِبِ یَا قُوَّتَ قَوِیِّ یَا فَارِجَ الْغَلَاءِبِ یَا قَاتِلَ الْخُوِیِّ یَا قَھَّارُ قَاصِمُ الْعَدُوِّ یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا مُظْھِرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ —

نوٹ:۔ آسیبی مریض اس عمل کو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

۲۔ خواتین ناغہ کے دنوں میں یہ عمل ہرگز نہ کریں۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

۳۔ عمل کرنے سے قبل مجھ سے اجازت لینی شرط ہے۔ ورنہ عمل کام نہ دیگا۔ اور رجعت بھی یقینی ہے۔

برائے استخارہ جو بھی معلوم کرنا چاہیئے خواب میں معلوم ہوگا ۔ اور خواب میں مُردے سے ملاقات بھی ہو سکتی ہے ۔ بعد نمازِ عشاء دو رکعت نفل نماز پڑھیں ۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ والشمس سات بار دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ واللیل سات بار پڑھ کر مندرجہ ذیل نقش لکھیں ۔ اور اس کو تکیے کے نیچے رکھ کر سو جائیں ۔ مقصد کا خیال دل میں رکھیں ۔ ان شاء اللہ خواب میں جواب ملے گا ۔ اور اگر کسی مُردہ انسان سے ملاقات مقصود ہوگی ۔ تو ملاقات ہوگی ۔ نقش مکرم یہ ہے ۔

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

امتحان میں کامیابی کیلئے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو موم جامہ میں پیک کر کے دائیں بازو پر باندھ لیں ۔
نقش مکرم یہ ہے ۔

۷۸۶

۱۵۵۹	۱۵۶۴	۱۵۶۶	۱۵۵۲
۱۵۶۵	۱۵۵۳	۱۵۵۸	۱۵۶۳
۱۵۵۴	۱۵۶۸	۱۵۶۰	۱۵۵۷
۱۵۶۱	۱۵۵۶	۱۵۵۵	۱۵۶۷

برائے حُبّ | جمعرات یا جمعہ کے دن اس نقش کو لکھیں اور اس کے بعد سورہ شمس کو سات بار پڑھ کر نقش پر دم کر دیں ۔ اور نقش کو کسی درخت کے ساتھ لٹکا دیں ۔ مجرّب اور آزمودہ نقش ہے ۔

انوخ انوخ انوخ طلوخ طلوخ طلوخ
ملیخ ملیخ ملیخ المرقو قلب کذا و کذا بحق
ہٰذہ الاسماء وبحق بلوح بلوح بلوح اجمعوا
بین الارواح والارواح یا من جمع بین آدم وحوا
اجمعوا بین کذا و کذا بحق ہٰذہ الاسماء فلاں بن
فلاں علیٰ حُبّ فلاں بن فلاں

برائے شادی | اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو ۔ رشتے نہ آتے ہوں ۔ تو اس نقش کو جمعرات والے دن پہلی ساعت میں لکھ کر گلے میں ڈال دیں ۔ ان شاء اللہ بہت جلد رشتہ طے ہو جائیگا ۔
نقش مکرّم یہ ہے ۔

۷۸۶

۱۱۳۱	۱۱۱۶	۱۱۳۸
۱۱۲۵	۱۱۲۸	۱۱۲۲
۱۱۱۹	۱۱۴۱	۱۱۲۵

خطا ہوگی (کام کی باتیں)

- آسیبی مرض کے مریض کو کسی قصاب کی دکان پر نہیں جانا چاہیے۔۔۔ ورنہ خطا ہوگی
- ایسا گھر یا مقام جہاں پر جنات قابض ہوں۔ وہاں پر کسی بھی معمول پر حاضرات ہرگز نہ کریں ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- ایسی جگہ یا گھر جہاں پر کسی کی موت غیر طبعی ہوئی ہو۔ وہاں پر حاضرات کے اعمال ہرگز نہ کریں۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- آسیبی مرض کے مریض پر اگر جنات حاضر ہوتے ہوں۔ تو گھر والے اُن جنات سے کسی طرح کی بھی بات چیت ہرگز نہ کریں۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- اگر گھر میں کوئی آسیبی مرض کا مریض ہو۔ تو اس جگہ پر حاضرات وغیرہ کے اعمال ہرگز نہ کریں۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- بروز جمعرات گوشت لیکر کسی ویرانے یا قبرستان کے قریب سے ہرگز نہ گزریں ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- اگر جنات کسی کے پاس آتے ہوں۔ پیسے دیتے ہوں کام کرتے ہوں۔ تو یہ راز کسی کو مت دیں۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- اگر کوئی شخص آسیبی مرض کا شکار ہے۔ تو اُس کو کسی مرنے والے کے گھر یا قبرستان میں نہیں جانا چاہیے۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- اگر دوران چلہ کوئی ذی روح حاضر ہو۔ تو اُس سے بات چیت مت کریں۔ جب تک کہ چلے کا اختتام نہ ہو۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- ایسے لوگ جو کہ آسیبی مریض ہوں۔ ان کو حاضرات یا دوسرے اعمال نہیں کرنے چاہیے۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔
- دوران چلہ کسی سائل کو تعویذات وغیرہ مالکو مت دیں۔ نہ ہی کسی آسیبی مریض کا علاج کریں۔ ورنہ خطا ہوگی۔۔۔

نوٹ: درج بالا تمام باتیں صد فی صد درست ہیں۔ جنکا ہم نے خود تجربہ کیا ہے۔ آپ بھی ان کو آزمائیں۔ اور ان پر عمل کریں۔

فالنامہ مسعود و مجرب

وقتِ ضرورت اپنے کام کیلئے نیک و بد کا اثر جاننے کیلئے وضو کر کے صدقِ دل سے اللہ کی مرضی ہر کام پر غالب ہونے کا یقین کر کے ذیل کے نقش پر طلبہ کی انگلی رکھیں۔ جس خانہ پر انگلی ہو۔ اس کا ثمرہ اسی عدد کے مطابق دیکھ لیں (واللہ اعلم)

۱۱۱	۱۲۲	۲۱۳	۲۲۴
۱۱۲	۱۲۱	۲۱۴	۲۲۳
۱۱۳	۱۲۴	۲۱۱	۲۲۲
۱۱۴	۱۲۳	۲۱۲	۲۲۱

۱۱۱ — خوش قسمتی کا نشان ہے۔ حصولِ زر اور ترقی کاروبار ہو۔ چاہنے والوں سے ملاپ ہو۔

۱۱۲ — طالع نحوست میں گرفتار ہو۔ جو کام کرنا چاہتے ہو۔ اسے ایک سال بعد کرو۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل کثرت سے پڑھا کرو۔

۱۱۳ — وقت اچھا آگیا ہے۔ سترہ دن میں خوشی دیکھنے کو ملے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالشُّکْرُ لِلّٰہِ ایک سو ایک بار روزانہ پڑھو۔

۱۱۴ — روزگار میں ترقی سفر مبارک ہو۔ ۵ ماہ بعد تمہارا نیک مقصد حاصل ہو۔

١٢١	یہ کام چھوڑ دو ۔ پاؤ پارہ قرآن روز تلاوت کرو ۔ تین ماہ بعد بہتر صورت نکلے گی ۔
١٢٢	شادی خانہ آبادی ہو ۔ دشمن مغلوب اولاد مسعود ایک منفعت بخش سفر پیش آئیگا ۔
١٢٣	کوشش کرتے رہو ۔ غیر معمولی ترقی اور عزت پاؤ گے ۔ اولاد کی فکر دور ہوگی ۔
١٢٤	تمہاری پیشانی پر داغ ہے ۔ ناقص وقت گزر گیا ۔ کام حسب دل خواہ اور اچانک خوشی ملے گی ۔
٢١١	تمہارے لیے مبارک اور نیک فال ہے ۔ دلی تمنا پوری ہوگی ۔ اعلیٰ جاہ و منصب ملے گا ۔
٢١٢	کسی کے دھوکے میں آنا ۔ چند روز صبر کرو ۔ امداد پہنچنے کے ایک ماہ کے اندر بگڑی بن جائیگی ۔
٢١٣	کسی کو زیر کرنیکی فکر و ایک سال تو قف سے دور ہوگی ۔ مال دار بیوی اور دولت کا لالچ مت کرو ۔
٢١٤	گمشدہ چیز مل جائیگی ۔ رشتہ داروں سے تکلیف دور ہو جائیگی ۔ ستارہ گردش سے نکل گیا ۔ بے فکر رہو ۔
٢٢١	تین برسوں سے جس فکر میں پڑے ہو ۔ اب دور ہوگی ۔ کمودن پہلے چوٹ لگی تھی ۔ ٢٥ دن میں سب ٹھیک ہو جائے گا ۔
٢٢٢	گھر میں لڑائی جھگڑا بیوی تیز مزاج کاروبار میں خسارہ ہر سنیچر اور منگل کو سورہ فتح بعد نماز عشاء پڑھیں ۔
٢٢٣	فال نیک نہیں ہے ۔ غیر مستقل مزاجی کیوجہ سے نقصان اٹھاتے ہو ۔ دلی ارادہ پورا ہونیکی توقع نہیں ۔ چند روز یا سمیع یا بصیر سو سو مرتبہ روزانہ پڑھو ۔
٢٢٤	یہ کام ہرگز نہ کرو نقصان ہوگا ۔ ارادہ بدل دو ۔ دوست دشمنی کر رہے ہیں ۔ پانچوں نمازوں کے بعد استغفار ایک تسبیح پڑھا کرو ۔

قارئین سے چند گذارشات

ملاقات کے لیے آنے والے حضرات سے گذارش ہے۔ کہ وہ کسی زحمت سے بچنے کے لیے فون پر پہلے ملاقات کا وقت طے کرلیں۔ ورنہ ملاقات نہ ہوگی

بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے۔ کہ وہ فون پر اپنے مسائل کا حل پوچھتے ہیں۔ اور عملوں کی اجازت مانگتے ہیں۔ عرض ہے۔ کہ فون سے زیادہ خطوط کو ترجیح دیں۔ جو آپ کا مسئلہ ہو۔ یا جس کسی عمل کی اجازت لینی ہو۔ اس کی تفصیل خط پر لکھیں۔ اور خط میں اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام ضرور تحریر کریں۔

بعض خواتین کی یہ عادت ہوتی ہے۔ کہ فون پر وہ اپنا نام نہیں بتاتی نہ ہی خط میں اپنا نام لکھتی ہیں۔ یاد رہے۔ جس خط میں نام نہ ہوگا۔ اس کا جواب نہیں دیا جائیگا۔

مصنف ملازم حسین (ماہر روحانیات) کی نئی جلد آنے والی کتب

خواتین کے مسائل کا روحانی حل

(مصنف ملازم حسین اسلام آباد)

خواتین کے مسائل پر مبنی ایک ایسی نایاب کتاب جس میں خواتین کے تمام مسائل کا حل بذریعہ عملیات و تعویذات پیش کیا گیا ہے ۔

رشتوں کا نہ آنا	بچوں کا رونا ڈرنا	مردوں کی غیر عورتوں سے دوستی
شادی میں رکاوٹیں	نظر بد	مردوں کی غیر عورتوں سے جدائی کرانا
پسند کی شادی	لیکوریا	مردوں کی دوسری شادی
نکاح باندھنا	مارنا پیٹنا گالی گلوچ دینا	خاوند محبت سے پیش آئے ۔
طلاق باندھنا	بلیک میل کرنا	شوہر کو اپنا تابعدار اور غلام بنانا
زبان دراز شوہر ساس نندیں	چھیڑ خانی	میاں بیوی کی ناچاقی
نکاح بند کرنا	برائے طلاق	محبت والا شوہر ۔
خون حیض کو روکنا	عورتوں کا بانجھ ہونا ۔	آوارہ و نافرمان اولاد
عقدِ فرج	عورت بستہ ۔	نرینہ اولاد
زبان دراز شوہر ۔	عورتوں پر جنات کا آنا ۔	آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو ۔
کند ذہن بچوں کے لیے	پاس ہونے کے لیے	عجیب الخلقت بچے
پیٹ میں بچہ سوکھ جانا	خاوند بیوی کو خرچہ نہ دے	خاوند کا گھر سے باہر رہنا ۔

بھاگی ہوئی لڑکی کو واپس بلانے کا عمل ۔ نافرمان شوہر خود بیوی کو آکر لے جائے ۔ خوبصورتی حاصل کرنے کے لیے ۔ شادی بیاہ کے معاملات ۔ برائے زبان بندی ۔ حمل باندھنا ۔ زنا باندھنا ۔ دستوراتی عمل حب ۔ عجیب طلسماتی نقش ۔ خواتین کے گھریلو ٹوٹکے اور اعمال ۔ جادو سحر کا پتہ لگانا ۔ پستانوں کا ڈھیلا پن ۔ کان ناک چھیدنا ۔ طلبی ہمزاد کا پیدا ہو ۔ گمشدہ چیز کے لیے ۔ برائے حفاظت اطفال ۔ نقش برائے جادو سحر آسیبی اثرات ۔ مخصوص جگہ پر ٹ دی کرنے کا عمل ۔ برائے ڈر خوف

اس کتاب سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے خواتین کو کسی چلہ کشی یا کسی
عمل یا تعویذات کی زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے۔ معمولی لکھی پڑھی خواتین بھی اس کتاب کی مدد
سے اپنے مسائل حل کر سکتی ہیں۔ مصنف کا دعویٰ ہے کہ اس کتاب کے ہوتے ہوئے۔ اب خواتین
کو کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت ہی نہ رہے گی۔

تمت بالخیر

حاضرات آسیب و جنات

مصنف جناب ملازم حسین ماہر روحانیات اسلام آباد

یہ کتاب جنات پر لکھی گئی ہے ● جنات کی حقیقت ● جنات کس طرح لوگوں پر مسلط ہوتے ہیں ● جنات کو دیکھنے کے طریقے ● جنات کو طابع کرنا ● مریضوں پر جنات کو حاضر کرنا ● جن کو بوتل میں بند کرنا ● جنات کو قید کرنا ● جنات سے نجات کے طریقے ● جنات کو جلانا ● گھروں سے جنات کو نکالنا ● جنات کا عورتوں پر عاشق ہونا ۔

ایک آسیبی علاقے کے ناقابل فراموش واقعات آسیب زرہ لوگوں کے ناقابل فراموش اور عقل کو چونکا دینے والے اور لرزا دینے والے واقعات ۔